
چوہدری اعتزاز احسن۔ جناب مجھے کل موقع دیا جائے۔

Mr. Chairman: OK. Aitezaz Ahsan Sahib, on 21st. Bhinder Sahib 21st. Now, yes. Manzoor Ahmad Gichki Sahib.----------

جناب منظور احمد گچکی۔ شکریہ جناب چیئرمین صاحب ۔ یہ روایت ہے کہ صدر کو speech دی جاتی ہے اور وہ حکومت کے بارے میں یا حکومت کی طرف سے دی گئی اس تقریر کو دونوں Houses کے سامنے پڑھتا ہے ۔ کبھی کبھی یہ بھی ہوتا ہے کہ صدر with consultation of the present Government اپنے نقطہ نظر کو بھی اس میں شامل کر لیتا ہے ۔ تقریر کو پڑھنے کے بعد جناب چیئرمین ! میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ حکومت کی طرف سے جو تقریر دی گئی صدر صاحب نے اس میں کچھ نہ کچھ اضافہ ضرور کیا ہے ۔

جناب چیئرمین ! میں صدر کے اس خطاب کو تین حصوں میں تقسیم کرتا ہوں جس میں انتظامیہ ، مالی امور اور فارن پالیسی ۔ سب سے پہلے تو میں اپوزیشن کو مبارک باد دیتا ہوں کہ اس دفعہ انہوں نے وہ مظاہرہ نہیں کیا جو پہلے کیا گیا تھا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ یہ بات سمجھ گئے ہیں کہ جمہوری رویہ کیا ہوتا ہے اور وہ بھی ایک سال کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک بہت بڑی پیش رفت ہے ۔ جناب چیئرمین ! صدر کا خطاب واحد موقع ہے کہ جس میں ممبران اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہیں اور اپنے ملکی اورغیر ملکی socio economical problems کو highlight کرتے ہیں اور خصوصاً سینٹ کے پاس تو ایک ہی occasion ہوتا ہے نیشنل اسمبلی کے پاس دو وقت آتے ہیں ایک بجٹ سیشن کا اور ایک Presidential Speech کا ۔

جناب والا ! یہ حقیقت ہے کہ آج ہم جس دو راہے پر کھڑے ہیں ہمیں اس کے بارے میں اس ملک کے عوام کے مستقبل کے بارے میں دونوں جانب سے بیٹھے معزز اراکین اور معزز لیڈران کو ایک راستہ نکالنا پڑے گا ۔ مسئلہ یہ نہیں ہے کہ ہم نے کتنے point score کرنے ہیں مسئلہ یہ ہے کہ ہم نے اس ملک کو کیسے بچانا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ گزشتہ کئی سالوں سے یہ جو

confrontation کی سیاست ہے اس سے اس ملک کو، اس کے جمہوری اداروں ، اس کے financial institutions کو اور خود State کے اپنے existence کو ایک خطرناک صورتحال کا سامنا ہے ۔ جناب والا ! آج کا مسئلہ پاکستان کی کسی حکومت کا نہیں ہے ریاست کا ہے ۔ یہ بد قسمتی سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو رہا ہے law and order کی صلاحیت کھو چکی ہے اور حکومت کا writ بحال کرنے کی بات ہے چاہے حکومت محترمہ بینظیر کی ہو اور چاہے حکومت نواز شریف کی ہو اور چاہے حکومت کسی ABCD کی ہے سوال یہاں یہ ہے کہ پاکستان جن بنیادی اصولوں پر قائم ہوا ہے اس کو ہم نے ہمیشہ نظر انداز کیا ہے۔1940 کی قرار داد اس کی اساس اور پھر اس کے بعد Delhi Resolution اس کی دوسری اساس ہے۔ اس کے بعد اگر آپ بانیان پاکستان کی مختلف اوقات کی speeches اور جو انہوں نے اظہار خیال کیا اس کو پڑھ لیں تو بات اس ملک کے لوگوں کے سمجھ میں بھی آئے گی اور جو اس ملک میں سیاست کر رہے ہیں ان کو بھی سمجھانے میں یا سمجھنے میں دقت پیش نہیں آئے گی۔

جناب والا! میں آپ کے لئے اسے نہیں پڑھوں گا اس لئے کہ آپ نے اسے پڑھ لیا ہے یہاں ایسے ممبر بہت ہیں جو ان resolutions سے ناواقف ہیں اور ان تقاریر سے ناواقف ہیں کہ جو قائد اعظم محمد علی جناح نے مختلف اوقات میں Assemblies کے اندر اور International media میں اور مختلف institutions میں کی ہیں۔ میں وقت بچانے کے لئے یہ سٹیٹ بنک میں Address کا ایک portion پڑھ کر سناتا ہوں جو قائداعظم محمد علی جناح نے اس موقع پر اپنی تقریر میں کہی۔

Quaid-e-Azam said "now if you want to make this great State of Pakistan prosperous , we should wholly and solely concentrate on the well- being of the people and specially of masses and the poor."

جناب والا! اس میں oppressed class کی بات آتی ہے 1940 کی قرار داد میں سٹیٹ کا لفظ استعمال کیا گیا اور اس سے federating units مراد لی جاتی ہے یعنی ان کے rights کے متعلق۔ Resolution میں صوبوں کے حقوق ' speeches میں poor masses کی بات ۔ پھر جناب چیئرمین یہ جو United States کے لوگوں سے 1948 میں خطاب کیا کہتے ہیں کہ

"I do not know what the ultimate shape of this Constitution is going to be but I

am sure that it will be a democratic type embodying the essential principles of Islam. Islam and its idealism have taught us democracy. It has taught us the equailty of man and fair play to every one. In any case Pakistan is not going to be a theocratic State, the new State would be a modern democratic State and sovereignty resting in the people."

جناب والا اس تقریر کے دو نکتے ہیں democracy and justice to all people کہ جس مذہب سے بھی ان کا تعلق ہو ۔ جناب چیئرمین! مسٹر ڈاؤن کیمبل کو بھی انہوں نے اس قسم کا interview دیا جو کہ Reutor کا نمائندہ تھا وہ بھی بالکل اس pattern پر ہے۔ جناب چیئرمین! اس ملک کی سب سے بڑی بدقسمتی یہ ہے کہ قائداعظم کے مرنے کے بعد یہ ملک Civil bureaucracy and military bureaucracy کے ہتھے چڑھ گیا۔ جناب چیئرمین! جمہوریت کی بجائے سازشی عناصر نے اس ملک پر قبضہ کر لیا۔ Pakistan Resolution کی جگہ کو Objective Resolution نے لے لیا اور جب تک قائد اعظم محمد علی زندہ تھے، تین مرتبہ اسے یہ پیش کیا گیا and he refused the Objective Resolution کہ میں اس کو part نہیں بناؤں گا۔ یہ لیاقت علی خان اور مولانا شبیر احمد عثمانی کے کارنامے تھے۔ یعنی پاکستان کی دو بنیادی اساس پر، دو نقاط پر، دو pillar پر، اس کے مرنے کے فوراً بعد حملہ کیا گیا۔

Maulana Abdul Sattar Khan Niazi: Question.

جناب منظور احمد گچکی: آپ زندگی بھر question ہی کرتے رہیں گے۔ مجھے پتہ ہے کتنے پانی میں ہیں مولانا صاحب۔ اور وہ بھی پتہ ہے کہ وزیر مسجد میں آپ نے کیا کیا۔

جناب چیئرمین: بہرحال جی no cross talk. You please continue your speech. آپ اپنی بات شروع کیجئے۔

جناب منظور احمد گچکی: وہ اپنی تقریر میں جو کہتے ہیں کہیں۔

جناب چیئرمین: نہیں نہیں ایک دوسرے کا احترام لازمی ہے۔

Mr. Manzoor Ahmed Gichki: Sir, why he is interrupting me.

جناب چیئرمین: نہیں نہیں احترام بہت ضروری ہے ایک دوسرے کا۔ So, please continue with your speech.

جناب منظور احمد گچکی: جناب چیئرمین! آپ نے بانی پاکستان سے یا ان کے کسی بھی ساتھی سے یا جنہوں نے اس idea کو create کیا یا float کیا' کبھی بھی ان چاروں pillars کے علاوہ کوئی دوسری بات نہیں سنی ہوگی۔ یقیناً پاکستان مسلمانوں کا ملک ہے اور مسلمانوں کے لئے ہی وجود میں آیا۔ لیکن کسی نے آج تک یہ نہیں کہا کہ This will be atheocratic State. جناب چیئرمین! اگر یہ theocratic State بننے جا رہا تھا اگر یہاں ملائیت اور پاپائیت کو جنم دیا جا رہا تھا تو میں ان ملا اور پاپائیوں سے پوچھ سکتا ہوں کہ جب struggle چل رہی تھی پاکستان کی creation کی تو انہوں نے اس کی مخالفت کیوں کی۔ پاکستان کے ان تمام مذہبی جماعتوں نے جو matter کرتے تھے' میں matter کا لفظ اس لئے استعمال کر رہا ہوں کہ کچھ مجھیں لوگ' کہ جو matter کرتے تھے' انہوں نے اس کی مخالفت کی۔ اگر یہ theocratic State بننے جا رہا تھا تو انہوں نے اس کی مخالفت کیوں کی۔

جناب چیئرمین! اس ملک کی دوسری سب سے بڑی بدقسمتی یہ ہے کہ اس کے وجود میں آتے وقت نیم جاگیرداری اور نیم قبائلی نظام یہاں پر مسلط تھا۔ اسمبلیوں میں بھی وہی لوگ آئے' انہوں نے وہ قوانین بنائے کہ جو ان کو suit کرتے تھے اور پھر ستم کی بات یہ ہے کہ اس ملک میں جب دو مرتبہ مارشل لاء لگا دیا گیا تو پھر بیوروکریسی اور ملٹری دونوں مکمل طور پر اس ملک پر قابض رہے۔ یہ چیختے چلاتے ہیں اور ہمیں disturb کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: آغا صاحب ذرا اپنی جگہ پر بیٹھیں' وہ کہتے ہیں میں disturb ہو رہا ہوں۔

جناب منظور احمد گچکی: جناب چیئرمین! اس ملک میں غیر جمہوری قوتوں کا عمل دخل 52ء سے ہے یا 50ء سے ہی شروع ہوا۔ وہ اس لئے کہ پاکستان کی تاریخ میں اگر آپ دیکھیں کہ Chief of the Army Staff وہ Defence Minister بنا ہے۔ لیاقت علی خان کے بعد چوہدری محمد علی' غلام محمد' سکندر مرزا' ایوب خان یہ ایک پورا سلسلہ ہے' وہ سلسلہ civil and military bureaucracy کا ہے۔

جناب چیئرمین! اس ملک کی فارن پالیسی کو امریکہ کے زیر سایہ رکھا گیا۔ اس ملک

کی سیاست کو ، اس mandate کے تحت چلایا گیا جو وہ دیتے تھے اور اس حد تک اس ملک کو ، اس سٹیٹ کے لوگوں کو مجبور کیا گیا کہ جو بھی mandate and direction وائٹ ہاؤس سے نکلتی تھی ، اسے انہیں پورا کرنا پڑتا تھا ۔ اس حد تک کہ ہماری جو independent foreign policy ہونی چاہئیے تھی ، وہ ہی تیار نہیں ہو سکی ۔ شروع سے ایک سازش یہ چلی آ رہی ہے کہ اگر اس ملک میں جمہوری ادارے قائم ہوں تو یہ ان کے interests کے خلاف ہے جو غیر جمہوری ذہن رکھتے ہیں۔ یہ اس ملک میں اس قدر مضبوط ہیں کہ وہ سال دو سال انتظار نہیں کر پاتے ۔ directly or indirectly خود کود پڑتے ہیں یا اپنے بغل بچوں کے ذریعے اس ملک کی حکمرانی پر قبضہ کر لیتے ہیں ۔

جناب چیئرمین ! بد قسمتی یہ ہے کہ اس ملک میں ہم جیسے پولٹیکل لوگ جو جمہوریت کی تھوڑی بہت a b c سمجھتے ہیں ، ہمارے لئے تو حیران کن مرحلہ ہے کہ ہم کون سا طریقہ کار اختیار کریں کہ جس کے تحت ہم اپنے political role کو play کریں ۔ہم تو ہمیشہ یہ دیکھتے ہیں بقول ایک شاعر

روز رات کی دہلیز پر نہ جانے کیوں
ہوس میں ڈوبا ہوا آفتاب ملتا ہے

جب بھی جمہوریت میں تھوڑی بہت پیش رفت ہوتی ہے تو وہ لوگ ملک میں کوئی نہ کوئی ایسا بہانہ ، کوئی نہ کوئی ایسا طریقہ کار اختیار کرتے ہیں کہ جس سے عوام کا حق حکمرانی ختم ہو اور خواص کا حق حکمرانی رہے۔

جناب والا ! کیا اس ملک کی تقدیر میں ہے کہ ہم ہر ڈیڑھ سال کے بعد یہاں الیکشن کروائیں ۔ کیا اس ملک کی تقدیر میں ہے کہ ہم ایک دوسرے کے گریبان پر ہاتھ ڈالیں ۔ کیا یہ اس ملک کی تقدیر میں ہے کہ ایک فرقہ دوسرے فرقہ کے لوگوں کو قتل کرے ۔ کیا اس ملک کی تقدیر میں ہے کہ یہاں کی oppressed class زندگی بھر نان شبینہ کی محتاج ہو ۔

جناب چیئرمین ! میں سمجھتا ہوں کہ یہ کوئی دیوار پر لکھی ہوئی چیز نہیں ہے کہ ہونا یہی ہے ۔ اس ملک کے پولٹیکل لوگوں کو اس ملک کی تقدیر بدلنا ہوگی۔ ان کا یہ فرض بنتا ہے کہ وہ اس ملک کی تقدیر کو بدلیں ۔ وہ اس ملک میں ان تمام عوامل کو discourage کریں کہ جن کے بارے میں وہ سمجھتے ہیں کہ یہ اس ملک کے عوام کے خلاف سازشوں میں مصروف ہیں ۔

جناب والا ! میں یہ نہیں کہوں گا کہ " الف " نے کیا کیا اور " ب " نے کیا کیا۔ 47 سال سے اس ملک میں جو کچھ ہو رہا ہے۔ کسی نے اس ملک کو بخشا نہیں لیکن سب سے بڑا ظلم و ستم یہ رہا کہ اس ملک کے ان اداروں کو مفلوج کیا گیا کہ جن اداروں کے طفیل یہ ملک اس خطے میں بین الاقوامی طور پر ماڈل سٹیٹ کی حیثیت سے ابھر سکتی تھی ۔ آج جو کچھ ہو رہا ہے ۔ آج مذہبی منافرت جو پھیل رہی ہے ۔ آج اس ریجن میں جو بہت بڑی سازش ہو رہی ہے یہ اس لئے ہو رہی ہے کہ ہم نے ان اصولوں سے انحراف کیا ۔ ہم نے ان اصولوں کو مانا ہی نہیں ۔ ان کی پریکٹس ہی نہیں کی۔ جناب والا! مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے ۔ کل کسی نے کہا کہ ہم تو ایک temporary phase کے لئے حکومت میں گئے تھے ۔ جناب والا! یہ ان پولٹیکل پارٹیز سے سب سے بڑا سوال ہے کہ ایک جمہوری شخص ، ایک جمہوری پارٹی ایک گھنٹے کے لئے مارشل لاء حکومت میں نہیں رہ سکتی ۔جو شخص یا جو پولیٹکل پارٹی ایک گھنٹے کے لئے مارشل لاء حکومت join کرتا ہے ۔ میرے نزدیک وہ جمہوریت کا جو دعویٰ کرتا ہے اس کی نفی کرتا ہے ۔ ان پولٹیکل پارٹیز کے لوگ یہ بھی مانتے ہیں کہ بھٹو کے ساتھ ہمارے مذاکرات کامیاب ہو گئے تھے ۔ صبح جا کر معاملہ کچھ اور ہو گیا ۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس کے بعد اس regime کو join کرنے کا logic کیا ہے ۔ ان میں بہت سے ایسے لوگ ہیں جو اس جانب بھی بیٹھے ہوئے ہیں ۔ یہ question کرتے ہیں ۔ یہ ان کی ایمانداری کی پرکھ ہے کہ ایک جمہوریت پسند ، جمہوری پارٹی کبھی بھی مارشل لاء میں ایک گھنٹہ ایک سکینڈ بھی نہیں رہ سکتی ۔ کیونکہ ڈکٹیٹرشپ جمہوریت کی نفی ہے۔ جناب والا! یہاں تو ہر چیز نرالی ہے ۔ جب آپ کی باری ہو تو آپ justification دیں گے ۔ جب میری باری ہو تو میں justification دیتا ہوں ۔ یہ کہنا کہ جی فلاں وقت میں اس نے یہ کیا ۔ فلاں وقت اس نے یہ کیا ۔ تو اس لئے ہم بھی کرتے ہیں تو ایک با اصول انسان میں اور بے اصول انسان میں فرق کیا ہے۔ میں اس فورم کے ذریعے سے موجودہ حکومت سے گزارش کروں گا ان سے تو گلہ کرنا بیکار ہے ۔ اس لئے کہ یہ ابھی تک جمہوریت کی اے بی سی کو سمجھ رہے ہیں لیکن جو جمہوریت کے دعوٰی دار ہیں وہ تو اس کو پریکٹس کریں ۔ انہوں نے تو یہ کبھی نہیں کہا کہ ضیاء الحق سے ہم کوئی الگ چیز ہیں لیکن آپ نے تو کہا کہ ہم ضیاء الحق سے الگ چیز ہیں ۔ اگر آپ بھی وہی پریکٹس کریں گے تو پھر آپ کے عمل اور اس کے عمل میں ایک جیسی بات ہو تو پھر فرق کیا رہے گا۔ جناب چیئرمین ! یہ ریجن اس وقت ایک بہت

سازش کی لپیٹ میں ہے ۔ جو واقعات کل رات ہوئے ۔ اس سے پہلے کچھ دن ہوئے اور آپ کے ارگرد جس طرح جنگی جنون کی ایک فضا ہے ۔ یہ اس ریجن کو لے ڈوبے گا ۔۔

جناب چیئرمین۔ آپ کے پانچ منٹ اور ہیں۔

جناب منظور احمد گچکی۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ مل بیٹھ کر ہمیں ان تمام پرابلمز کا حل تلاش کرنا ہے۔ ہم اپنے آپ کو اس سازش کا حصہ نہ بنائیں ۔ کل جو مصر کے سفارت خانے میں ہوا ہے ۔ .It is a big conspiracy اس سے پہلے جو فوجی پکڑے گئے It is a big conspiracy یہ تو continuation ہے ۔ start ہے ۔ اس ریجن کو fundamentalism کے حوالے کرنے کا۔ سوائے ایک reactionary عمل کے باقی کسی چیز کو جانتے نہیں ۔ یہ ایک بہت بڑی سازش ہے ۔ اس ریجن میں geographical changes کا ۔ جناب چیئرمین ! خدا نہ کرے کہ افغانستان ٹوٹے ۔ اور جس دن افغانستان ٹوٹا ۔ یہ سیلاب کی طرح اس پورے ریجن کو بہا کر لے جائے گا ۔ یہ یہاں نہیں رکے گا خیبر ' بلکہ آسام تک جائے گا ۔ اس پورے ریجن کے پورے geographical situation کو change کرے گا۔

جناب چیئرمین ! میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں دانستہ طور پر جو & political economic unstability پیدا کی جارہی ہے ۔ اس کے پیچھے بہت بڑی سازش کارفرما ہے۔ ایک ملک کو آج ہتھیار کے ذریعے سے مفلوج نہیں کرسکتے ۔ لیکن ایک ملک کی economy کو آپ ختم کریں گے ۔ تو آپ اس کو مٹائیں گے ۔

جناب چیئرمین ! کراچی میں جو واقعات ہو رہے ہیں ۔ اب آپ مجھے ایک بات بتائیں کہ جو شخص ایک دن کی مزدوری پر زندہ ہے اس نے کونسا قصور کیا ہے کہ باجماعت جاکر اس کا قتل عام کردیں ۔ یہ کونسی انسانیت کی ڈکشنری میں ہے یہ کونسی آزادی کی تحریک ایسی ہے جو ایک انسان کو جو نان شبینہ کا محتاج ہے ' جو پچاس روپیہ نہیں کماتا ہے ۔ لائن میں کھڑا کرکے قتل عام کرتے ہیں ۔ اور کہتے ہیں جی کہ جمہوریت ' انسانیت پامال ہورہی ہے۔ human rights کی violation ہو رہی ہے ۔ جی فلاں آدمی جیل میں ہے ۔ فلاں آدمی جی torture ہو رہا ہے۔ جناب والا ! جب انسان ' انسان نہیں رہتا ' تو انسانیت کہاں رہے گی۔ جب لوگوں کو قتل کیا جاتا ہے تو اس سے بڑی human rights کی violation اور کیا ہو سکتی

ہے ۔ کراچی میں جو کچھ ہو رہا ہے جناب والا !اس میں یقیناً " RAW " کا ہاتھ ہے۔ لیکن جناب چیئرمین ! یہ جو چہرے آپ دیکھتے ہیں دوسری جانب ' میری چھٹی حس یہ بتاتی ہے۔ جب تک لوگ ساتھ نہ ہوں ۔ جب تک " RAW" کو encourage نہ کیا جائے ۔ اس وقت تک کراچی میں یہ تمام problems create ہو ہی نہیں سکتے ۔ میں آپ کے توسط سے ' سینٹ کے توسط سے ' اس ملک کے تمام دانشوروں سے 'پڑھے لکھے طبقے سے ' political elements سے یہ بھیک مانگتا ہوں کہ خدا را اس ملک کی قسمت سے کھیلنے والوں کے خلاف متحد ہو جائیے ۔ ورنہ آپ بہت late ہوں گے ۔ پھر یہ کہنا کہ کاش کہ ہم یہ کرتے وہ کرتے ۔ آپ اتنے لیٹ ہو گئے ہوں گے کہ آپ تاریخ کا ایک حصہ بن جائیں گے ۔ میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لیتا ۔ شکریہ ۔

جناب چیئرمین۔ابھی دو منٹ آپ کے ہیں ۔

جناب منظور احمد گچکی۔جناب والا ! اگر ہیں تو میں اور معروضات کچھ پیش کروں گا ۔ جناب والا ! میں یہ سمجھتا ہوں کہ حکمرانوں کو اس ملک کے عوام کو اپنے اعتماد میں لینا چاہئیے ۔ جب تک عوام کا اعتماد نہیں ہوگا ۔ اس وقت تک سیاسی اور معاشی unstability رہے گی ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ پاکستان میں آج یہ موجودہ آئین جو ہمارے سامنے ہے اس میں اتنے تضادات ہیں ان کو ختم کرنا پڑے گا ۔ اتنی contradictions ہیں' مل بیٹھ کر اس آئین کے اندر تمام تضادات کو دور کرنا پڑے گا جو ہم سمجھتے ہیں کہ یہ پارلیمانی سسٹم اور عوام کے مفاد کے خلاف ہیں۔ جناب والا ! اعتماد کا ایک دوسرا طریقہ یہ ہے کہ اس ملک کے federating units کے rights کو خدا را چھیننے کی کوشش مت کریں۔ جناب چیئرمین! ملک مقدس ہوتے ہیں۔ لیکن سب سے زیادہ مقدس چیز جو ہے وہ انسان کی اپنی dignity ہے۔ اس ریجن کے ' اس ملک کے مفاد کی ہے۔ جہاں ایک federating unit اگر یہ دیکھے کہ اس کے مفادات کو زک پہنچ رہی ہے تو پھر اس کا different reaction ہوگا۔ میری گزارش یہ ہے کہ اس ملک میں ' آئین میں وہ تبدیلی لانی چاہئیے کہ جو اس ملک کے federating unit کے تمام حقوق کا تحفظ کرے اپنا بھی تحفظ کر سکے ' اس ملک کے عوام کا بھی تحفظ کر سکے اور اس ملک میں federating unit کا بھی تحفظ کر سکے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین : شکریہ ! جناب گچکی صاحب۔ جناب اعظم ہوتی صاحب اور احسان الحق پراچہ صاحب غیرحاضر ہیں۔ اس کے بعد یحییٰ بختیار صاحب آپ ہیں۔ یہ نوٹ کرتے جائیں جو غیر حاضر ہیں۔ جناب عبدالستار خان نیازی صاحب۔

مولانا محمد عبدالستار خان نیازی: نحمده و نصلی علی رسوله الکریم۔ اعوذ بالله من الشیطان الرجیم۔ بسم الله الرحمان الرحیم۔ان الله یامر کم تعدؤا الامانات ابی اهلها و اذ احکمتم بین الناس ان لحکموا یالعدل۔ اللہ تعالیٰ حکم دیتا ہے کہ امانت ان کے سپرد کرو جو اس کے اہل ہیں۔ اور تمہیں جو فیصلہ کرنا پڑا تو انصاف سے فیصلہ کرو۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ فرما رہے تھے تو ایک شخص نے پوچھا کہ ایا ن تقدم الساعة یا رسول الله قیامت کب آئے گی حضور نے خطبہ جاری رکھا۔ انہوں نے سمجھا کہ میں نے ناواجب بات کی ہے۔ بے چارہ زمین سے لگ گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد رحمت کائنات نے فرمایا کہ ایک شخص نے مجھ سے پوچھا تھا قیامت کب آئے گی۔ فرمایا کہ قیامتیں تین ہیں۔ قیامت صغریٰ ، قیامت وسطیٰ اور قیامت کبریٰ۔ایک آدمی مر جاتا ہے اور سوال و جواب شروع ہو جاتا ہے تو یہ قیامت صغریٰ ہے۔ قوموں کی قیامت کوئی قومیں مٹ جاتی ہیں ، کوئی قومیں عروج پر جاتی ہیں۔ ل کل اعة اجل ی ہ قیامت وسطیٰ ہے۔ قیامت کبریٰ تمام موجودات ،کائنات اور ما فیھا تباہ و برباد ہو جاتے ہیں تو اس کا نام قیامت کبریٰ ہے۔ حضور نے فرمایا اذا ضیعت الامانة و اذا وسد الامر الی غیر اله ج ب امانت ضائع ہونے لگ جائے اور نا لائق لوگوں کے سپرد امور سلطنت آ جائیں تب تباہی کی گھڑی کا انتظار کرو۔ یہی صورتحال ہماری بن چکی ہے۔

جناب چیئرمین صاحب ! میں نے صدر کا خطبہ پڑھا ہے۔ صدر نے حکومت کا کچھ محاسبہ کیا ہے۔ کچھ باتوں میں انہوں نے تائید کی ہے۔ کچھ باتوں میں اپنی خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ کراچی کے مسئلے پر تباہی و بربادی کا ذکر کیا ہے۔ اسے حکومت کی ذمہ داری قرار دیا ہے اور پھر جو انہوں نے جتایا ہے کہ بھارتی حکومت اور اس کی افواج نے کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی کی بدترین مثال قائم کر رکھی ہے ۔ کراچی میں امن و امان کی صورتحال تشویشناک ہے۔ افراط زر کی شرح ناقابل قبول ہے۔ گرانی کی وجہ سے مخلوق خدا نالاں ہیں۔ حزب اقتدار اور حزب اختلاف میں ہم آہنگی مفقود ہے اور اختلاف کی خلیج بدستور حائل ہے۔ کراچی کے پیچیدہ مسئلے کا حل منصفانہ

تلاش کرنے کی حکومت پابند ہے۔ شہریوں کی جان و مال ، عزت و آبرو کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری ہے۔ میری تمام پارٹیوں سے درخواست ہے کہ تشدد سے لاتعلقی اختیار کریں اور حکومت کے ساتھ مل کر سیاسی حل تلاش کریں۔ وغیرہ وغیرہ۔ یہ جو کچھ انہوں نے فرمایا ہے۔ اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ بے شک حکومت کی پہلی ذمہ داری امن و امان قائم کرنا ہے۔ صورتحال ملک کی جو ہم دیکھ رہے ہیں۔ وہ بقول شاعر انقلاب جوش ملیح آبادی یوں ہے۔

بے محابا دیو باطل سے جہاں خنجر بدست جس جگہ تعزیر کے قابل ہے مرد حق پرست۔

رات بے خوابی سے کٹتی ہے جہاں انسان کی گل رہی ہیں ہڈیاں انصاف کی ایمان کی۔

ایسی زمین پر سانپ اور اژدر برسنے چاہیئں برق گرنی چاہیئے ، پتھر برسنے چاہیئں۔

افسوس ہے کہ جو کچھ صاحب صدر نے فرمایا ہے۔اس کے بعد یہ پھر پوچھنا تھا کہ حکومت نے امن کیوں قائم نہیں کیا یہ ظلم و جبر کیوں ہے اور پھر جو بنیادی چیزیں، یعنی امانتیں اس کے سپرد ہیں ان کا کیا حق ادا کیا ہے۔ آج انہوں نے ساری حکومت کو بلاول ہاؤس کیوں بنا دیا ہے۔ یہ کئی مثالیں موجود ہیں۔ معیشت کا بیڑہ غرق ہو گیا ہے۔ باقاعدہ ان لوگوں نے نوکریاں تقسیم کر رکھی ہیں۔ ہمارے لئے معمولی ایک چپڑاسی کے لئے بھی سفارش ممانعت ہے۔ ہم سے کہتے ہیں ان کی پیپلز پارٹی کے آدمی کے پاس جاؤ۔ ایک مثال میں پیش کرنا چاہتا ہوں کہ سرگودھا میں انکم ٹیکس آفیسر کی 9 سیٹیں تھیں ۔ اس کے لئے 1600 آدمیوں نے درخواستیں دیں۔ 80 آدمیوں نے امتحان پاس کیا اور ان میں جو top پر تھے ان کو مسترد کر کے 22 آدمی جو پیپلز پارٹی کے ہیں مقرر کر دیئے گئے اور ان کے نام بھی میں پیش کر سکتا ہوں۔ جنہوں نے نہ کوئی امتحان دیا ہے اور نہ ان کا اس میں نام آیا ہے۔ اس طریقے سے جو صورتحال ہے۔ یہ ہر جگہ ہے، ہم پریشان ہیں۔ معمولی سی ایک نوکری کے لئے بھی ان کے پاس جاؤ، وزیر کے پاس جاؤ۔ یہ صورتحال پہلی تباہی اور بربادی کا باعث ہے۔ دوسرا، ابھی گچکی صاحب نظریہ پاکستان پر تنقید فرما رہے تھے چونکہ میں تحریک پاکستان میں 1936ء سے ہوں ، علامہ اقبال اور قائد اعظم سے ملاقاتیں رہیں اور میں ساری بات جانتا ہوں جب آپ لوگوں نے پاکستان کو تسلیم کر لیا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ قائداعظم کا نظریہ درست تھا۔ قائداعظم ایک ملا کی سٹیٹ نہیں چاہتے تھے۔ انہوں نے ۴۴ ۱۹ء کو اپنی خط و کتابت میں مسٹر گاندھی کو کہا تھا

we have got separate culture, separate civilization, separate polity, separate

traditions , seperate values of life, seperate religion, separate Law, separate time table, seperate ideology, seperate heroes , seperate names. We are a seperate nation and we want a seperate homeland to live accordingly.

انہوں نے کہا کہ باقاعدہ ہمارا کیلنڈر جدا ہے نظریہ' اس کے لیے ہم الگ ملک چاہتے ہیں۔ اور پھر یہ یہ پاپائیت ' ملائیت کی بات ہم بھی نہیں مانتے۔ اسلام کے اندر ہر شخص جس نے اس آئین کو تسلیم کرلیا۔ قرارداد مقاصد کو الگ رکھیئے۔ جب آپ نے آرٹیکل نمبر ۲ میں لکھا ہے State religion of Pahkistan will be Islam. پھر کیسے بھاگو گے اسلام سے ؟ پھر آپ نے جو کہا ہے کہ

enabling the Musalmans to order their individually and collectively according to the Injunctions of Islam as well the according to Quran and Sunnah.

یہ آئین کا حصہ ہے قرارداد مقاصد سے پہلے یہ کہ کتاب و سنت کے مطابق قانون سازی ہو گی۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو اس آئین کو مانتا ہے وہ دینی جماعت کا رکن ہے۔ سب متفق ہیں۔ باقی یہ رہا کہ ملائیت ہے غلط ہے اور پھر آپ نے کہا کہ مولویوں نے مخالفت کی تھی۔ آپ کو یہ بھی پتہ نہیں ہے۔ آپ اس وقت دودھ پی رہے ہوں گے ماں کا جس وقت یہ پاکستان بن رہا تھا۔ ہمیں پتہ ہے کہ اس وقت کیا تھا۔ ہمیں پتہ ہے کہ اس وقت بنارس سنی کانفرنس میں پانچ ' سات ہزار علماء اور مشائخ اور سات لاکھ عوام اہلسنت ' چشتیہ' قادریہ' سہروردیہ نقشبندیہ کے پابند تمام ہندوستان سے اکٹھے ہوئے اور انہوں نے قائداعظم کی حمایت میں قراردا پاس کی۔ یہ بھی کہا کہ اگر خدانخواستہ قائداعظم مطالبہ پاکستان کو ملتوی یا موخر کریں تو ہم نہیں کریں گے۔ میرے خلاف گچکی صاحب نے جس اخبار میں اعتراض کا ذکر کیا ہے میں نے اس بدبخت کا جواب دیا تھا میں نے اس اخبار کو چیلنج کیا تھا۔ نوائے وقت میں اور پاکستان میں کہ ایک بات لے آؤ جس میں میں نے غلطی کی ہو۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ باقاعدہ معترض اخباری

نمائندے نے تردید کی دوسرے دن کہ نیازی نے 100 آدمی بھیج دیئے۔ میں نے 12 آدمی بھیجے تھے سارے پاکستان سے۔ مجھے discretion تھی۔ اب ان لوگوں نے تو سینکڑوں بھیج دیئے۔ اس لیے اس بات کو چھوڑیئے۔ آپ بات کو اس وقت ختم کرو۔ اس وقت ملک کے اندر جو صورتحال بنی ہے اس کو کیسے ٹھیک کرنا ہے۔ تو یہاں پر اپنے قائد کی بات بناتے ہیں میں نے پہلے دن 1988ء کے اندر جب ان کی حکومت تھی تو نعرے لگے ایوان کے اندر بھٹو کے۔ میں نے کہا اس بات کو چھوڑو، نعرہ بازی کو چھوڑو، بھٹو فوت ہو گیا، اللہ کے رسول نے منع کر دیا ہے کہ جو مر گیا ہے اس کی باتیں چھوڑو اس کو اللہ کے سپرد کر دو۔ لیکن یہ پھر بار بار اس کی قیادت منوانے کی بات کرتے ہیں۔ اور پھر ایک وزیر پاکستان ٹوٹنے کی بات کہہ رہا تھا اس بے چارے کو یہ پتہ ہی نہیں ہے کہ پاکستان کیسے ٹوٹا ہے۔ بات کیا تھی۔ وہاں یہ کہا گیا تھا کہ ڈھاکہ میں constituent اسمبلی کا اجلاس طلب کرو۔ ڈھاکہ میں قانون ساز قومی اسمبلی کا اجلاس منعقد کرو۔ نہیں کیا۔ کہا جو ڈھاکہ گیا میں ٹانگیں توڑ دوں، جو آئے گا واپسی کا ٹکٹ نہ لے۔ اس سے ملک کو توڑ دیا۔ اس لیے ہم بھٹو کی اس بات کو چھوڑتے ہیں۔ مجھ پر 17 ستمبر 1976ء کو قاتلانہ حملہ کرایا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے محفوظ رکھا۔ وہاں شاد باغ کے اندر موجود ہیں ایک جاوید کمال بٹ۔ میں ایک جگہ کھانے پر گیا تو میرے قدموں پر گر گیا۔ میں نے کہا کہ کیا بات ہے؟ کہنے لگا کہ میں جیل سے آیا ہوں، دو آدمی تھے انہوں نے آپ پر فائر کیا تھا، برسٹ مارا تھا۔ کہتے ہیں کہ وہ کدھر گیا برسٹ، نیازی ولی ہے، یہ ہم تو پھانسی پر لٹک جائیں گے۔ حملہ آور چار آدمیوں میں سے ایک نہر میں ڈوب گیا دوسرا ٹرک کے نیچے کچلا گیا اور باقی دو پھانسی لگ گئے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے برسٹ مارا، خدا نے اسے بچا لیا۔ میں سمجھتا ہوں بے شک محمد احمد کے قتل کی بات چھوڑو، مجھ پر جو قاتلانہ حملہ کیا گیا، اللہ تعالیٰ نے بھٹو کو اس کی سزا دی ہے۔ اس لئے اس ایوان کو اس بحث میں نہ ڈالو کہ قوم کی قیادت کس نے کس نے کی، اس کے تحت وہ قائداعظم کی تقاریر پڑھیں، قائد اعظم نے کراچی بار ایسوسی ایشن کو خطاب کیا، اس میں جب وکلاء کو کہا کہ any

yes Quaid-i-Azam, tell us what would be کہا نے وکلاء تو ، question

your Constitution and legislation in Pakistan? کیا جواب دیتا ہے قائد اعظم۔

"Who am I, to give you the Constitution. That was given to us 1350 years ago by our Holy Prophet Muhammad (may the peace and glory of God be upon him) and his Shariat has not turned out old and stale but

لفظ شریعت استعمال کیا ہے کہ

is still as fresh today as it was at that time and I am here to enforce it, to implement it and to follow it."

مارچ 48ء میں پشاور میں کہا کہ یہ عبدالغفار خان کیا کہتا ہے کہ یہاں اسلام نہیں آئے گا ، جہاں 95% مسلمان ہوں ، اسلام نہیں آئے گا تو کیا آئے گا ۔ اس لئے یہ کہنا کہ قائد اعظم نے اسلام کا نام ہی نہیں لیا تھا ، یہ نا واقفیت کی دلیل ہے ، آپ پڑھو ان واقعیات کو ، روایات کو ۔ جناب چیئرمین صاحب ان حالات میں میں سمجھتا ہوں یہ باتیں جو صدر نے کہی ہیں ، باقاعدہ امن و امان قائم کرو ، صلح کرو، صلح کی یہ صورت نہیں ہے ، صلح کی صورت یہ ہے کہ آپ ایک دوسرے پر اعتماد کرو ، اعتماد کا موقع دو ، یہ جو بے بنیاد مقدمے بناؤ گے ، شیخ رشید جیل کے اندر ہے اس کے دفتر سے کلاشکوف مل گئی ، اس لئے یہ صدر کا فرض ہے کہ اس قسم کے ججوں کو کان سے پکڑ کر نکال دے ، جس طریقے سے عدلیہ کا مذاق اڑایا جا رہا ہے ، خود کہا ہے عدلیہ محفوظ ہو میں صحیح کروں گا ، یہ خواہش بھی ظاہر کی ہے ۔ ان حالات میں ، میں سمجھتا ہوں کہ اس کا یہی علاج واحد ہے۔ تعاون اگر چاہتے ہیں تو حکومت کا فرض ہے کہ جمہوری اصولوں کو سامنے رکھتے ہوئے ، باقاعدہ اعتماد کی فضا پیدا کریں ، میرٹ پر فیصلے ہونے چاہئیں ، سب چیز اس کے مطابق ہو جیسے کہ پاکستان کا آئین کہتا ہے ۔ اس وقت میں ایک مہینہ گزار کر آیا ہوں ، وہاں U.K. کے اندر میری orientalists سے باقاعدہ ملاقاتیں ہوئی ہیں ، Arnold Town bee جیسا آدمی کہتا ہے ، اپنی کتاب "The World and the West" کے اندر لکھتا ہے کہ باقاعدہ میں دیکھتا ہوں ، جمہوریت ہو ، اعتماد و اتحاد

ہو، لیکن میں سمجھتا ہوں کے انسانیت کی نجات Revealed Law یعنی وحی ربانی ہے ، اگرچہ ٹائن بلی بھی کہتا ہے کہ اگر اندر اخوت اور محبت کی فضا قائم ہو سکتی ہے تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خطبہ جو ہے حجتہ الوداع کا وہ لے آؤ ، کالے کو گورے پر ، گورے کو کالے پر کوئی فضیلت نہیں ہے ، عربی کو عجمی پر اور عجمی کو عربی پر نہیں ہے ، اگر فضیلت ہے تو کردار پر ہے ، لیکن افسوس ہے کہ مسلمان ہی ہمارے فلسفے میں غرق ہو گئے ، انہوں نے بھی national aggression کو لے لیا ، اس کو لے آئیں گے دنیا کی نجات ہو گی ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ لوگ چند باتیں ویسٹ کی سن کر باتیں بناتے ہیں ، ان کو معلوم ہونا چاہیئے کہ ویسٹ خود بالکل اپنے اس نظریہ سے پریشان ہے ، مجبور ہے ، یہ بے پردگی ، بے حیائی سے خود مجبور ہے ، اس وقت جو اس کے national aggressionism سے مجبور ہے ۔ بجائے اس کے کہ آپ ان کے پیچھے جا کرگمراہ ہو کر پھر رہ تلاش کرو ، آج ہی سے راہ تلاش کرو ، جو جماعتیں اس ہمارے آئین کو تسلیم کرتی ہیں ، وہ سب دینی ہیں ، دینی اور غیر دینی کا امتیاز غلط ہے بقول علامہ اقبال ، دینی اورلا دینی ۔

دینی و لا طینی ، کس پیچ میں الجھا تو
دارو ہے ضعیفوں کا لا غالب الاّ ہو

اس لئے آپ لوگوں کو موجودہ حکومت کو شریعت کے مطابق لانے کا آئین مطالبہ کر رہا ہے ، آئین کہہ رہا ہے کہ

No Law will be enacted in Pakistan which is repugnant to Kitab and Sunnah and the present Laws will be brought in conformity to the injuctions of Islam as laid down in Kitab and Sunnah.

یہ قرار داد مقاصد سے الگ ، مستقل 227 آرٹیکل کے اندر موجود ہے اور پھر جو ممبر بنے ، اس کے لئے کہا ہے کہ اس کو دین کا علم ہونا چاہیئے ۔ ان حالات میں ، میں سمجھتا ہوں کہ صدر مملکت نے جن باتوں پر محاسبہ کیا ہے ، جواب طلبی کی ہے ، اس پر عمل درآمد بھی کروائیں ، پھر ان ہی کی تائید کرتا ہے ، یعنی جن پر تنقید کر رہا ہے ،

انہیں کی تائید کر رہا ہے کہ یہ ٹھیک ہے، ٹھیک کیسے ہے، یہ تو بقول میر تقی

میر کیا سادہ ہیں ہوئے جس کے سبب بیمار

اسی عطار کے لڑکے سے دوا لیتے ہیں

یعنی جس کی بربادی اور تباہی کی ذمہ دار حکومت ہے، اس کی جواب طلبی اور محاسبہ کرے، پھر انہوں نے باقاعدہ یہ بھی کہا ہے کہ اسلام میں خواتین کی حیثیت حقوق سے متعلق، قاہرہ، کوپن ہیگن اور بیجنگ میں، بین الاقوامی سطح پر بصیرت افروز تقاریر کی گئیں، کیا نمائندگی کی گئی وہاں پر۔ آپ اس بات پر کیا کر رہے ہیں کہ فیصلہ آپ کے خلاف ہو رہا ہے، فیصلہ ہو رہا ہے abortion کا اور اسقاط حمل کا، sexuality کا ہورہا ہے اور عورت کو سو مردوں سے بدکاری کرنے کی اجازت ہونی چاہیئے، حمل گرا سکتی ہے، یہ فیصلے وہاں پر بیجنگ کے اندر ہوئے ہیں، کوپن ہیگن کے اندر ہوئے ہیں، قاہرہ کے اندر ہوئے ہیں۔ تمہیں اس میں شامل نہیں ہونا چاہیئے تھا، جیسے کہ بنگلہ دیش کی وزیر اعظم وہاں شامل نہیں ہوئیں، ترکی کی شامل نہیں ہوئیں۔ بیجنگ کی کانفرنس جس کے فیصلے اسلامی معاشرت کا تمدن برباد کرنے کے لئے کئے گئے ہیں، اس کے لئے یہ کہہ رہے ہیں کہ باقاعدہ بصیرت افروز فیصلے ہوئے ہیں، بالکل غلط کہا ہے۔

پھر کچھ باتیں انہوں نے موجودہ نظام کی اصلاح کے لئے کی ہیں، فرماتے ہیں کہ ایسا نظام تعلیم درکار ہے جس میں جدید سائنسی علوم اور دینی علوم کا امتزاج ہو۔ یہ صدر کہہ رہا ہے تا کہ طالب علم جب ڈاکٹر، انجینئر، پروفیسر، بیوروکریٹ یا ٹیکنوکریٹ بنیں تو ساتھ ساتھ وہ ایک اچھا انسان، حقیقی مسلمان اور وفادار و محب وطن پاکستانی بھی رہے۔ ہمارے ٹی وی، ریڈیو اور قومی ذرائع ابلاغ کی پالیسی اور پروگرام یوں ہوں کہ ثقافتی، اخلاقی اور روحانی اقدار کو ایسا استحکام ملے کہ ہمارے عوام بیرونی ثقافتی یلغار کا مقابلہ کر سکیں۔ ریڈیو، ٹیلی ویژن پر کیا ہو رہا ہے کہ لڑکی لڑکا ڈانس کرتے ہیں، پھر دوسرے کرتے ہیں، پھر باقاعدہ ان کا مقابلہ ہوتا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ آج کل جو کچھ ٹی وی پر ہو رہا ہے اس کو باپ بیٹی اکٹھے نہیں دیکھ سکتے، میاں بیوی نہیں دیکھ سکتے، اسی کی طرف صدر نے متوجہ کیا ہے کہ اسی طرح بیرونی ثقافتی یلغار کا مقابلہ کیا جائے۔

آخر میں انہوں نے اس خواہش کا اظہار کیا ہے کہ دنیا کے مقابلے میں ہمارا ملک قابل قدر اور آبرو مندانہ مقام رکھتا ہے' اس لئے ہم ایک جمہوری ' متحمل اور اعتدال پسند اسلامی مملکت کی حیثیت سے اقوام متحدہ کے منشور کی تائید کرتے ہیں۔ قرارداد مقاصد کے مطابق ہمارا یہ مقدس فریضہ ہے' گچکی صاحب کون سا نظریہ لانا چاہتے ہیں' صدر کہتے ہیں کہ ہمارا یہ مقدس فریضہ ہے کہ ایک ایسی ریاست قائم کریں جس میں جمہوریت' آزادی' مساوات' رواداری اور معاشرتی انصاف اسلامی اصولوں پر ملے ' یہ ملائیت ہے' یہ پاپائیت ہے' یہ کیا لا رہا ہے' اسلامی اصولوں پر صدر کہہ رہا ہے کہ پوری طرح عمل ہو' جہاں عدلیہ بالکل محفوظ ہو' ہر شہری کو قانون کی نظر میں بنیادی حقوق یعنی ' معاشرتی اور سیاسی مساوات ' عقیدہ و خیالات کے اظہار کی آزادی کی ضمانت حاصل ہو۔ آخر میں آیئے آج ہم عہد کریں کہ ان مقاصد کو پورا کرنے کے لئے مل کر آگے بڑھیں گے جن کے لئے پاکستان وجود میں آیا تھا۔

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت صدر نے جس خواہش کا اظہار کیا وہ میں نے آپ کے سامنے پیش کیا۔ جس انداز میں انہوں نے کہا کہ یہ تباہی و بربادی ہے' اس کے علاج کی یہ شکل نہیں ہے۔ حکومت اور اپوزیشن مل کر' متحد ہو کر' باقاعدہ ایک دوسرے پر اعتماد کرتے ہوئے' جھوٹے مقدمات بنانے کی بجائے ان کو تحفظ دیتے ہوئے' ایک دوسرے پر اعتماد کرتے ہوئے' برادری' اخوت اور محبت کو اپنائیں گے تو بات بنے گی۔ دوسرے یہ کہ ہماری خارجہ پالیسی یہ ہو گئی ہے وہ ہو گئی ہے۔ تمہاری خارجہ پالیسی کی بنیاد ہی غلط ہے۔ تمہیں UNO and Security Council کے اندر ان سے جواب طلبی کرنی چاہیئے تھی۔ یہ کہ یہ ممالک ہمارے ساتھ ہو گئے ہیں' اسی سے خوش ہو رہے ہو جب یہ طے ہو گیا تھا کہ یہاں plebiscite ہو گا' UNO نے طے کیا تھا کہ' سیکیورٹی کونسل نے طے کیا تھا' تین ایڈمنسٹریٹر مقرر ہوئے تھے 'Owen Dickson, Nimits and Graham نہرو نے کہا تھا کہ فیصلہ ہمارے حق میں کریں یا پاکستان کے حق میں کریں' کشمیری آزاد ہیں۔ اس کے بعد وہاں پر اقوام متحدہ سے جواب طلبی کرنی چاہیئے تھی' قرارداد پیش نہیں کرنی' مذمت کی قرار داد پیش کرنی

those who don't fulfil their promises are rouges, those who believe ہے
them are fools تم میں یہ sense نہیں ہے، عراق کو تو کچل رہے ہو لتاڑ رہے ہو، وہ
تمہاری سب باتیں مان رہا ہے پھر بھی اس کے بچوں کو دودھ نہیں ملتا ہے، وہاں
بچے بھوک سے مر رہے ہیں، پیاس سے مر رہے ہیں، دوائیاں نہیں ملتی ہیں ان کو،
یہاں پر بھارت کو اتنی آزادی دے رکھی ہے، 6 لاکھ فوج وہاں بھیجی رکھی ہے۔ روزانہ
وہاں پر قتل و غارت ہو رہی ہے، عزتیں لوٹی جا رہی ہیں، گھر جلائے جا رہے ہیں اور اس
وقت ساری دنیا دیکھ رہی ہے، یہ پوچھنا تھا کہ کیوں یہاں پر plebiscite نہیں
کرواتے ہو۔ تم یہاں مبصر بن کر کیوں بیٹھے ہو۔ اور پھر یہاں کچھ لوگ کہتے ہیں کہ
او جی کشمیر کی مدد کر رہے تھے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایک میجر جنرل اتنا احمق نہیں ہے
کہ وہ درے کے ریوالوروں سے انقلاب لانا چاہتا ہے اس قسم کی باتیں وہاں پر حسنی
مبارک نے کیں، کہا کہ وہ fundamentalists ہیں fandamentalists کون ہیں
عیسائیوں میں کون سے فرقے fundamentalist ہیں۔

Fundamentalists were those people who did not believe in the theory of Darwin and not in the spirit of the later. They were dubbed and snubbed as fundamentalists. Secondly, those Christian who did not support Darwin Theory of Evaluation they were also dubbed and snubbed as fundamentalists and thirdly, those who did not support French Revolution . Contrarily support the Kings they were also dubbed and snubbed as fundamentalists.

عیسائیوں میں یہ فرقے تھے جن کو fundamentalists کہا گیا ہمیں fandamentalist
کہنا حماقت ہے یہ بتوں کو پوجنے والے یہ مفروضات کو ماننے والے ہیں ہم پر اعتراض
کرتے ہیں، ہم یقین اور ایمان سے چلتے ہیں ہمیں fandamentalists کہتے ہیں۔ جو نماز
پڑھے اور جو داڑھی رکھے، جو خدا اور رسول کو مانے وہ fandamentalist ہے اس قسم
کی بکواس کرنے والے پہلے بھی تھے، ہم نے اس کی پروا نہیں کی۔ اس کی ہم پروا

نہیں کریں گے۔میں گچکی صاحب کو کہوں گا کہ تحریک پاکستان کو پڑھو اگر تمہارا نظریہ قابل قبول ہوتا تو پاکستان کی ضرورت ہی نہیں تھی۔ وہاں پر ہم مل کے رہتے۔ قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ کو علامہ اقبال نے خط لکھا تھا ۱۹۳۷ء میں کہ اب وقت آ گیا ہے کہ آپ پاکستان کا مطالبہ کرو، ہندوؤں نے قرآن کو جلایا، مسلمانوں پرظلم کر رہے ہیں ان کے ساتھ ہم نہیں رہ سکتے۔ اور یہی کہا تھا علامہ اقبال نے 1930ء میں الہ آباد کے خطبے کے اندر کہ Islam is a destiny in itself, we are not prepared to hand over destiny to anybody else یہ انہوں نے کہا تھا۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ ان کو دوبارہ پڑھنا چاہیئے اور خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا لا یفلح القوم ولوا امرھم الی المرءۃ وہ قوم فلاح نہیں پا سکتی جو اپنے امور عورت کے سپرد کر دے۔ خدا کے حکم کا انکار کرتے ہوئے یہ وہاں پر کھڑے ہیں اور وہ بیڑہ غرق کر رہی ہے ۔ پریسلر ترمیم وہاں موجود ہے۔ تمہارے طیارے جو ہیں ان سے باقاعدہ تمہیں کچھ نہیں مل رہا، نہ پیسے ملے ہیں نہ کچھ اور ملا۔ براؤن ترمیم سے تھوڑا بہت جو تمہیں ملا اس پر خوش ہیں پھدک رہے ہیں ناچ رہے ہیں، ناپ رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہماری فارن پالیسی کا بیڑہ غرق کر دیا گیا ہے داخلی طور پر جہاں ادھر بھی بیڑہ غرق کر دیا گیا ہو یہ آپ کی فارن پالیسی ہے۔

یہ بات بھی قرآن مجید میں ہے کہ دو مسلمان ممالک کے اندر جھگڑا ہو جائے تو قرآن کہتا ہے کہ تم باقاعدہ ان کی صلح کرا دو۔ اور صلح کے اندر جس کی زیادتی ہو سب مل کر اسے صلح پر مجبور کردو ان کائنتان من المومنین استلو ا فاصلحوا بینھما O و ان لعنت احداھما علی الا خری فتا تلو ا لتی تبغی حتی تعنینی الی امر اللہ ابھی تمہیں پتہ نہیں چلا کہ کس گروہ کی ذیادتی ہے ان حالات میں یہ صورت ہماری بن گئی ہے کہ

کوئی کام بھی مسیحا ترا پورا نہ ہوا
نامرادی میں ہوا ترا آنا جانا
کوئی کام بھی بی بی ترا پورا نہ ہوا

کیا ہوا ہے، اس وقت ملک کے لاکھوں کروڑوں روپے خرچ کر کے، کشمیر کمیٹی بنی ہے تو وہ بھی ناچ رہی ہے، یہ بھی ناچ رہے ہیں۔ کیا ہو رہا ہے یہ؟ کچھ بھی نہیں ہو رہا، ملک تباہی و بربادی کے کنارے پر پہنچ چکا ہے۔ یہاں پر وزیر بڑے چیخ کر کہہ دیتے ہیں کہ یہ ہو گیا، وہ ہو گیا۔ کیا ہو گیا، کچھ بھی نہیں ہوا۔ تم نے وہاں پر ملک کو دو ٹکڑے کر دیا----

**جناب چیئرمین:** یہ question ایک دفعہ کہنا تو مناسب ہے لیکن اس کو کورس کر دینا یہ مناسب نہیں ہے------ Please, there should be some discipline۔

**مولانا عبدالستار خان نیازی:** میں عرض کرنا چاہتا ہوں بھائی کہ میں نے خود 60 سال کی سیاسی زندگی میں قیام وہ استحکام پاکستان کے لئے، میں نے باقاعدہ جدوجہد کی ہے، باقاعدہ علامہ اقبال کے مشورے سے میں نے مسلم فیڈریشن قائم کی، قائداعظم کے ساتھ مل کر جدوجہد کی ہے۔ اس لئے مجھے زیادہ فکر ہے کہ میں نے اتنی قربانیوں کے بعد جو ملک بنایا ہے، وہ اگر قائم نہیں رہتا، اس کے اندر فساد پیدا ہوتا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ مجھ سے زیادہ کسی کو دکھ نہیں ہو گا۔ کراچی کے مسئلے کا حل میں نے بتایا ہے۔ پہلے بھی یہاں تقریر میں بتایا تھا کہ بجائے اس کے کہ تم فوج اکٹھی کرتے پھرو، اتنی فوج اور پولیس تم کہاں سے لاؤ گے۔ ایک کروڑ پولیس اور فوج لاؤ وہاں پر۔ وہاں باقاعدہ گلی کوچے سے لے کر بڑی شاہراہ تک نوجوانوں کو منظم کرو، ایک باقاعدہ امن سکاڈ کا دفاع کھڑا کرو، ان کو ٹرانسپورٹ دو، sophisticated اسلحہ دو ان کو، یہ نوجوان گلی کوچے میں ہوں اور باقاعدہ شب و روز patrol کرتے رہیں، ان کا بوجھ وہاں کی گلی کے لوگ بھی اٹھائیں، حکومت بھی اٹھائے، اس طرح ملک بچ سکتا ہے۔

اب تباہی اسلام آباد میں آ رہی ہے۔ یہ آپ نے پڑھا ہو گا کہ ایک پولیس مین کو مار دیا گیا ہے۔ یہاں بھی اسی طریقے سے جب تک ہم سب اکٹھے کھڑے نہیں ہوں گے ظلم کے مقابلے کے لئے، ظلم ختم نہیں ہو گا۔ ان حالات میں، میں چاہتا ہوں کہ ہمیں چاہیئے کہ باقاعدہ اپنے آئین کے مطابق عمل کریں، دینی جماعتیں کوئی نیا فلسفہ

نہیں لائیں۔ جیسے قاضی صاحب نے اپنی تقریر میں کہا تھا کہ آپ اسی آئین پر عملدرآمد کرو، اسی کو عملی جامہ پہناؤ، ہم خوش ہیں، ہماری دینی جماعتوں کا نقطۂ نگاہ یہ ہے کہ ریاست کا مذہب اسلام ہے، نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم خاتم الانبیاء ہیں، اس پر ایمان رکھے بغیر مسلمان نہیں ہو سکتے، یہ نمازیں پڑھتے پھرتے ہیں قادیانیوں کی، ان کو یہ بھی پتہ نہیں ہے کہ نبی کے دشمن جو ہیں ان کے جنازے نہیں پڑھے جاتے، آپ کو غیرت ایمان کا مظاہرہ کرنا چاہیئے۔

جناب ہم اس ملک کو آباد دیکھنا چاہتے ہیں، شاد دیکھنا چاہتے ہیں-----

**جناب چیئرمین** ۔ مولانا صاحب آپ اس کو conclude کر لیں ۔

**جناب مولانا عبدلستار خان نیازی** ۔ جناب میں آخر میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہم اس ملک کو آباد دیکھنا چاہتے ہیں شاد دیکھنا چاہتے ہیں ہم چاہتے ہیں کہ حکومت کرنے والے جو ہیں ان میں اخلاص عمل اور خوف خدا لازمی ہے۔

جہاں بانی سے دشوار تر کار جہاں بینی
جگر خوں ہو تو چشم دل میں ہوتی ہے نظر پیدا

جگر خوں کی بات یہ سید نا عمر فاروق نے فرمایا تھا اگر دجلہ دریا کے کنارے ایک کتا بھوکا مر گیا تو خدا مجھ سے پوچھے گا کہ اے عمر تم نے کیا کیا؟ سید نا صدیق نے پہلا خطبہ دیا کہ

ان اقوا کم عندی حنیف و ان اضعفکم عندی قوی

کہ جو طاقت ور پھنے خان ہیں میرے نزدیک کوئی شے نہیں ہیں غریب کا حق ان سے لے کر رہوں گا جو کمزور غریب ہیں، ضعیف ہیں وہ طاقتور ہیں۔ ان کا حق طاقتوروں سے دلاوں گا ۔ مولانا ظفر علی خان اس کا ترجمہ یوں کرتے ہیں:

ضعیف اگر نظر پڑے رسول کا جمال بن
قوی اگر ہو سامنے تو کار ذوالجلال بن
خدا کے آگے سر جھکا کہ جو سرکشوں کا سر جھکے
قضا ستم گروں کی ہو ستم زدوں کی ڈھال بن

وطن کے ساتھ دین بھی گر عزیز ہے تجھے
جو بن گیا ہے پہلوی توساتھ ہی بلال بن!

**Mr. Chairman:** Thank you. Fateh Muhammad Khan Sahib (Absent). Mr. Yahya Bakhtiar.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Thank you, Mr.Chairman.

After the eloquent oratory of Maulana Abul Sattar Khan Niazi, myspeech is going to be rather a dull lecture on Constitutional law.

Mr. Chairman, under Article 56 of the Constitution, the President addresses the joint session of the Parliament. It says :

"At the commencement of first session after each general election to the National Assembly and at the commencement of the first session each year, the President shall address both Houses assembled together and inform the Majlis-e-Shoora (Parliament) of the causes of its summoning".

Then clause (4) says Sir:

"The provision shall be made in the rules for regulating the procedure of the Upper House in the conduct of business for the allotment of time for discussion of the matter referred to in the Address of the President". Under this clause, we are making comments and discussion.

Sir, the requiremment of the Constitution is not just a formality. We have borrowed this from the British Constitution. Under the British Constitution, the Queen makes a speech from the thrown, they say it and both the Houses are assembled. Similarly, in Canada, in Australia the Governor General addresses both the Houses. In India, Pakistan and

perhaps Sri Lanka, the President addresses. But we must remember Sir, that Article 56 of the Constitution does not give discretion to the President. In England, a speech is prepared by the Prime Minister or the Cabinet and the Queen reads it out. In Canada, Australia, Newzealand, same is the position. The Prime Minister or the Cabinet prepares the speech and the Governor General reads it out. In India also a speech is prepared by the Prime Minister or the Cabinet and the President reads it. Similar is the position in Sri Lanka. But unfortunately, in Pakistan, Presidents like Gen. Ziaul Haq and Ghulam Ishaque Khan never bothered to follow and give effect to Article 56 as required by the Constitution.

Sir, in each of the speeches and these are there for you to see. Sir, they have been seremonizing. They have been giving lectures. Parliament has been good in this matter and not good in that matter. The government's performances are good, or not. Sir, I am sorry to say that President Leghari who addressed the joint session also did not give effect to Article of 56 of the Constitution. He also seremonized a lot and quoted scriptures at length, giving his own views at times. Even a weekly magazine the 'MAG' reported :

The President made changes in the draft of the speech which was given to him by the Government. There is a lot of confusion on this issue and we have noticed that even members of the Parliament calling President to show his "independence". He should give his own views. He should disapprove the actions of the government. I am not suggesting for a moment, Sir, that the President is not entitled to give his own views,

he is entitled to show his disapproval of government action but not under Article 56, he can address a University, inaugurating a seminar and express all the views that he got there but when he is addressing Joint Session under Article 56 he had to strictly follow the speech given to him by the Cabinet or the Prime Minister. He has absolutely no choice. But he has seremonized and so many things he said. I will give you an example Sir, in the speech of the President he says :

"The law enforcing agencies must also ensure that there is no harassment of innocent citizens and fight against terrorism and the human and the legal rights of all persons are duly protected". This is very laudable and I entirely agree but as Maulana Abdus Sattar Niazi said

میر کتنے سادہ ہیں کہ بیمار ہوئے جس کے سبب
اسی عطار کے لونڈے سے دوا لیتے ہیں

Mr. President should realize, he is asking the law enforcing agencies, the police to have regards for human rights and legal rights of the citizens. Sir, I don't have the time but I have got a report of the Human Rights Commission of Pakistan, if anybody will care to read it he will be how much violation of law is committed by the law enforcing agencies themselves. Sir, after the Joint Session on 29th and after attending the case in the Supreme Court while going to Quetta in the plane, I picked upa newspaper 'Dawn'. I just give you, Sir, a few headlines from that newspaper, the 2nd of November. "15 Cops held for killing 2 men". Second, "Cop suspsneded for looting Taxi driver". Third, "Shopkeepers protest against FIA". Fourth, "Inspector embezzled 7.6

million". Fifth, "SHO accused of killing a villager". "Three cops held for raping a girl" and this incident took place in Larkana, the Prime Minister's city.

Sir, how can the President expect such law enforcing agencies to have regard and care for the human rights and legal rights of citizens, Sir?

Sir, this is a very very serious matter and I will suggest through you, through this House that you really need to appoint a commission to look into this matter, not Police generally but law enforcing agencies and their involvement in crimes and how to stop it. Because they commit crimes and they can get away with it. There is no problem at all for them. Sir, I give you a small instance from the report of Human Rights Commission. A woman wrote to the Lahore High Court that her son had been illegally detained for two months. The detainee complained that his father in law had prevailed upon Police to implicate him in a false case. A CIA Sub Inspector asserted that he had been arrested for selling heroine. When the court enquired about his power to sieze narcotics and investigate the case, the S.I., begged pardon. The court ordered the D.I.G ., to proceed against the S.I. and censured him when no action was taken. The D.I.G., informed the court that S.I. concerned had been suspended and a probe was being conducted by the S.S.P. At the next date of hearing, the S.I., informed the court that he has not been suspended at all. So, no action is taken against him. I never heard of a Policeman going to jail for 7 or 8 years for raping some girl. And one of the former Chief Justices of Pakistan, told me that there is hardly any Police Station in a big

Province where women are not raped every night or gangraped. These are matters which require immediate attention. That is why, I suggest sir, that a high powered commission may be appointed without any further delay to look into the matter how to stop the law enforcing agagencies from committing crimes. Malik Muhammad Qasim, Chairman of Anti-Corruption Committee says that Anti-Corruption agency is more corrupt than the corrupt. So, please look into this matter.

Sir, my next point is again about another aspect of the Constitution with regard to the appointments of Chiefs of Army, Navy and Air Force. Sir, this pertains to Article 243 of the Constitution, I am saying this because this is a very serious matter. It says that the President shall appoint in his discretion the Chairman, Joint Chiefs of Staff Committee, the Chief of Army Staff, the Chief of Naval Staff and the Chief of Air Staff and determine their salaries and allowances. It is clear sir, that the discretion is confined to the Chairman Chiefs of Staff Committee, only he is to be appointed by the President in his discretion. Not the Chief of Army Staff, Air Staff and Navy Staff. This is the thing sir, which has not been taken note of Article 245 also says, ' the Armed Forces shall under the direction of the Federal Government defend Pakistan against external aggression or threat of war subject to law act in aid of civil power when called upon to do so under the order of the Federal Government, if the President appoints them in his deseretion then the Federal Government cann't order them. Only the Joint Chiefs of Staff Committee Chairman is appointed by the President in his deseretion. There is a scheme under the constitution. Sir,

that the Chairman of Federal Public Service Commission, will be appointed in discretion by the President, the Members will not be appointed by him in his discresion. They will be appointed by the Government or on the advice of the Prime Minister. Chief Election Commissionor will be appointed by the President in his discretion but the Members of the Election Commission are appointed by the Government or by the Prime Minister and not by the President in his discretion. So ,Sir, I had raised this question and this has come before the Supreme Court in Mian Nawaz Sharif's case. There Mr. Justice Shafi-ur-Rehman in his judgment and I quote from that .It is PLD 1993 Supreme Court page 473, page 632 and 634. The honourable Judge says,

"In respect of Defence Division a wrong entry was with regard to the appointment of the Chief other than Chairman Joint Chief of Staff Committee was included within the discretionary field of the President. Such an incorrect, unconstitutional Rule of Business for the functioning of Federal Secretariat continued over such a long period reflect apathy, inattention and unawareness of the Constitutional mandate. Such mistakes are liable to breed avoidable controversy resulting in grave consequences as we have witnessed in this present case."

Sir, this is a judgment of the Supreme Court. I wonder what the legal advisors of the government are doing. Till this date this Rule of Business has not been amended. After the judgment of the Supreme Court , nearly three years ago, that Rule has not been amended. They should amend it. As the Chief of Army Staff is concenred, Chief of Navy Staff is

concnered, Chief of Air Force is concenred they are appointed by the President on the advice of the Federal Government or the Prime Minister, not in his discretion. But till this day this Rule has not been amended. Now Sir, even at that time 'Nawa-e-Waqt', of 1st January, 1993 quotes my address to the Supreme Court :-

"مسلح افواج کے سربراہوں کا تقرر وفاقی حکومت کے دائرہ اختیار میں ہے"

The Supreme Court said, yes, that is the correct position. Even today three big officers are appointed by the President in his discretion which should not be done, which is violating the Constitution.

I will not take more of your time, Sir. One more matter Sir I would refer to Balochistan. Sir, Balochistan is a very large province, it covers nearly 44 per cent area of Pakistan and when it comes to matter of the development ordinary amenities of life, electricity, water, gas and their supply if it takes 100 rupees for the Government of Punjab to make arrangements that it should reach a particular citizen it needs a thousand rupee in Balochistan because of a vast area and long distances. This may kindly be taken note of when you make allocations for development funds. So, only population should not be taken into consideration other factors should be taken into consideration because the Constitution itself says, I read from Article 37 clause (1) that :-

"shall enable the people of different areas through education, training, agriculture and industrial development and other matters to participate fully in all forms of national activities including employment in the service of Pakistan."

Young man , educated persons , engineers other people in Balochistan are not getting employment in the Federal Government because they say that your quota is so much you can't get more than that. Even that they don't get.

Before concluding Sir , I will make one more submission . Yesterday , the Minister of State for Parliamentary Affairs in a very eloquent speech said that we believe in parliamentary system . We are against Presidential system , so am I . I agree with him but is this parliamentary system . which we are going through . You prepare a callender. Senate must meet at least 90 days in a year they don't put 91 days out of which Saturday is not a working day. Friday is not a working day and other holidays included in it and it comes to 30 /40 days. Sir, the public is spending a lot of money on this institution Please remember. the House of Commons, they meet all the year round till midnight except three weeks for Christmas, three weeks for Easter , the rest of the year, all the year round the Pailiament is in session. We have old business. old resolutions, old motions they are all just left like that because we meet for three /four hours and 40 days in a year . This is not a parliamentary system. You do not respect parliamentary system. Please see to it that you meet as often as required. I know the Ministers are very busy but they should remember when Pakistan was established , how many Ministers were there in the Federal Government. Liaqat Ali Khan was the Prime Minister, there was another refugee Chundhri- gar, Punjab was represented in the Cabinet by Zafrullah Khan, and Ghulam Muhammad,

Bengal, Mr. Fazal-ur-Rehman and Mr. Jugandar Nath Mandal, Frontier, Sardar Abur-Rub Nishter, Sindh Abdul Sattar Pirzada. Seven Ministers in the Federal Government they looked after the whole affairs, the two wings of the country. Punjab had five Minsters, Sindh had 4/5 Ministers, Ayub Khan asked Quaid-e-Azam, , as to how many Ministers be should have have in N.W.F.P. The Quaid said, two. Today they are 34 there. Every member of the Assembly who supported the Government is a Minister in Balochistan and the Federal Government has got 40 Ministers, 20 Advisors and so many Special Assistants still they find very difficult to attend this House and answer a few questions which are prepared for them. It is not how the Parliamentary sytem function? They must attend the House for which they are appointed or find some other jobs. Sir, thank you very much.

Mr. Chairman: Sardar Bashir Ahmed Khan Tareen Sahib, he is absent, Taj Haider Sahib.

جناب تاج حیدر۔ شکریہ جناب چیئرمین! پارلیمنٹ کے سب سے جونیئر رکن کی حیثیت سے میرے لئے یہ پہلا موقع تھا کہ میں جوائنٹ سیشن کے اندر صدر مملکت کی تقریر سنوں۔ صدر مملکت نے اپنی تقریر کا آغاز سورۃ الرحمن کی آیتوں کے ترجمہ سے کیا۔ ان آیات کی طرف جناب قائد حزب اختلاف نے اپنی تقریر توجہ دلائی لیکن ایک جونیئر رکن کی حیثیت سے میرے لئے یہ بات بہت تعجب خیز تھی اور افسوسناک تھی کہ جس وقت صدر مملکت سورۃ الرحمن کی آیات کا ترجمہ پیش کر رہے تھے اس وقت حزب اختلاف کے بہت سے ممبران غل غپاڑے اور شور کے اندر مصروف تھے اور ان آیات کے دوران حزب اختلاف کے بہت سے ممبران نے واک آؤٹ کیا۔ یہ تقریر جناب پورا ملک ٹیلیویژن پر دیکھ رہا تھا اور ہمارے گھروں کے اندر ہمارے بچے اس تقریر کو دیکھ

رہے تھے ۔ ہمارا کام ہے کہ ہم اچھی روایات کا یہاں پر رواج ڈالیں۔ واک آؤٹ کرنا، احتجاج کرنا یہ سب آپ کا حق ہے لیکن قرآن پاک کے بھی ہم پر کچھ حقوق ہیں اور وہ حق یہ ہے کہ جب قرآن پاک کی تلاوت کی جائے یا اس کا ترجمہ پیش کیا جائے تو ہم ادب اور توجہ سے سنیں اور میں ہر چند کہ اس ایوان کا جونیئر رکن ہوں میں حزب اختلاف کی توجہ اس طرف دلانا چاہوں گا اور مجھے یقین ہے کہ ایسا انہوں نے جان کے نہیں کیا تھا صرف ایسا انہوں نے جلدی میں کیا ہو گا۔ لیکن میں ان کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں اور میں یہ اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ میں ان سے یہ عرض کروں کہ آئندہ اس سلسلے میں احتیاط برتی جائے۔ معزز قائد حزب اختلاف نے اپنی تقریر کا 80/90 فیصد حصہ کراچی کی صورت حال پر دیا اور وہ کراچی کی صورت حال کی شکایت کرتے رہے اور پتہ نہیں کیا ہوتا ہے کہ جیسے جیسے وہاں صورت حال بہتر ہوتی جا رہی ہے ، جیسے جیسے نئے علاقے عام لوگوں کے لئے کھلتے جا رہے ہیں ایسے ایسے ان کی شکایات بڑھتی جا رہی ہیں اور جب میں نے پیچھے کی طرف دیکھا تو میں نے یہ دیکھا کہ ان کی حکومت نے وہاں پر کیا کیا تھا۔ ان کی حکومت نے کس طریقے سے وہاں پر فوجی کارروائی کی تھی تو مجھے وہی شعر یاد آیا کہ

کی میرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ

ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

جناب عالی! ہم کل بھی دہشت گردی کے خلاف تھے ہم آج بھی دہشت گردی کے خلاف ہیں۔ انہوں جس وقت کراچی کے اندر کارروائی کی تو ہم اس کارروائی کی راہ میں سد راہ نہیں بنے۔ اور ہم نے اصولی موقف بیان کیا کہ دہشت گردی کے خلاف کارروائی ہونی چاہیئے۔ ہمارا جو کچھ بھی اس سلسلے میں contribution تھا وہ صرف تجاویز تک محدود تھا۔ ہم نے ان سے کہا کہ زیادتیاں نہ کریں، ہم نے ان سے یہ بھی کہا کارروائی even handed ہونی چاہیئے، یہ نہیں ہونی چاہیئے کہ اگر دو گروپ ہو گئے ہیں تو اس کے اندر ایک گروپ کی سر پرستی کی جائے اور دوسرے گروپ کو کچلا جائے۔ لیکن اس کے آگے ہم نے ان کی کارروائی کے بیچ میں سد راہ نہیں بنے۔ بہر حال جس

وقت سندھ ہمیں ملا اور سندھ پر ہمیں ذمہ داری دی گئی تو اس وقت سندھ کی صورتحال اگر آپ دیکھیں تو وہ یہ تھی کہ وہاں فوجی کارروائی ہو رہی تھی۔ سول ادارے تباہ و برباد ہو چکے تھے۔ اور یہ impression دیا جا رہا تھا کہ اگر سندھ سے فوج واپس بلا لی گئی تو یہ سول اداروں کے بس کی بات نہیں ہے کہ وہ اس صورتحال کو سنبھال سکیں۔

دوسری طرف یہ ہوا تھا کہ کچھ غلط پالیسیوں کی وجہ سے اور یہ کہ پھر جو جناب نواز شریف اور جناب الطاف حسین کے درمیان طے پایا' اس کی وجہ سے عوام جو کہ 1992ء کے اندر انہیں reject کر چکے تھے اور ان کی حرکتوں سے تنگ آکر اور ان کی دہشت گردی سے تنگ آکر وہ عوام میں غیر مقبول ہو چکے تھے' ایک دفعہ پھر عوام کی ہمدردیاں ان کے ساتھ تھیں اور ان کی پارٹی کے لوگ ایک دفعہ پھر سندھ اسمبلی کے اندر بیٹھے۔ جناب عالی! ہمارے سامنے بہت سے چیلنج تھے' ہمارے سامنے ایک مسئلہ یہ تھا کہ سیاست کو اور دہشت گردی کو الگ الگ کیسے کیا جائے۔ ہمارے سامنے امن و امان بحال کرنے کا مسئلہ تھا۔ ہمارے سامنے یہ مسئلہ تھا کہ فوج کو کراچی سے واپس کیسے بھیجا جائے۔ ہمارے سامنے یہ مسئلہ تھا کہ ہم کس طریقے سے مذاکرات کے ذریعے ایک سیاسی فضا کو ہموار کریں اور کس طریقے سے ہم امن و امان بزور قوت نہیں بلکہ یہ کہ ایک participatory طریقے سے' ایک محبت کے طریقے سے ہم قائم کریں اور ایک بہت بڑا section آبادی کا جو کہ mainstream سے کٹ چکا' جو کہ الگ ہو چکا تھا اس کو کس طریقے سے ہم پولیٹیکل اور سوشل mainstream کے اندر واپس لائیں۔

میں یہ کہنا چاہوں گا کہ ہم پر اعتراض ضرور کیا جاتا ہے اور یہ تمام باتیں کہی جاتی ہیں کہ ہم نے یہ کیا اور یہ کیا اور قائد حزب اختلاف نے بہت اعتراضات کئے اور حزب اختلاف کے معزز اراکین کی طرف سے یہ اعتراضات آتے رہے۔ لیکن اگر آپ دیکھیں کہ کس طرح سے ہم نے کراچی سے فوج کو واپس کیا' کس طریقے سے ہم سول اداروں کی تطہیر کی' کس طریقے سے ہم نے دہشت گردی اور سیاست کو الگ الگ کیا اور اس کراچی کے اندر کہ جس کے بہت سے علاقوں کے اندر انسان قدم نہیں رکھ سکتا تھا' باہر کا آدمی جا نہیں سکتا تھا۔ کراچی جو کہ قبائل کے اندر بٹا ہوا تھا' جو کہ

علاقوں کے اندر بٹا ہوا تھا اور یہ ہوتا ہے کیونکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جدید جمہوری نظام نے دنیا بھر کے اندر ہمیں آزیادیاں دی ہیں، ہمیں حقوق دیئے ہیں، ہمیں مساوات کا درس دیا ہے اور جب بھی آزادیاں سلب کی جاتی ہیں جس طرح کہ طویل مارشل لاء کے دوران یہ آزادیاں اور حقوق سلب کئے گئے۔ تو وہ قبائلی نظام کی پرانی جبلتیں تھیں۔ وہ واپس آجاتی ہیں اور انسان پھر سے وہی قبائلی جانور بن کر سوچنے لگتا ہے اور اس کے اندر یہ ہوتا ہے کہ یہ علاقہ ہمارا ہے اور یہ علاقہ تمہارا ہے۔ اگر دوسرے قبیلے کے بیس آدمی بھی آپ قتل کر دیتے ہیں تو آپ کے اپنے قبیلے کے اندر ۲۰ آدمی مجرم گردانے جاتے ہیں۔ اس قبیلے کے اندر جو بھی آپ کی fighting force ہیں اس کے لئے باقاعدہ وہاں کے لوگوں سے ٹیکس لئے جاتے ہیں۔ ان ٹیکسوں کے اندر سرداروں کا ایک حصہ ہوتا ہے اور اس طریقے سے سوسائٹی fragment ہوتی رہتی ہے، علاقے بٹتے رہتے ہیں اور قبائلی جنگ بڑھتی رہتی ہے۔ تو یہ قبائلی جنگ تھی کراچی کے اندر جس کو کہ ہم نبٹ رہے تھے اور جس کو کہ ہم نے نمٹایا۔

جناب عالی! آپ نے بہت valid observations کئے تھے اور اس وقت یحییٰ بختیار صاحب نے بھی کچھ valid observations کئے ہیں کہ آخر یہ کیسے ہوتا ہے کہ Law enforcing agencies جو ہیں وہ اپنی حد سے آگے بڑھ جاتی ہیں اور وہ آپ کے کنٹرول میں نہیں رہتیں اور وہ حکومت کی بات نہیں سمجھتیں۔ میں آپ سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کی observations اس سلسلے میں بہت صحیح ہے۔ لیکن اگر آپ trend دیکھیں کہ کیا ہوتا رہا ہے اور کس طریقے سے ہم نے اسے کنٹرول کیا ہے اور کس طریقے سے ہم changes لائے ہیں۔ جناب والا! یہ حکومت پہلی حکومت ہے کہ جس نے law enforcing agencies کی نہ صرف زیادتیوں کا نوٹس لیا ہے بلکہ ان کے خلاف محکمانہ کارروائی کی ہے، ان کے خلاف قتل تک کے مقدمات درج کئے ہیں، ان کو گرفتار کیا ہے اور اس سلسلے میں سزائیں بھی دی ہیں۔ law enforcing agencies کی تطہیر کا کام، حکومت سندھ اور مرکزی حکومت کا بنیادی کام ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک بہت بڑا achievement ہے کہ ہمیں

جس حالت میں law enforcing agencies ملی تھیں ، جس طریقے سے ان کا criminal elements سے گٹھ جوڑ تھا ' وہ اب نہیں ہے۔ آپ نے کبھی نہیں دیکھا ہوگا کہ law enforcing agencies کا آدمی یا پولیس کا کوئی آدمی criminals کا مقابلہ کرتے ہوئے مارا گیا ہو ۔ میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ 300 سے زیادہ law enforcing agencies کے لوگ کراچی میں دہشت گردوں اور criminals سے مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہو چکے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک بنیادی change ہے جو ہم law law enforcing agencies کے structure کے اندر لا رہے ہیں ۔

جناب والا ! ایک اور بنیادی تبدیلی جو کہ ہم کراچی کے اندر محسوس کر رہے ہیں ' وہ یہ ہے کہ اب عوام سیاست اور دہشت گردی کو الگ الگ سمجھتے ہیں اور عوام کی دہشت گردوں کو جو ایک سپورٹ تھی اور political cover تھا' وہ اب ختم ہوتا جا رہا ہے ۔ عوام اب باقاعدہ دہشت گردوں کی نشاندہی کرتے ہیں ۔ آپ اخبارات میں بار بار پڑھتے ہوں گے کہ خبریں آ رہی ہیں کہ بوریوں میں لاشیں دی جا رہی ہیں اور ان پر یہ لکھا جاتا ہے کہ یہ مخبروں کا انجام ہے۔ ان خبروں سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ عوام اپنی جان پر کھیل پر حکومت کی ایجنسیوں کی مدد کر رہے ہیں ' اور دہشت گردوں کو expose کر رہے ہیں ۔

یہ بات ہماری عقل میں نہیں آتی ہے کہ کس طرح کوئی حکومت یہ چاہے گی کہ جو زیر حراست دہشت گرد ہیں ' ان کو قتل کیا جائے ۔ جناب والا ! یہ بات سمجھ میں آنے والی ہے کہ جتنے بھی زیادہ دہشت گرد ہمارے پاس زیر حراست ہوں گے ' ان سے ہمیں بڑی مفید معلومات دوسرے دہشت گردوں کے بارے میں حاصل ہوں گی۔ دوسرا یہ کہ یہ جتنے دہشت گرد زیر حراست ہوں گے ' اتنی ہی زیادہ ہماری پوزیشن مذاکرات کی میز پر مضبوط ہوگی ۔ میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کو بتانا چاہتا ہوں کہ ہمیں ان اسیر لوگوں کو ایم کیو ایم کے دہشت گردوں سے بچانے کے لئے بہت سخت اقدامات کرنے پڑتے ہیں ۔ ان اسیر لوگوں میں نہ صرف ایم کیو ایم کے چھوٹے کارکن یا دہشت گرد ہیں بلکہ ایم کیو ایم کے بہت سارے اہم لیڈر بھی ہیں۔

ان کی حفاظت کے لئے حکومت کو انتہائی اقدامات کرنے پڑتے ہیں ۔یہ اس لئے کرنے پڑتے ہیں کہ ان کی قیادت کو یہ خطرہ ہے کہ اگر یہ زیر حراست رہیں گے تو یہ دوسرے دہشت گردوں کی نشاندہی کریں گے ۔ ان کے لئے وہ ایک liability ہیں اور جب ان کو دوسرے طریقوں سے چھڑوانے کی کوششیں ناکام ہوتی ہیں تو صورت حال دوسری بن جاتی ہے ۔

جناب والا ! ہم نے سپریم کورٹ میں اس بات کے شواہد پیش کئے ہیں اور اس بات کے ثبوت پیش کئے ہیں اور یہ ثبوت ہماری حکومت نے نہیں بلکہ یہ تمام کے تمام پچھلی حکومت نے مہیا کئے تھے کہ یہ ایک ایسی جماعت ہے جس نے خود اپنے چیئرمین عظیم طارق کو قتل کرایا ہے۔ اس لئے ہمیں اس معاملے میں بہت زیادہ احتیاط برتنی پڑتی ہے ۔ جب بھی اس قسم کا کوئی واقعہ ہوا ہے یا جب بھی اس قسم کی کوئی شکایت پیدا ہوئی ہے تو ہم نے عدلیہ سے request کی ہے کہ وہ اس سلسلے میں دیکھیں اور وہ اس کے بارے میں معلومات حاصل کریں کہ ان کو کون قتل کر رہا ہے اور کس طریقے سے قتل ہوئے ہیں ۔ ان سب کے بارے میں ایک ایک کرکے حقائق منظر عام پر آئیں گے اور آپ خود اس کو دیکھ لیں گے کہ زیر حراست دہشت گردوں کو قتل کرنے میں کس کا interest ہے ۔

قائد حزب اختلاف اور دوسرے لوگوں نے بار بار کہا ہے کہ کراچی معاشی طور پر تباہ ہو رہا ہے ۔ اس سلسلے میں ، میں کچھ اعدادوشمار آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہوں گا ۔سینیٹر مسعود کوثر صاحب یہاں تشریف رکھتے ہیں ، یہ نیشنل فنانس کمشن کے ممبر ہیں ۔ یہ اعدادوشمار ان کے بھی پاس ہیں۔ میں عرض کرنا چاہوں گا کہ اس سال انکم ٹیکس کی مد میں ہم نے مجموعی طور پر ابھی تک 58 ارب روپے کی وصولی کی ہے ۔ اس 58 ارب میں 39 ارب روپے کراچی ریجن نے contribute کئے ہیں۔ میں آپ کو یہ بھی بتانا چاہوں گا کہ جو increment ہوا ہے ، جو کراچی میں وصولیابی میں اضافہ ہوا ہے ۔ وہ اس ایک سال کے کراچی میں ساڑھے بارہ ارب روپے کا اضافہ ہوا ہے ۔

جناب عالی ! میں بتانا چاہوں گا کہ کراچی پورٹ ملک کے جو total costum revenue

ہیں - اس سال اس کے اندر 84% کراچی پورٹ نے کنٹری بیوشن کیا ہے اور اگر واقعی حالات اتنے خراب ہیں اور اکانومی تباہ ہو چکی ہے ---

جناب چیئرمین- آپ کے تین منٹ اور ہیں - اب لیڈری والی بات نہیں ہے -

جناب تاج حیدر- میں پھر ذرا جلدی جلدی ان تمام چیزوں کے اوپر سے گزر جانا چاہوں گا - کیونکہ بہت سے نوٹس تھے جو کہ میں نے تیار کئے تھے- بہرحال کراچی میں ہم نے بجلی کے نظام کی درستگی کی ہے - کراچی کے اندر جو نئی پاور پلانٹس آ رہی ہیں - کراچی میں ابھی ایک انٹرنیشنل کمپنی نے جو ایف پی کی پلانٹ تین سو ملین ڈالر کی لگائی ہے - میں ان تمام چیزوں کی طرف توجہ دلا کر آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کو یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ کراچی کے حالات بہتر سے بہتر ہو رہے ہیں -

جناب عالی! آئین کے رو سے اور آئین کے آرٹیکل ، کے اندر ریاست کی پوری تفصیل دی گئی ہے کہ کون کونسے ادارے ریاست کی تشکیل کرتے ہیں اور آپ نے جو اس دن observation کی تھی - میں ذرا اس کی طرف جاؤں گا ان اداروں میں دو قسم کے ادارے ہیں - ایک منتخب ادارے ہیں اور ایک غیر منتخب ادارے ہیں - پاکستان کی تاریخ کے اندر بار بار یہ ہوتا رہا ہے کہ یہ غیر منتخب ادارے اقتدار کے اوپر اپنا قبضہ جماتے رہے - یہ غیر منتخب ادارے چونکہ عوام کو جوابدہ نہیں ہیں- اس لیے ان کے اندر کمزوریاں آ رہی ہیں - ان کے اندر کرپشن آ رہا ہے اور یہ عوام سے غیر متعلق رہتے ہیں- اب اس طریقے سے آئین کے آرٹیکل ، میں جس طرح منتخب اداروں اور غیر منتخب اداروں کی تقسیم ہے - اسی طریقے سے دو طبقہ فکر پیدا ہوئے اور دو سیاسی رجحانات پیدا ہوئے - جناب عالی! ایک سیاسی رجحان وہ ہے- جو عوام کو طاقت کا سرچشمہ سمجھتا ہے - دوسرا سیاسی رجحان وہ ہے جس سے تعلق رکھنے والے افراد ان غیر منتخب اداروں کو طاقت کا سرچشمہ سمجھتے ہیں اور ان سے وہ گٹھ جوڑ کرتے رہتے ہیں - میں بڑے ادب سے یہ کہنا چاہوں گا کہ صدر مملکت نے کہا ہے کہ دونوں پارٹیوں کے منشور ایک جیسے ہیں - میں ا س سے اتفاق نہیں کرتا - جناب عالی! اس طرف بیٹھنے

والے تو وہ لوگ ہیں - غیر سیاسی انتخابات جن کا سیاسی فلسفہ ہے - جن کا کوئی سیاسی منشور ہی نہیں ہے - - -

جناب الیاس احمد بلور۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب چیئرمین وہ پارٹی کہیں - اس طرف بیٹھنے والے وہ لوگ ہیں - جن کے کاندھوں پر بیٹھ کر آپ نے ۸۸ء کا الیکشن جیتا ہے۔ ایم آر ڈی کے سہارے۔

جناب چیئرمین۔ بہرحال یہ اس طرح پوائنٹ آف آرڈر نہیں بنتا ہے - جب آپ کی باری آئے گی تو آپ ان کو contradict کر دیں۔ A point of order should not be used to interrupt the speech of speaker. جی '

جناب تاج حیدر۔ جناب عالی! ظاہر ہے کہ s exception ہیں اور وہاں سے ایک بڑے معتبر بزرگ نے اخبارات میں بیان دیا کہ جناب یہ پوری پارلیمنٹ چوروں ' ڈاکوؤں کی ہے اور میں ان کی خدمت میں بھی یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ آپ افراد پر تنقید کریں - جمہوری اداروں کے اوپر تنقید نہ کریں - کیونکہ ان جمہوری اداروں کو ہمیں بنانا ہے - ہمیں تشکیل دینا ہے اور تنقید جو ہے وہ اداروں کے اوپر نہیں کی جاتی اور تنقید اس طریقے سے نہیں کی جاتی اور یہ اسی فکر کا ایک نمونہ ہے جس کی نمائندگی اس طریقے سے ہوتی ہے کہ غیر منتخب اداروں کو ساتھ لے کر اور غیر منتخب اداروں کی سرپرستی کے اندر وہ تمام لوگ جو عوام کی راہ کے اندر سدراہ بنے ہوئے ہیں۔ اور عوام کے مفادات جن کے مفادات سے ٹکراتے ہیں ان کو جوڑ کر ایک جماعت بنا لی جائے - کچھ اتحاد بنا لیے جائیں اور جناب عالی! جو منشور بنایا گیا ہے - اس منشور کے اندر بھی کیونکہ یہ تو ذاتی manifesto والے لوگ ہیں - ان کا سیاسی منشور پہلے ہوتا ہی نہیں تھا - یہ غیر جماعتی انتخابات کے اندر یقین رکھتے تھے۔ وہ بھی یہ کیا گیاہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے manifesto سے کچھ پوائنٹ لے لئے گئے اور ایک manifesto اپنا جاری کر دیا گیا لیکن میں آپ سے یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ یہ manifesto بے روح ہے۔ یہ عوام کے حقوق اور اختلاف رائے کا manifesto ہے - انسان کے دبے ہوئے اور کچلے ہوئے لوگ ہیں اور یہ ہر شہر کے اندر

موجود ہوتے ہیں اور جہاں اچھی آبادیاں ختم ہوتی ہیں - جہاں ہزار گز کے پلاٹ ختم ہوتے ہیں - اس کے بعد کچی آبادیاں شروع ہوتی ہیں - اور وہ ہماری constituancy ہے - ان غریبوں سے بیس فیصدی کے زیادہ ووٹ جناب عالی رجسٹرڈ نہیں ہوتے - ان غریبوں کو شناختی کارڈ جاری نہیں ہوتے - ان بستیوں کو انتخابات کے اندر توڑا جاتا ہے - اور اسی طریقے سے ان کی محنت کا کمایا ہوا سرمایہ وہ سارے کا سارا مقتدر ہاتھ میں ہے - اور جو production اور consumption کا gap ہے - جس طریقے سے دولت سمٹ کرمقتدر ہاتھ میں جارہی ہے - وہ ہمارے ملک کی بنیادی problem ہے - پھر یہاں پر جمہوری نظام کو challenges پیش آرہے ہیں۔ لیکن میں سمجھتا ہوں جناب جو جدوجہد شروع ہوئی تھی - عوام کے حقوق کے لئے ، عوام کی آزادیوں کے لئے ، عوام کی معاشی ترقی کے لئے ، ہم سے پہلے بھی بہت سے گمنام سپاہی تھے جو اس جدوجہد کو چلاتے رہے ہیں - اب یہ ہماری باری ہے - اور ان کے آگے چل کر ہم اس سلسلے کے آگے آئے ہیں - ہم ایوان اقتدار تک پہنچے ہیں - یہ جدوجہد چلتی رہے گی - ہمارے پیچھے بھی لوگ آئیں گے - کارخانوں سے ، درسگاہوں سے ، وڈیروں کی ان جیلوں سے جہاں پر انہیں chain کیا جاتا ہے اور جبری مشقت لی جاتی ہے اور جہاں پر ان کو hostage رکھا جاتا ہے - یہ سلسلہ جناب عالی نہیں روکا جاسکتا - میں بتانا چاہتا ہوں - یہی تباہ حال لوگ ، یہی مزدور ، یہ کسان ، یہی کہ جن کے کپڑے پھٹے ہوئے ان کے پسینے سے ان کے بدن پر چپکے ہوتے ہیں - جن کے بچے رات کو بھوکے سوتے ہیں - یہ اس ملک کا سرمایہ ہیں - یہی اس ملک کے حاکم ہیں اور ان کے ہاتھ میں اس ملک کا مستقبل ہے - شکریہ !

جناب چیئرمین۔ محترمہ نسرین جلیل صاحبہ -------- غیر حاضر ---- جناب حاجی گل صاحب -

جناب حاجی گل -جناب میں بعد میں بات کروں گا -

جناب چیئرمین-نہیں نہیں جی آپ بات کریں۔ آپ نے اپنے فاٹا کی بات کرنی ہے - اس میں کیا ہے - چلیں آپ تیاری کریں - میں اس کے بعد آپ کو

بلاتا ہوں شاباش- ---- جی عبدالرحیم خان صاحب -

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل- جناب چیئرمین ! اگر فتح محمد خان صاحب کو موقع دیں اور مجھے ان کے بعد بلالیں تو اچھا رہے گا -

جناب چیئرمین- چلیں ٹھیک ہے فتح محمد خان صاحب لمبی بات نہیں کرنی ہے - ان کے بعد شفقت محمود صاحب ہیں اور اس کے بعد آپ کو موقع دیں گے - حاجی گل صاحب آپ نے آج ہی بات کرنی ہے - تیاری کرلیں - ---- جی جناب فتح محمد خان صاحب -

جناب فتح محمد خان - جناب چیئرمین ! شکریہ - میرے مہربان مندوخیل صاحب کا بھی شکریہ کہ انہوں نے بھی مجھے وقت دیا -

جناب صدر کی تقریر کا جہاں تک تعلق ہے - انہوں نے بڑے اچھے طریقے سے تقریر کی ہے - بلکہ میں کہوں گا کہ بڑے حوصلے اور تدبر سے بنیادی مسائل کا ذکر کیا ہے - اور ان سب کا احاطہ کرنا کسی ایک کی بس کی بات نہیں ہے - پھر دس پندرہ منٹ میں ان سب کا ذکر نہیں ہو سکتا - ابتداء میں چند ایک انہوں نے باتیں کی ہیں اور ابتداء انہوں نے سورہ رحمٰن سے کی اور اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم اور رحم اور مہربانیوں کا ذکر تھا اور ساتھ ساتھ جو سورہ رحمٰن میں جو انسان کو تنبیہ کی گئی ہے اس کا بھی ذکر اس میں ہے کہ انسان کو کہا گیا ہے کہ تم میزان میں خلل نہ ڈالو- انصاف اور حق رسانی کا عمل جاری رکھو- ہر معاملہ کا ٹھیک وزن قائم کرو- کسی طور زیادتی نہ کرو- عدل کی ترازوں میں ڈنڈی نہ مارو- تو یہی باتیں ہیں- جو باتیں ہم کرتے ہیں اور اسی طرح ہمارا عمل بھی ہوگا تو میرے خیال میں تمام مسائل حل ہو جائیں گے- لیکن ہمارے عمل اور ہماری باتوں میں جو بڑا تضاد ہوتا ہے اس کی وجہ سے ساری خرابیاں جنم لیتی ہیں اور معاشرے میں پھر افراتفری اور ہیجان کا عمل شروع ہو جاتا ہے-

اس کے بعد صدر صاحب نےجو بات کی ہے وہ ہے پاکستان کی- اس نے پاکستان کا ذکر کیاہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل و کرم ہے اور اس کی بڑی مہربانی

ہے کہ اس نے ہمیں پاکستان سے نوازا ہے لیکن پھر وہاں پر انسان کی بھی کچھ ذمہ داریاں ہیں جو ہم نے پوری نہیں کیں۔ 48 سال سے جس طریقے سے ہم نے پاکستان کو چلایا ہوا ہے اس کا بھی صدر صاحب نے بڑے تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ جیسے انہوں نے فرمایا ہے کہ ملک میں بد امنی ، لاقانونیت ، انتشار ، فساد ، رشوت ستانی ، مہنگائی inflation ، حکومت اور اپوزیشن کا تصادم، اقتصادی بحران اور لوگوں کی بدحالی، بے روزگاری ، کراچی کی تباہی اور کشمیر کا مسئلہ۔ سمگلنگ اور ڈرگ مافیا۔ یہ ساری چیزیں تو ہیں۔ہم نے 48 سال میں اس کی جڑیں کوکھلی کر دیں۔ اب ہر ایک آدمی یہ سوچنے پر مجبور ہے اور یہ کہتے رہتے ہیں کہ آخر اس پاکستان کا کیا بنے گا پاکستان رہے گا یا نہیں رہے گا۔ اس حد تک بات آ گئی ہے۔ اس کی وجہ سے صرف یہی ہے کہ ہم باتیں تو کرتے ہیں حکومت والے بھی اور اپوزیشن والے بھی لیکن پھر ہمارا عمل اس کے بالکل مخالف ہوتا ہے۔ ہمارا قول و عمل اگر ایک ہو جائے تو پاکستان واقعی اللہ تعالیٰ کی نعمت بنے گا ورنہ میرے خیال میں ہم نے پاکستان کو اللہ کی ایک زحمت بنایا ہوا ہے اس سے ہمیں چھٹکارا حاصل کرنا ہے۔

اس کے بعد صدر صاحب نے ان باتوں کا بھی ذکر کیا ہے کہ ہمارے جو موجودہ مسائل ہیں اس کا کیا حل ہونا چاہیئے ۔ انہوں نے حکومت اور کاروباری لوگوں کے درمیان افہام وتفہیم کی جو بات کی ہوئی ہے وہ بھی ظاہراً صحیح معلوم نہیں ہو رہی ہے اس لئے کہ سارے کاروباری طبقے اور کارخانہ دار ہیں وہ سارے کے سارے موجودہ پالیسیوں سے نالاں ہیں اور حکومت سے متصادم رہتے رہے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ جو سسٹم ٹیکسوں کا ہم نے بنایا ہوا اور چوریوں کا جو بنایا ہوا وہ اس سے بھی نالاں ہیں۔ اس کی وجہ سے پاکستان میں اکثر کارخانے اب بند ہیں۔باہر کے لوگوں کو جو ہم نے کہا تھا کہ آجائیں اور یہاں پر کارخانے لگائیں اور یہاں پر پیسے لگائیں وہ بھی اب جرات نہیں کرتے کہ وہ اس ملک میں آکر اپنا سرمایہ لگائیں۔ پتہ نہیں کہ وہ زندہ واپس چلے بھی جائیں گے یا ان کی لاشیں ان کے ممالک میں چلی جائیں گی۔

عورتوں کے حقوق کے متعلق بھی صدر صاحب نے بات کی ہے لیکن وہ بھی

میرے خیال میں بہت محدود کی ہے۔اس لئے کہ انہوں نے کہا ہوا ہے بیجنگ اور کوپن ہیگن اور قاہرہ میں عورتوں کے حقوق پر بات ہوئی ہے۔ میرے خیا ل میں صرف دو تین جگہوں پر حقوق کی بات کرنے سے ان کے سارے حقوق ان کو نہیں مل سکتے۔اس کے لئے کوئی عملی اقدامات کرنے ہوں گے جن سے عورتوں کو واقعی ان کا صحیح مقام اس معاشرے میں مل جائے۔

جہاں تک مارشل لاء کے بعد آٹھویں ترمیم ہوئی ہے اس میں بھی کافی نقص معلوم ہوتا ہے۔ کافی خرابی اس میں دکھائی دے رہی تھی اس لئے کہ جب ایک پارٹی کے صدر اور وزیراعظم نہیں ہوتے تو یہ صدر کی مرضی پر ہوتا ہے کہ جب بھی وہ ناراض ہو جاتا ہے اسمبلیوں کی چھٹی کرا دیتا ہے۔ جیسے پہلے دو تین دفعہ ایک جونیجو صاحب کی اسمبلی کی چھٹی کرا دی گئی۔ اس کے بعد بے نظیر بھٹو صاحبہ کی حکومت کی چھٹی کرا دی گئی۔ اس کے بعد نواز شریف کی حکومت کی چھٹی کرا دی گئی۔ تو یہ آٹھویں ترمیم کی وجہ سے ہوا ہے ابھی تو صدر اور وزیراعظم ایک ہی پارٹی کے ہیں ۔ میرے خیال میں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا صدر کے اختیارات اور وزیراعظم کے اختیارات میں توازن ہو ، ہم کہتے ہیں کہ ابھی تو کوئی فرق نہیں پڑتا' وہی ایک بات ہو جاتی ہے جو وزیراعظم کی بات ہوتی ہے وہ صدر کی ہوتی ہے جو صدر کی ہوتی ہے وہ وزیراعظم کی ہوتی ہے۔ لیکن پھر بھی آٹھویں ترمیم جو ہے یہ چونکہ پارلیمنٹ کے معاملات میں مداخلت کے مترادف ہے اس لیے میرا خیال ہے یہ فوراً ختم ہونی چاہئے تاکہ اسمبلیاں آرام سے اپنا کام کر سکیں اور جو ان معیاد ہوتی ہے وہ پورا کر کے اس کے بعد الیکشن کروائیں۔

جہاں تک خراب اور اچھی حکومتوں کا تعلق ہے میرے خیال میں اگر حکومت خراب بھی ہو تو وہ اپنی مدت کو پورا کرے تاکہ لوگ دیکھ لیں کہ انہوں نے کتنے غلط کام کئے ہیں اور اگر وہ غلط پہ غلط کرتے رہتے ہیں تو پھر بھی ان کو یہ موقع دینا چاہئے کہ لوگ دیکھ لیں کہ کتنی غلطیاں انہوں نے کیں۔ اور جب لوگ ان کو منتخب کر لیتے ہیں تو پھر دو تین جگہوں پر ان کے اختیارات ہوتے ہیں باقی کسی کو

اختیار نہیں ہوتا۔ اگر ہم اس سے زیادہ تجاوز کرتے ہیں تو نتیجہ اس کا صرف مارشل لاء نکلتا ہے اس کے بغیر کوئی اور چارہ نہیں ہوتا۔ مارشل لاء سے ہمیں گریز کرنا چاہئے اور یہ مسلسل جو اس ملک میں مارشل لاء کی لعنت لگی رہتی ہے۔ اس کے بارے میں ہمیں اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے پارلیمنٹ میں ایسا کوئی طریقہ اپنانا چاہئے۔۔ جیسے کل میں دیکھ رہا تھا کہ معمولی سی بات تھی شہباز شریف کے ساتھ زیادتی ہوئی تھی تو اس طرف سے اتنے الزامات عائد کئے گئے اور اس طرف سے بھی اتنے الزامات کئے گئے اور ایسا لگ رہا تھا کہ جیسے ہمارے درمیان لڑائی ہو رہی ہے۔ ایسے نہیں ہوتا کہ ایک بھائی دوسرے بھائی سے کوئی شکایت کرے اور وہ اس پر سوچے اور اگر غلط بھی ہے تو اس کا ازالہ کرے۔ ایسی بات یہاں پر کبھی نہیں ہوتی، ہمیشہ تصادم جیسی صورتحال ہوتی ہے۔ کسی معمولی بات پر ہم ایک دوسرے کو ذمہ دار ٹھہراتے ہیں۔ ایسا نہیں کرتے کہ جو کچھ ہوا ہے وہ چھوڑ دیں۔ ابھی سے ہم اپنے آپ کو درست کرلیں اور آگے کے لئے کوئی ایسا طریقہ اختیار کریں۔ اس لئے کہ اس ملک میں جمہوری رواج تو ابھی تک قائم نہیں ہوئے ہیں۔ لوگ کہتے ہیں کہ جمہوری رواج۔۔۔ جمہوریت اس ملک میں کہاں پھلی پھولی ہے، کہاں کسی نے چھوڑی ہے۔ یہاں پر جب اسمبلیاں آ جاتی ہیں تو اس سے ایک دو سال بعد مارشل لاء لگ جاتا ہے۔ اس کے بعد جب وہ اپنی مرضی کے لوگ لے آتے ہیں۔ اس کے بعد پھر وہ تھوڑا بہت غلطی کر کے پھر ایک اور مارشل لاء یا درمیان بیوروکریٹس کی حکومت آ جاتی ہے۔ تو اگر ابھی سے ہم یہ کوشش کریں، ابھی سے ہم روایت کچھ ایسی ڈالیں جو آنے والی اسمبلیوں میں یا آنے والی پارلیمنٹ میں لوگ اختیار کریں تو وہ ہمارے لیے زیادہ بہتر ہو گا، بجائے اس کے کہ ہم پچھلی حکومتوں کی اور پچھلی اپنی قربانیوں کی تکرار کریں۔ ویسے تو ہر ایک کے ساتھ بہت زیادتی ہوئی ہے۔ تین چار دفعہ میں اسمبلیوں میں تھا اور اسمبلیاں توڑ کے مجھے گھر بھیجا گیا۔ میں بھی مارشل لاء لگنے کے بعد تین چار دفعہ اسمبلیوں سے گیا ہوں۔ تو مارشل لاء میں اور بعد میں جتنی خرابیاں ہوتی ہیں وہ خرابیاں بھی اکثر مارشل لاء کی چھوڑی ہوئی ہوتی ہیں۔ اگر ہم دیکھ لیں تو پہلے مارشل لاء میں جتنی خرابیاں آ گئیں اس کی وجہ

سے ملک بھی ٹوٹا اور اس کی وجہ سے صوبائی تعصبات بھی بڑھے اور اس کی وجہ سے بہت سی مثلاً خرابیاں رشوت کا بھی تھوڑا بہت سلسلہ اس وقت سے شروع ہوا۔ پھر دوسرے مارشل لاء میں، پھر ایسے حالات پیدا ہو گئے کہ لاکھوں انسانوں کو مارا اور پھر بھی توڑ پھوڑ رہی، ہر جگہ پر ایسے خراب حالات رہے۔ اب اس مارشل لاء کی حالت کو اگر آپ دیکھیں تو ایسے مسائل اس مارشل لاء نے بھی اس ملک میں چھوڑے ہیں کہ اگر ہم افہام وتفہیم سے ان کو حل کرنے کی کوشش نہ کریں تو میرے خیال میں جمہوریت میں ان کا حل کرنا ناممکن معلوم ہوتا ہے۔

مارشل لاء والوں کے متعلق میں یہ بھی کہوں گا کہ جو مارشل لاء لگاتے ہیں ان کے بچوں کو اور ان کے پیروکاروں کو پھر ہم اتنا مقام دیتے ہیں اور اتنی عزت ہم کرتے ہیں کہ وہ بھول جاتے ہیں کہ ہم سے کوئی غلطی ہوئی ہے بلکہ جو قانون بھی وہ پاس کر لیتے ہیں۔ اس کو ہم منظور کر لیتے ہیں کہ بس ٹھیک ہے یہ قانون جو انہوں نے پاس کیا ہوا ہے یہ تو ٹھیک ہے، تو میرے خیال میں جب تک ان کو یہ پتہ نہ ہو کہ ہم صحیح کر رہے یا غلط کر رہے ہیں تو ہمیشہ مارشل لاء لگتا رہے گا، پھر ان کا طریقہ ہوتا ہے کہ جو بھی کام ہو جاتا ہے، کچھ لوگ ان کی حمایت میں ہوتے ہیں اور کچھ مخالفت میں، تو مارشل لاء میرے خیال میں اس ملک کا مقدر بنا ہوا ہے اور رہے گا۔ ہندوستان والے جو ہیں وہ ہم سے زیادہ غریب ہیں ان میں بہت سی ہم سے زیادہ خرابیاں بھی ہوں گی، لیکن ابھی تک وہاں پر مارشل لاء نہیں لگا اور یہاں پر لاتعداد مارشل لاء لگ گئے ہیں۔ مطلب میرا صرف یہ ہے کہ یہاں پر ہمیں اپنی ذمہ داری کا احساس کر کے کچھ اس طریقے سے کام چلانا چاہیئے کہ مارشل لاء بھی نہ لگے اور لوگ بھی دیکھ کر یہ نہ کہیں کہ یہ تو ہماری وجہ سے ہوا جیسے میرے چند ایک دوست کہہ رہے ہیں کہ ایک صاحب نے فرمایا تھا کہ سارے ڈاکو اور لٹیرے بیٹھے ہوئے ہیں، سارے چور بیٹھے ہوئے ہیں، تو لوگوں کا بھی یہ تاثر کم از کم ہمارے متعلق تو نہ ہو کہ یہ وہاں بیٹھ کر خالی اپنے لئے ہی کچھ کر رہے ہیں، چوری کر رہے ہیں، ڈاکہ ڈال رہے ہیں یا اپنے مفادات کے لئے جنگ لڑ رہے ہیں یا ہمارے لئے بھی کچھ کر رہے ہیں،

ان کے مسائل میں کچھ کمی واقع ہوتی ہے تو واقعی پھر ان کے لئے ہم بیٹھے ہوں گے ، لیکن اگر ہمیں صرف یہی کوشش کرنی ہوتی ہے کہ یہ جو میعاد کے دن ہیں ' ادھر ادھر چیزوں میں گزار دیں اور گھر واپس چلے جائیں باقی قانون سازی میں ہمارا کوئی interestنہیں ہوتا ' لوگوں کے مسائل میں ' سننے میں بھی اور ان کو حل کرنے میں بھی ہماری کوئی دلچسپی نہیں ہوتی ' تو پھر لوگ بھی ہم سے بیزار ہو جاتے ہیں ' وہ کہتے ہیں کہ مارشل لاء میں اور ان میں یا بیوروکریٹس میں اور ان میں فرق کیا ہے ' یہ تو ایسے ہی سارے کے سارے ایک قسم کے لوگ ہیں ' اپنے مفادات کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں -

ایک چیز ہمیں اپنے قومی کریکٹر میں لانی چاہیئے ' وہ ہے برداشت ' ہم میں بالکل برداشت ختم ہو گئی ہے ' ہم کسی کو برداشت نہیں کر سکتے کہ یہ اگر اپوزیشن والے ہیں تو حکومت والے ہمیں سمجھتے ہیں کہ یہ ہمارے دشمن ہیں ' اگر وہ حکومت کرتے ہیں تو ہم کہتے ہیں کہ ابھی فوراً ہمیں کیوں حکومت نہیں دیتے یہ کیوں بیٹھے ہوئے ہیں اور دوسرے کے ساتھ دشمنوں جیسا سلوگ کرتے ہیں - کسی پارلیمنٹ میں یہ طریقہ نہیں ہوتا ' مہذب دنیا کی جس پارلیمنٹ کو آپ دیکھ لیں وہاں پر یہ نہیں ہوتا کہ آپس میں دونوں دشمن ہوتے ہیں ' وہ اپنی اپنی باری پر حکومت کرتے ہیں اور حکومت صرف اس لئے کرتے ہیں کہ لوگوں کے مسائل حل کر لیں اور ان کے لئے جو قانون بنا ہے وہ بھی ان کے لئے مفید ہو اور اس سے سارے ملک کی ترقی و خوشحالی ہو سکے - باقی یہ چند ہمارے جو پڑوسی ممالک ہیں ان کے ساتھ بھی ہمیں کچھ اس طریقے سے چلنا چاہیئے-

اب افغانستان میں ' ہم پر الزام ہے میں تو نہیں کہہ سکتا کہ واقعی ہم کرتے ہوں گے لیکن الزام ہم پر ہے کہ طالبان کی مدد ہم کر رہے ہیں ' ہمیں ضرورت کیا تھی کہ وہاں پر ایک حکومت کے خلاف ہم نے پہلے بھی افغانستان کی حکومت کو خانہ جنگی میں ڈال دیا ' ۹ یا ۱۰ پارٹیاں بنا کر ' وہاں پر خانہ جنگی شروع کر دی ' اب ان کے لئے اور مزید ہم ایسی مشکلات پیدا کریں اور پھر اگر ان کی حکومت آ

جاتی ہے تو ان کے اثرات اس ملک پر کیا پڑیں گے ' اس پر بھی سوچنا چاہیئے کہ وہاں پر جس کی حکومت ہو گی اس کے یہاں پر کیا اثرات ہوں گے ' ہم بغیر یہ سوچے کسی ایک گروہ کی حمایت کرنے میں لگ جاتے ہیں اور وہاں پر بھی خرابی پیدا ہو جاتی ہے اور ہمارے ملک میں بھی اس کے بڑے مضر اثرات مرتب ہوتے ہیں - اسی طرح سے ایران اور چین ہیں تو ایران کے ساتھ ہمیں ذرا زیادہ محتاط انداز سے اپنے برادرانہ تعلقات ابھی تک جو چلے آ رہے ہیں ان کو مزید استوار کرنا چاہیئے اور ان کے لئے مزید کچھ کرنا چاہیئے ' ایسا نہ ہو کہ وہ بھی ہم سے ناراض ہو جائیں - باقی امریکہ کے ساتھ ہمارے تعلقات جو ہیں وہ سیٹ ہیں ' جیسے ڈیل ہوتی ہے ' وہ کسی کے دوست نہیں ہوتے اور نہ کسی کے دشمن ہوتے ہیں ' جن سے ان کے خاص مفاد وابستہ ہوتے ہیں ' اس وقت اس وقت تک اس کی حمایت کرتے ہیں اور جب اس سے ان کے خاص مفادات وابستہ نہیں ہوتے ' اسی وقت اس کو چھوڑ جاتے ہیں ' تو ان کے ساتھ بھی ایسا نہیں کہ ہم دشمنی کریں ، لیکن وہ قابل اعتماد دوست نہیں بن سکتا ' تو اپنے قابل اعتماد دوستوں کو ان کے لئے چھوڑنا ' یہ بھی میرے خیال میں جائز نہیں ہو گا ' جس طرح سے چین ہے چین بھی ہمارا قابل اعتماد دوست ہے تو اس کی طرف بھی حکومت کو ذرا محتاط انداز سے سوچنا چاہیئے - میں زیادہ آپ کا وقت نہیں لوں گا ' بڑی مہربانی -

جناب چیئرمین- بہت مہربانی ' حاجی گل صاحب کوئی تیاری ہے کہ نہیں

جناب حاجی گل صاحب-

سید اشتیاق اظہر، نسرین جلیل صاحبہ بیمار ہیں-

جناب چیئرمین، کوئی درخواست بھی تو نہیں آئی ان کی- بہرحال اب دیکھیں گے لیکن کوئی درخواست ان کی جانب سے ہونی چاہیئے-

سید اشتیاق اظہر، کل جب آئیں گی تو پیش کریں گی-

جناب چیئرمین، جی جناب حاجی گل صاحب-

حاجی گل خان آفریدی، بسم اللہ الرحمان الرحیم' جناب چیئرمین ! میرا یہ

خواہش تھا کہ میں ایک دو دن بعد بات کروں، کیونکہ میرے دماغ میں جو کچھ ابھی ہے وہی بتاؤں گا انشاء اللہ اور آج ہمارے سینیٹر حضرات بھی ذرا کم ہیں لیکن خیر ہے ہمارے موجودہ بھائی سن لیں۔ جناب چیئرمین صاحب! پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں صدر فاروق احمد خان لغاری صاحب نے جو تقریر کی وہ موجودہ حالات کے حساب سے اچھی تھی اور اس وقت ایوان میں ماحول بہت اچھا رہا پچھلے سال کے مقابلے میں، پچھلے سال جو گڑ بڑ تھی اس سال بہت اچھے حالات رہے اس اچھائی کی وجہ سے میں خوش ہوگیا حالانکہ اگر تھوڑا بہت واک آؤٹ ہوا یہ تو ہوتا ہے۔ اپوزیشن اور حکومت کے ساتھ بھی ہوتا آتا ہے ۔ جناب چیئرمین! صدر صاحب کراچی کے متعلق جو کچھ بولا حالانکہ حقیقت ہے کہ کراچی کے حالات بہت خراب ہیں اور کراچی میں سب پاکستانی بھائی رہتے ہیں اور اس سے پہلے میں نے بولا تھا کہ یہ بیرونی ممالک کے جو لوگ ہیں ان کو کراچی سے نکالا جائے۔ اس پر حکومت غور کر رہا ہے اور یہ ان کو باہر نکال رہے ہیں جو بغیر پاسپورٹ اور ویزے کے ہیں۔ جناب چیئرمین صاحب ایوان میں اچھا ماحول اور اچھا انداز ہم سب کی عزت ہے۔ (عربی) یہ عزت اللہ تعالیٰ نے ہم سب پارلیمنٹرین کو یا سینیٹروں کو یا ایم این ایز کو دی ہیں تو ہمیں چاہئیں کہ ہم محبت اور پیار سے اور ایک بڑے کا جیسا کہ آپ صاحب، یا پریذیڈنٹ صاحب یا اور کوئی ہم احترام کے ساتھ اس کی تقریر سن لیں۔ یہ ہم پر حق ہے جیسا کہ ایک سکول کے استاد کی بات شاگرد مانتا ہے اسی طرح ہمیں بھی چاہیئے کہ اسی طرح سے اگرچہ سکول کے ماحول سے ہم بڑے ہوگئے ہیں لیکن اسی ماحول سے اس کا خیال رکھیں۔

جناب چیئرمین! صدر صاحب نے تقریر میں بہت کچھ کہا ہے لیکن ہمارے قبائل کے متعلق کچھ نہیں کہا ہے لیکن ہم قبائل پاکستان کا حصہ ہیں۔ صدر صاحب کو چاہیئے کہ آئندہ سال تقریر میں ہمارے قبائل کے متعلق جو اچھائی یا جو کچھ تکلیف ہو بیان کرے۔ جناب چیئرمین! کل کے اخبار میں، میں نے پڑھا کہ آپ اس میں ثالث بن جائیں گے اور دونوں فریقوں کو اکٹھا کر لیں گے یہ میرا دلی خواہش ہے آپ بہت اچھا کردار ادا کر کے دونوں پارٹیوں کو ملا کر ایک لائن پر چلائیں۔ جناب

چیئرمین صاحب! پاکستان بہت بڑا علاقہ ہے اور پاکستان میں اچھائی بھی ہے اور برائی بھی' لیکن ہم اس طرف جاتے ہیں جس طرف برائی ہو۔ حکومت کو چاہیئے کہ جس جگہ برائی ہو اس کو ختم کرے اور وہ ختم کون کر سکتا ہے ہم سینیٹر تو نہیں ختم کر سکتے ہیں ہماری حکومت ختم کر سکتی ہے ۔ جہاں پر بدعنوانی ہو' جہاں پر اور مشکلات ہوں تو وہ ہماری حکومت کو چاہیئے کہ اسے سرے سے ختم کرے اور میری یہ خواہش ہے کہ کسی ملک میں جو بھی حکومت ہو وہ تو وہ ضرور اپنے ملک میں بدعنوانی ختم کرتا ہے۔ تو ایسا ہی ہماری حکومت کو بھی چاہیئے۔ کراچی کے علاوہ اور بھی کسی جگہ پر اگر کوئی گڑ بڑ ہو تو حکومت کو اس کا سدباب کرنا چاہیئے۔

جناب چیئرمین! ابھی آج کے اخبار میں میں نے پڑھا کہ گلشن جناح میں کچھ حادثے ہو گئے ہیں تو اس جگہ پر بہت حفاظتی انتظام ہونا چاہیئے۔ جہاں پر پارلیمنٹرین رہتے ہیں چاہے گورنمنٹ ہاسٹل میں ہو' چاہے گلشن جناح میں ہوں' بہت حفاظت ہونا چاہیئے اگر ہماری حفاظت یہاں بھی نہ ہو تو پھر ہم کہاں رہے ہیں۔ اس سے پہلے ایک دفعہ میں نے ایک تقریر میں کیا تھا کہ اسلام آباد بہت محفوظ جگہ ہے لیکن آج کے اخبار سے جو کچھ معلوم ہوا یہ اچھا نہیں ہوا۔ خدا کرے کہ اس کے بعد حالات صحیح ہو جائیں اور ہر پارلیمنٹرین کی حفاظت ہو۔ جناب چیئرمین! صدر صاحب کے متعلق میں اتنا اور بھی کہوں کہ وہ ایک شریف اور ایماندار آدمی ہیں' اس نے جو کچھ کہا ہے وہ اس کا خلوص بھی ہے اس کی نیت بھی صاف ہے اور ہونا یہ چاہیئے کہ اس کے خلوص اور نیت سے فائدہ اٹھا کر پارٹیوں کو اکٹھا کیا جائے تاکہ حکومت چل سکے۔ جناب چیئرمین صاحب! حالات کے مطابق میں آپ کے ساتھ اور آپ کے علاوہ پریذیڈنٹ صاحب کے ساتھ بھی کئی ملکوں میں گیا ہوں وہاں پر پاکستان کے متعلق بات ہمیشہ ہوئی تھی پہلے وہ کراچی کے متعلق پوچھتے تھے۔ اگر ہمارے کراچی کے حالات ٹھیک ہو جائیں تو شاید کسی ملک میں آپ بھی' یا ہمارا پریذیڈنٹ بھی' یا وزیراعظم صاحبہ جائیں تو یہ نہیں پوچھیں گے کہ کراچی کے حالات کیا ہیں۔ وہاں پر پہلی بات یہ ہوتی تھی کہ کراچی کے حالات ہمیں بتاؤ۔ جناب چیئرمین! حالات کے مطابق ہمیں ان مشکلات کو حل

کرنا چاہیئے۔ حکومت کے ساتھ تعاون کرنا دوسری پارٹیوں کا بھی فرض ہے۔ اگر دوسری پارٹی بھی ان کے ساتھ تعاون کرے تو انشاء اللہ ہمارے پاکستان کے سب حالات ٹھیک ہو جائے گا۔ جناب چیئرمین! میں ایک بات کہوں جو میں نے سکول کی کتاب میں پڑھی ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا کہ اے باری تعالیٰ، تیرا مقبول بندہ کون ہے۔ ارشاد ہوا بندہ ہمارا وہ ہے جو نہ لے بدلے کا بدلہ۔ ہمیں چاہیئے کہ ہم بدلہ نہ لیں۔ اور ہم ان پرانی برائیوں کو چھوڑ کر کے اچھائی کی طرف توجہ کریں۔ ہمارا ایمان ہے، میں خود اپنے ایمان کی بات کرتا ہوں کہ جب بھی کوئی بات ہو تو میں کوشش کرتا ہوں کہ اس میں اچھائی کی بات آجائے۔ برائی سے میں خود بھی دور ہو تا ہوں اور دوسرے کو بھی دور کرنے کوشش کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین صاحب! آج کی تقریر کے متعلق میں نے جو کچھ کہا صرف یہی میرے ذہن میں تھا اور انشاء اللہ اگر آئندہ موقع ملا تو اس کے لئے میں اور بھی تیاری کروں گا کیونکہ میں نے پریذیڈنٹ کی تقریر ابھی تک نہیں پڑھی ہے میں آپ لوگوں کا مشکور ہوں جو میرے ذہن میں تھا وہ میں نے کہہ دیا اس کے بعد انشاء اللہ اگر موقع دیا تو پھر بھی کہوں گا۔

جناب چیئرمین، بہرحال آپ نے بڑی اچھی تقریر کی ہے، بڑی کم تقریریں کرتے ہیں لیکن بہت اچھی کرتے ہیں شاباش۔ شفقت محمود صاحب۔

**Mr. Shafqat Mahmood:** Mr. Chairman, as the speeches on the President's Address were being made. One under current, that has been very visible, is either discussions of the dictatorial period which has passed or repeated references to the fact that if we do not mean ourselves, if we do not mena our performance better, the fragile democracy that we have today that democracy is also in danger. I was particlarly reminded of that when I was thinking about the President's speech , because I felt that the Presidedent's speech is not only a balanced one but he made an attempt and in a very successful attempt to pin point national issues, to mention a lot of problems that the country is facing and also made suggestions as to how we all together can improve the way things are

functioning. But unfortunately, I have also reminded of the fact that when the President got up to speak and at least this year, I was expecting that even if the members of the Opposition are not completely satisfied with everything that President has done but a sufficient degree of time has lapsed and a realization must have dawned that one very important aspect of our democracy is that our national institution must be protected and unfortunately, the performance, the way the President's person was being attacked over there and although ultimately there was a walk out, but before the walk out and you, Mr. Chairman was not present, some most objectionable things were said about the person of the President and that to me is indicative not only of the person of Mr. Farooque Ahmed Leghari but a kind of slandering of the institution of the President and that is what worried me the most about the Joint Session. Because in the shape of the President as a person, we have a man who is not only a loyal Pakistani, not only a person who has spent his entire life in the service of this nation, not only a person who has struggled against all forms of dictatorship, but in his character, in his behaviour, in his conduct, he has always shown Who has spent his entire life in the service of this nation, not only a person who has struggled against all forms of dictatorship but in his character, in his behaviour, in his conduct, he has always shown a degree of rectitude, a degree of awareness, a kind of austerity that is rarely seen in public life and therefore it disturbed me that the person of the President and the institution of the President was being attacked in this session and I cannot help feel, although I would not like to, my instinct is not to dwell on it but I cannot help feel that this attack on national institutions, I hope, it is not delibrate, I hope there is not a concerted plan that where all national institutions are being targetted, I hope it was only a momentary thing, I hope it was only a desire to express a certain

degree of frustration, because this is not the only institution that has been attacked as was mentioned by my learned friend, the Minister for State for Law, yesterday, the institution of the judiciary has also been repeatedly attacked. The superior judiciary has been attacked. The appointment of judges have been attacked. The persons of the judges have been attacked and only a few days ago, a relatively lower court but nevertheless a court of law was also attacked in Islamabad and that, to me, is a very dangerous trend because if no national institution is sacrosanct then it will be very difficult for us to carry this trend of democracy that we are trying to build, that we are trying to grow in our country.

Mr. Chairman, I will refer to some other examples of attack on our national institutions. The other day in Lahore, when the Leader of the Opposition in the Punjab Assembly arrived, not only that the airport was attacked, not only that the run-way was invaded but a lot of members and people who were gathered there also raised slogans against the armed forces and that again is to me a very dangerous trend because the armed forces are also a national institution or infact a vital national institution , a national institution that stand between us and our enemies, a national institution that we have to preserve which defend the integrity of the country, a national institution which have become a last resort for us. When problems in various areas seem to get out of hand it is that national institution that we rely upon and if that national institution is also being attacked in this manner that is also a very dangerous and perhaps shows a trend which I do not like to acknowledge but that trend seems to be quite visible.

Now, again Mr.Chairman, we hear stories of another "Tehreek", another movement in the offing. There was a movement last year which miserably failed

and there is going to be a movement, we are told, again this year and it is not that the movement particularly by itself that worries me-What worries me is this lack of acceptance of democratic institution, a lack of acceptance that a certain party has won an election and it is because of that election that this party has earned for itself the right to rule as long as it has the majority in the National Assembly and if this is being constantly targetted along with other national institutions as I have mentioned earlier and if these type "Tehreeks" are constantly being launched what is the message that we are sending to the people. The message that we are sending to the people is that neither the institution of the Presidency is sacrosanct and worth anything nor the institution of the judiciary is sacrosanct or worth anything, neither the institution of the armed forces is sacrosanct and worth anything and that we may have an election, we may get a government elected and legally, validly constituted but even that government is unacceptable because we do not like and therefore, we are going to raise movements, we are going to try and mobilize the people and bring it down by force. So, these are dangerous trends Mr.Chairman, I am not saying it only as a partisan although I am a member of that political party and very proud to be a member of political party. But I an genuinely and seriously disturbed and perturbed at this trend of events in our country and I feel that we need to take a deep breath, we need to think about this that which way we are heading. What are we trying to do? If, God forbid, the opposition is successful in bringing down this Government by force what will happen? Will that bring about some kind of democracy in our country? Will that bring about a tradition in our country which we can live with? Will that bring about a certain kind of stability and order in our country? I fear that that will not happen.

Mr. Chairman, let me say that I am conscious of the fact that we do not have a perfect democracy. We have a democracy in which there are a large number of problems, a democracy which needs to build a culture, institutions and I am conscious of that, but I can see no other remedy except to go through a period of 10 years, 15 years, 20 years, 30 years of democracy in which we try and build our institutions. If you look at the history of the world and you look how other democratic nations came into being you will see that they also went through various difficult times but over a period of time, certain institutions were developed, a certain way of behaviour was evolved. Let me give you one small example of the kind of public reaction over the last 8-10 years at its beginning to develop and one of the institution might develop through it. For example, we had a law for a long time against floor crossing of one kind or the other, may be not so swift, no so good but now there seems to be a public reaction to people who do not stay loyal to their parties and I think this is one of those things that if you allow democracy to flourish, if you allow democracy to take roots, to gather strength that popular will, the strength of the people will force even those of us who are sitting in these Houses to adhere to a certain conduct which may not be in our personal interest but we will be forced to adhere to that conduct because the people of Pakistan would want that and a certain kind of institutions will start to develop.

So, Mr. Chairman, I request the Opposition that while conceding that we have many problems, there is a need to understand,. there is a need to ponder over or give thought to the fact that if we keep shaking this fragile order it will not be to anybody's benefit and certainly not to the benefit of those people who are sitting in this House and sitting in the National Assembly. So,

Mr. Chairman, while I say that our democracy has problems , now what kind of problems we have in our democracy. Let me start with this. There are a lot of radical forces in our country and a lot of radical forces in the world but definitely in our country who want to impose their will by force. They have a certain vision of some kind of order that they want to impose on our country and they believe that because they have this vision and because they are committed to this vision they have to bring about this vision come what may and they do not care what they have to further that vision.

Sir, these are the kind of radical forces that we have to take cognizance of and these are the kind of radical forces that we have to resist. What happened yesterday in the Egyptian Embassy is just one example although a certain party in Egypt has taken the responsibility for it. So, clearly it is not related to what is happening in Pakistan but it does show to you one thing, Mr. Chairman, it shows to you that there are people who have a certain vision and they believe that everyone should follow that vision whether they like it or not and that is a kind of fascism and it is this kind of fascism that we will not accept or should not accept. We need to sit together and build a consensus that we will knot accept this kind of fascism. If somebody has a certain vision let that vision be brought out in front of the people, let that vision be advocated on public platforms and if the people of Pakistan accept that vision, fine. If the people of Pakistan do not accept that vision then there is a need to do some more work rather than taking law in their hands, rather than trying to further their political vision or their world view through the force of a gun and this is a problem and a challenge that we are facing in our country. We need sit together and ponder over this and do something about this. This is not all.

Mr. Chairman., we have serious problems where we are situated today. We have on our border India , there are reasons to believe that they have not accepted the creation of Pakistan and therefore would like to do everything possible to somehow make this country apart and we need to develop a consensus on that. We need to develop a common point of view on our national defence because the danger is real and also on our other borders we have problems. We have problems in Afghanistan. Now, many people have been saying a lot of things about Aghanistan, but please for God's sake, think about what are your national interests in Afghanistan. Our national interest in Afghanistan is a stable and secure Afghanistan, a peaceful Afghanistan. An Afghanistan which is free of strife. But we have to sit jointly together and evolve a policy on that. If the Government does something and every body starts questioning that, well questioning is alright, but we must start to evolve a national perspective on this rather than a party perspective. Similarly, basically on our external relations, what kind of relations are we going to have with the United States? What kind of relations are we going to have with the West? What kind of relations with South East Asian Block? These are the things on which we need to sit together and form some kind of consensus on them.

Sir, there are two other areas on which consensus is of the utmost importance because the danger to the country from the politics of ethnicity is real . We may argue and we may say that this is politics but this is not politics. This is a very real danger to the country from the politics of ethnicity. Now, this may not come only from one quater, it may be coming from more than one quarter. But we need to sit together and say that our democratic-- this land for which we fought and struggled, we are not going to let the forces of ethnicity to

break up this land. And I will say the second greatest and gravest danger to our country is from the forces of sectarianism. What has been happening in the last 5, 6 or 8 to 10 years. What has been happening is that we have seen a steady increase in different kinds of sectarian disputes and problems. We have been seeing murders being committed, whole areas being stricken by sectarian strife. Now, we need to sit down and evolve a national consensus on them because unless and until, we sit together and decide that we are not going to allow the forces of sectarianism, we are not going to allow these forces of ethnicity to endanger this country, how are we going to take this country any further.

Sir, on this issue of consensus, I also need to mention two other aspects, one of them is economy. Now, we need to sit together and agree on the basic parameters of our economy. Are we going to have a free market economy or not? What is going to be the role of the State in the free market economy? What kind of privatization are we thinking about? What kind of fiscal markets are we going to create? How much of the foreign capital are we going to allow to our country? How much foreign capital and investment but more importantly because that is a dangerous flow of capital, what kind of capital are we going to allow in our capital markets, in our stock exchanges. Because they come there and make quick profits and go away. So, we need to sit together and evolve a consensus on that. And sir, lastly because I was talking about that there are problems in our democracy, we have inherited a colonial state structure which is showing a lot of problems. So, we need to sit together and evolve a consensus on changing this colonial state structure. My political party in the last elections gave a proposal that we need to take notice of power from the top to the local level. But there have been a lot of problems in that. We need to think about

this. Will this state structure with the same Police, with the same administration, the same local courts, will this deliver anything to our people? I think that we have to give it a very harsh thought. My own feeling is that it is not working. I have been a District Magistrate myself, I have worked at the local level and my own feeling is that at the local level, which is where the people are interfering with the State, that is the place where we have the most serious problem. And we have to sit together and evolve a consensus on that.

Judiciary, I am not questioning the sanctity of the judiciary. We need to focus our attention on the fact that the cases are not being decided in time. That people are not getting justice. That our civil courts are not being able to adjudicate on disputes between people, so any kind of contract that is arrived at between people cannot be implemented. So, we need to give it a very hard look. We need to sit together and say that if this system is not working in this manner and if our society is unable to give any kind of justice in the sense that if no contract can be enforced, if no criminal can be punished, so then, we need to sit together and evolve a national consensus on the reformation of judiciary. So, Mr. Chairman, I can see that you are getting ready to stop me. So I will go into the details of foreign policy because I had thought about talking to some extent on Kashmir. Because I have been involved with this but I will make and to sum up I will just say to my worthy colleagues, both on this side, and on that side that we must recognize that we are in grave danger externally and from a lot of internal forces. We have grave problems of a non performing state structure. So, we need to sit together and evolve a consensus within the democratic parameters. We cannot think of any parameters which is beyond democracy and that if we together cannot do it then unfortunately we will have nobody to blame

but ourselves. Thank you very much Mr. Chairman.

Mr. Chairman: Thank you. Abdur Rahim Khan Sahib.

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل۔ کیا یہ sitting چلتی رہے گی۔

جناب چیئرمین۔ جی چلے گی دو ڈھائی بجے تک چلائیں گے آج۔ فکر نہ کریں اور آپ کو آدھ گھنٹہ پورا ملے گا۔

[At this stage the Chair was occupied by the Presiding Officer (Ch Muhammad Anwar Bhiner]

جناب پریزائیڈنگ آفیسر۔ جی جناب مندوخیل صاحب۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل۔ جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے جناب صدر محترم کے 29 اکتوبر کے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں صدارتی تقریر کے بارے میں میری پارٹی کے معروضات پیش کرنے کا مجھے موقع دیا۔

یہ اہم ہے موضوع جناب ۔ لیکن اب اس وقت یہ sitting بھی تقریباً اختتام پر ہے اگر میں point out کروں تو پھر۔

جناب پریزائیڈنگ آفیسر۔ مندوخیل صاحب آپ اپنی تقریر جاری رکھیں۔ دو بجے تک۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل۔ جناب چیئرمین ! جناب صدر محترم کی تقریر اس میں میں جو کچھ اخذ کر سکا ہوں جناب صدر محترم نے جو آخری پیراگراف میں الفاظ اس طرح استعمال کئے ہیں جناب والا!

"We have a rightful and honour placed among the nations of the world as a democratic tolerant, moderate, Islamic country committed to the fulfilment of the UN Charter making its full contribution towards international peace and progress . The Objectives Resolution imposes on us as solemn Constitutional duty to establish a State where in the principles of democracy, freedom, equality, tolerance and social justice as enunciated by Islam are fully observed.

Wherein the independence of the judiciary is fully secured and wherein every citizen is guaranteed fundamental rights including equality before law, social, Islamic and political justice and freedom of thought, expression and belief. We are to ensure the elimination of all forms of exploitaion and the gradual fulfilment of the fundamental principles from each according to his ability to each according to his work."

یہ ہیں وہ '

"...... Let us resolve today that in the coming year we the Parlaiment shall jointly move forward to fulfil the objectives for which this nation was found."

اب جناب والا! جو کچھ صدر صاحب کی تقریر میں کہا جاتا ہے اس میں ایک پہلو یہ ہوتا ہے کہ اس میں کارکردگی ایک سال کی حکومت کی پالیسیوں اور ان پر عملدرآمد' ان کی کامیابی یا ناکامی اور مستقبل کے لئے پالیسی - اب ہم ذرا دیکھتے ہیں جناب چیئرمین ! کہ صدر صاحب کی تقریر میں کیا ان کو بیان کیا گیا ہے گورنمنٹ نے جو پالیسیاں بنائی ہیں اور جن پر عمل ہو رہا ہے کیا ان پالیسیوں سے ہم ایک قدم بھی آگے بڑھ سکے ہیں۔ کیا یہ وہ راستہ ہے جس پر آپ چل کر اس مقصد تک پہنچیں گے۔ میرے خیال میں جناب والا! صدر صاحب نے جس طرح سورۃ الرحمن سے ابتدا کی در اصل حقیقت یہ تھی کہ صدر صاحب نے موجودہ گورنمنٹ کی تمام معاشی ' سیاسی' اندرونی اور بیرونی پالیسیوں کی ناکامی کا اعلان کیا اسی لئے انہوں نے ایسا mode اور tone اختیار کیا کہ اس گورنمنٹ نے جو پالیسیاں چلائی ہیں جناب والا! وہ مکمل ناکام ہوئیں اور یہ ملک بحران کے نزدیک پہنچ گیا ہے اور تو اور آپ اندازہ لگائیں کہ کل ہم ہاؤس میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک explosion کی آواز آئی - کل جو explosion ہوا جناب والا! تمام لوگوں کو جن کو میں ملا ان کا پہلا رد عمل یہ تھا کہ جناب صدر محترم اور جناب وزیر اعظم کے گھر پر کسی نے میزائل پھینکا ہے سب کی یہ رائے تھی۔ جناب والا! ایک حادثہ یا واقعہ جیسے ایک explosion ہوتا ہے اور تمام انسانوں کا mind اس طرف ہے کہ اس ملک میں کچھ ہونے والا ہے - ابھی یہاں باہر کچھ شور تھا ہمارے منسٹر صاحبان جناب والا! سب باہر چلے گئے ' این ڈی خان صاحب بھی باہر چلے گئے کہ معلوم کریں کہ کیا کوئی نیا واقعہ تو آج نہیں ہو گیا۔ جناب والا! میں صرف یہ بیان کر رہا ہوں

کہ اس ملک میں ایسے حالات ہیں جو اس ملک کے سیاسی ' معاشی اور سماجی نظام کو تتر بتر کرنے کے لئے کافی ہے صرف ایک عمل انگیز واقعہ کی ضرورت ہے یہ اس وقت پوزیشن ہے - یہ اس لئے ہے جناب والا! جیسے صدر صاحب نے فرمایا انہوں نے سورۃ الرحمن کی صورت میں زبان قرآنی استعمال کی جس میں حکومت کی تمام ناکامیوں کی نشاندہی کی ' صرف ایک بات انہوں نے کی کہ سورۃ الرحمن میں ہے کہ اس کے باوجود رزق اللہ تعالی کی طرف سے ہے ورنہ آپ نے جو کام کیا ہے کوئی عمل آپ نے ایسا نہیں کیا ہے کہ اس میں آپ ایک حکومت کی طرح direct لوگوں کے سامنے آ کر بیان کریں کہ کل یہ بات کی اور آج ہم نے یہ کیا ہے -

ایک بات ہے اور وہ یہ ہے کہ صرف اللہ تعالی کی کس بات کو جھٹلائیں گے صرف یہ رزق اللہ تعالی کی طرف سے ہے ورنہ گورنمنٹ مکمل فیل ہے - یہ وہ message ہے جو صدر صاحب نے دیا ہے - پھر اس کے بعد دوسرا پیرا گراف آپ پڑھیں اس میں صدر صاحب نے واضح بات کی ہے کہ بالکل تمام مسائل جو ہیں میں تسلیم کرتا ہوں- الفاظ دوسرے پیرے گراف میں ان کے کیا ہیں ' یہ لکھا ہوا جو کچھ بھی گورنمنٹ نے دیا ہے لیکن صدر صاحب نے نئے کیا کہا ہے - صدر صاحب نے اس کے باوجود الفاظ diplomatic استعمال کئے ہوں گے ہیر پھیر کر کے لیکن صدر صاحب کے الفاظ یہ ہیں - the law and order situation in Kararchi, the rate of inflation, the rift between the Government and Opposition, at the same time it would be الفاظ صدر صاحب کے کیا ہیں It is not my intention to..... یعنی صدر صاحب نے ان کو تفصیل سے بیان نہیں کیا کہ میں آپ کی ناکامی کا کیا ذکر کروں- At the same time, it would be a mistake to be mourned over shortcomings without also taking stock of what would we have achieved. اور صدر صاحب نے آخر میں کیا کہا لا تقنطو من رحمۃ اللہ یہ ہیں الفاظ- ایک رحمت خداوندی کے علاوہ ہماری گورنمنٹ نے جناب والا کوئی قدم ایسا نہیں اٹھایا جس کے بارے میں وہ یہ کہہ سکے کہ ہم نے یہ کامیابی حاصل کی ہے نہ معاشی میدان میں نہ سیاسی میدان میں نہ خارجی میدان' ہر جگہ آپ کی ناکامی ہے اور اس کے علاوہ آج جو ماحول ہے کہ فلاں آرہا ہے اور فلاں آرہا ہے- اس لئے لوگ یہاں بات کر رہے ہیں ' کہتے ہیں جناب جمہوری نظام کو بچائیں' اپوزیشن کو، جمہوری نظام کو بچائیں- آپ کے اعمال نے اس اسٹیج پر پہنچایا ہے کہ جمہوری اعمال یعنی جمہوری نظام ' جمہوری نظام کو sabotage کرنے کے لئے کوئی

شخص بھی جرآت کر سکتا ہے۔

اب جناب والا! میں معاشی حالات اور گورنمنٹ کی معاشی پالیسیوں کا ذکر کروں گا۔ جناب والا! اور صدر صاحب نے بھی ذکر کیا۔ معیشت میں کامیابی اور ناکامی کے indicators کیا ہوتے ہیں، ایکسپورٹ، امپورٹ، مہنگائی، بے روزگاری، اس میں کس subject پر آپ نے کامیابی حاصل کی ہے؟ ایکسپورٹ پر آپ خود کہتے ہیں، بلکہ صدر صاحب نے کہا ہے کہ ایکسپورٹ جو ہے پچھلے سال یا چند مہینے ذرا آگے بڑھ رہا تھا لیکن پھر انہوں نے لیپا پوتی کرکے الفاظ استعمال کئے ہیں کہ unfortunately تین مہینے سے حالات ذرا ایسے دگر گوں ہیں۔ تین مہینے سے جناب والا! آپ کا ایکسپورٹ کیا ہے۔ آپ کا امپورٹ کا ratio کیا ہے۔ کیوں آپ نے روپے کی قیمت کم کی ہے۔ اس لئے کہ آج آپ کی فارن ایکسچینج کا balance مکمل ختم ہوچکا ہے۔ کس economic policy سے آپ دعویٰ کریں گے کہ آپ نے economic policy سے ایکسپورٹ کو بڑھا دیا ہے، امپورٹ کو کم کر دیا ہے اور آپ کے پاس جو زر مبادلہ کا balance کافی نہیں ہے۔ یہ آپ کی پوزیشن ہے۔ جناب والا! آپ کیا حل پیش کر رہے ہیں وہ جو کہتے ہیں کہ مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ آپ نے علاج روپے کی قیمت میں کمی سے کیا ہے۔ Devaluation کی ہے اور آپ کے specialists اس پر argument دے رہے ہیں کہ ہم نے devaluation صحیح کی ہے۔ لیکن آپ devaluation کو کیا جانتے ہیں۔ آپ کو دیکھنا ہوگا کہ جو کچھ آپ ایکسپورٹ کرتے ہیں، اگر وہ اکثریت میں ہو اور امپورٹ کی چیزیں (commodities) کم ہوں تو پھر ہوسکتا ہے کہ روپے کی devaluation سے آپ کا ایکسپورٹ بڑھ جائے۔ لیکن جب آپ کی economy کی پوزیشن یہ ہے کہ آپ کی ایکسپورٹ کی commodities جو ہیں وہ 90% ہیں اور وہ 10% بھی اس میں ٹیکسٹائل اور وہ ٹیکسٹائل جس کے آج اشتہارات آئے ہیں جو انہوں نے کاٹن ایکسپورٹ کرنے پر request کی ہے، اپیل کی ہے کہ کاٹن کو آپ ایکسپورٹ نہ کریں۔ ان حالات میں آپ نے روپے کو devalue کیا۔ اس کے معنی کیا ہیں، اس کے معنی یہ ہیں کہ آپ جانتے ہیں کہ اس وقت پاکستان کتنا قرضدار ہے۔ 1800 ارب اور اس میں 800 ارب domestic قرضہ ہے۔ ایک ہزار فارن قرضہ ہے۔ ڈالر کے حساب سے اور devaluation کے حساب سے حساب لگائیں کہ آپ نے کتنے ارب روپے ابھی صرف اس حوالے سے پرانے قرضوں کے دینے ہیں۔

جناب والا! آپ نے بجٹ بنایا۔ کیا بجٹ آپ نے بنایا۔ بجٹ کے بارے میں آپ تمام propaganda کر رہے ہیں کہ ہم نے یہ بجٹ بنایا اور اس میں صدر صاحب نے فرمایا ہے کہ reform کی ہے۔ کیا reform آپ نے کی ہے۔ جناب والا! کل آمدنی اس سال کی ہماری 247 ارب روپے ہے۔ بس 247 ارب روپے، سیلز ٹیکس ملا کے۔ یہ جو کہتے ہیں ہم سیلز ٹیکس extend کر رہے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ علاقے پے سیلز ٹیکس ، فلاں ٹیکس فلاں ٹیکس ۔ 247 ارب ہماری آمدنی ہے۔ جناب والا! 431 ارب روپے ہمارا خرچہ ہے اور 431 سے 247 آپ منہا کریں باقی ہم نے کتنا قرضہ لینا ہے اور یہ جاری process ہے۔ یعنی یہ کل ملا کے جناب والا! تقریباً 188 یا 185 ارب روپے آپ کو بیرونی اور اندرونی قرضہ لینا ہے۔ بجٹ میں یہاں دکھا کر لوگوں کو کہ بجٹ میں جو ہے آپ کی آمدنی 247 ارب وہ ہے اور 80 ارب اور آپ کو خارج سے ملتے ہیں۔ وہ تو آپ نے قرضہ لینا ہے۔

وہ کہتے ہیں جناب والا ! ہم نے خسارہ کم کیا ہے۔ کیا کم کیا ہے۔ تقریباً 182 ارب روپے آپ نے خارجی قرضہ لینا ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم نے اس کا خسارہ کم کیا ہے۔ میں پوچھتا ہوں کہ آپ نے کیا کم کیا ہے ؟ تقریباً 182 ارب روپے خارجی قرضہ لینا ہے ، آپ نے اندرونی قرضہ لینا ہے ، آپ نے نوٹ چھاپنے ہیں اور اس کے باوجود پورے نہیں ہوتے ہیں۔ آپ کے جو مختلف مشیر امریکہ میں پھر رہے ہیں اور باقاعدہ ہاتھ پھیلا رہے ہیں ۔ ان کو یہ اپنے ساتھ لے گئے تھے ۔ میں عرض کرتاہوں کہ جس صبح صدر صاحب نے آپ کے کارنامے بیان کرنے تھے ، اس سے پہلی شام کو جناب جعفری صاحب نے اعلان کر دیا کہ 7% devaluation روپے کی کر دی ہے اور 7% پٹرول کی قیمت بڑھا دی ہے ۔ اس کے معنی کیا ہیں ؟ اس کے معنی یہ ہیں کہ آپ نے اپنے عوام پر اور بوجھ ڈال دیا ہے ۔ یہاں صدر صاحب کہتے ہیں کہ ہم نے باقاعدہ طور پر بڑی اچھی reforms کی ہیں اور ان پر چل رہے ہیں ۔ لیکن اس کا نتیجہ کیا ہے ؟ اس کانتیجہ یہ ہے کہ آج ہر طرف مہنگائی ہے ۔

روٹی کپڑا اور مکان کے نعروں والی پارٹی کی سربراہ محترمہ نے کہا ہے کہ اپوزیشن کے سر پر مہنگائی کا بھوت چڑھ گیا ہے ۔ یہ بڑی افسوس ناک بات ہے اور جب اخبار والوں نے ان کی پارٹی کے جنرل سیکرٹری سے پوچھا کہ اب تو آٹے کی قیمت سیب کی قیمت سے زیادہ ہو گئی ہے تو انہوں نے کہا ہے کہ لوگ سیب کھائیں ۔ سیب 25 روپے فی سیر ہے ۔ افسوس ہے کہ

فرانس کی ملکہ کی باتیں یہاں ہو رہی ہیں ۔ آج یہ اس حد تک گر گئے ہیں یعنی ان کو عوام کا اتنا احساس نہیں ہے کہ وہ ان کا خیال رکھیں ۔ ایسے تو نہیں ہو سکتا ہے کہ ہم پارلیمنٹ ہاؤس کے گرم اور ٹھنڈے کمروں میں ان کا خیال نہ کریں ۔باہر جب بھوک ہو گی ' اس بھوک کے بعد جب لوگ آگے بڑھیں گے تو حالات مختلف ہوں گے ۔یہ جناب آپ کی اکنامک پالیسی ہے ۔ جناب والا ! ہمارے صوبے کے بارے میں یا غریب قوموں کے بارے میں آپ اپنی پالیسی بتائیں میں عرض کرتا ہوں کہ اس سال کی جو 152 ارب روپے کی بچت ہے ۔ اس میں صوبوں کو 25 ارب روپے دئے ہیں ۔ 152 میں سے حساب لگائیں کہ ہمارے صوبے کو کیا دیا ہے یہاں یہ لوگ کہتے ہیں ۔

**Mr. Presiding Officer:** Malik Sahib there are very very important questions which are being raised on the floor of the House by the learned members and I hope that while concluding the speeches if you make or the Minister Sahib then these questions must be answered because to make the debate meaningful it is necessary that these points must be answered, they should not go unnoticed.

**Malik Muhammad Qasim:** As a matter of fact when I walked in I was hearing the speech of Mr. Shafqat Mehmood not that he is from this side or that side he was making certain points about the working of the judiciary and I just pointed to the learned Law Minister and he told me that he was listening to everything and everything whatever is being pointed out it is of a great importance and notice should be taken and not only notice should be taken even of those statements which are not based on real facts, by that I do not mean that deliberately some wrong statements have been made-No. There can be some wrong impressions also I would say even those should be replied by the Ministry.

Mr.Presiding Officer: Thank you very much.

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل۔** جناب والا ! یہ ہمارے صوبے کے بارے میں سٹینڈنگ کمیٹی برائے پلاننگ کی رپورٹ ہے کہ ہمارے ملک کے صوبوں کی جو آبادی ہے ' اس کے حساب سے ہمارے صوبے کو 9.77% بجٹ دینا چاہیے ۔آمدن چاہے جس چیز کی بھی ہو ' 9.77 ہمارا کوٹہ ہے اور ہم ایک سال لگے رہے کہ 3.5 دو لیکن ہمارے بجٹ میں 152 ارب روپے میں سے 3 ارب روپے دینے کے لئے کہا تھا ۔ میں نے گورنمنٹ documents سے حساب کیا ہوا ہے۔ اس کے مطابق 1393ملین یعنی ایک ارب انتالیس لاکھ روپے ہمارے سارے صوبے کو یعنی آپ معاشی سائیڈ سے اندازہ لگائیں۔ فیڈرل کی طرف سے ' سیاسی سائیڈ پر ۔ یہاں فیڈریشن کی بات کرتے ہیں ۔ یعنی فیڈریشن کی زنجیر بے نظیر ' یہ غلامی والی زنجیر ۔ یعنی colonial زنجیر ہے یا ڈیموکریسی کی؟ ڈیموکریسی تو یہ ہے کہ ملک کے ذرائع میں ۱۵۲ ارب روپے میں سے آپ نے ایک ارب ۳۹ لاکھ روپے تمام صوبے کو دیئے ہیں اور وہ صوبہ جس کے ایک لاکھ ۴۴ ہزار مربع میل ' اس زمین ' اس کا پانی ' اس کے جنگلات ' دوسرے نیشنل ریسورسز ،مچھلی وغیرہ میں نے کہا تمام ریسورسز کو جناب والا انہوں نے کس stage پر پہنچایا ہے اور یہ کہتے ہیں کہ ہم باقاعدہ ترقی کر رہے ہیں اور ترقی دے رہے ہیں اور صوبوں کوخوش ہونا چاہیئے اور یہاں ہمارے محترم فتح محمد خان صاحب نے فرمایا کہ جمہوری پارٹی کو موقع دینا چاہیئے ۔ واقعی دینا چاہیئے ۔ انہوں نے اتنی زیادتی کی ہے کہ غلط کارروائیوں کی وجہ سے وہ بہت جلد گر جائیں گے۔ ان کے اعمال ایسے ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ اکنامک پالیسیوں کی معمولی سی نشاندہی ہے۔ ان کی ناکامی بالکل فگرز سے ثابت ہے ۔ ابھی بیروزگاری کی کیا حالت ہے ۔جیسے یہاں تمام محترم دوستوں نے کہا کہ ہزاروں سروسز جو ہیں وہ انہوں نے وزیر اعظم ہاؤس میں رکھ دی ہیں ۔ جمہوریت کے معنی یہ نہیں ہیں کہ ملک کے ریسورسز کو ملک کے خزانے کو آپ وزیر اعظم ہاؤس میں رکھیں اور اس کے ذریعے پھر آپ جمہوریت میں اپنے لوگوں کو الیکشن جتوائیں ۔ آپ کےممبرز یہ کام کریں کہ آئندہ کے لئے وہ الیکشن جتوائیں ۔ اس لئے تمام دوسرے لوگوں کے تمام حقوق ختم۔

جناب والا! آپ ان کی جمہوری سیاست دیکھیں ۔ اس سال آپ نے دیکھا ۔ پنجاب کے صوبے میں انہوں نے کیا کیا ۔ یہ کہتے ہیں کہ آئیں مذاکرات کریں۔آئیں ہم مذاکرات کرتے ہیں ۔

کیا مذاکرات آپ کرتے ہیں۔ کون آپ کے ساتھ مذاکرات کرے گا۔ جب آپ نے آئین کو پاؤں تلے روند دیا ۔ اس بات پر افسوس ہے کہ جناب صدر صاحب بھی اس بات میں شامل تھے۔ ان کا فرض بنتا تھا کہ وہ اس بات کو دیکھیں کہ وہاں آرٹیکل ۲۳۴ کے مطابق حالات تھے۔ ایسے کوئی حالات نہیں تھے۔ وہاں ایک کولیشن گورنمنٹ تھی کولیشن میں اختلاف ہو سکتا ہے۔ انہوں نے اسمبلی کو معطل کیا۔ وزیر اعلیٰ کو وہاں سے طاقت کے ذریعے ' بلکہ میں اتنا کہوں گا کہ طاقت بھی جائز طاقت نہیں ۔غیر قانونی' غیر آئینی بلکہ میں کہوں گا آئین کو abuse کرکے انہوں نے وہاں حکومت کو ختم کیا۔ ہونا تو یہ چاہیئے کہ وہ پیش کرتے کہ اسمبلی میں جاؤ ۔ اگر آپ کے پاس میجارٹی ہے تو آپ آ جائیں اور اگر نہیں ہے تو آپ ختم ہو جائیں گے۔ ان پر vote of no confidence ہو جاتا لیکن آپ نے دیکھا ۔ مجھے بڑا افسوس ہے ہمارے یہاں جمہوریت کی دعویدار وہ پارٹیز جو ایم آر ڈی میں جو پارٹیز ہمارے ساتھ تھیں۔ انہوں نے کیا کیا ۔ جناب والا وزیر اعظم صاحبہ پھر رہی ہیں اور صوبائی ممبران کو جمع کر رہی ہیں اور فلور کراسنگ کر رہی ہیں۔ فلور کراسنگ کیا ہے معین قریشی جو امریکہ سے آیا ہے ۔ اس نے فلور کراسنگ کو ختم کیا اور آپ جمہوری پارٹی ہوتے ہوئے روٹی ' کپڑا' مکان ' جمہوریت سیاست' معیشت ' اسلام جس کا نعرہ جس کے یہ objective ہیں۔ اس نے کیا کیا ۔ فلور کراسنگ کرکے بلکہ میں یہ کہوں گا اپنی اتحادی پارٹی کو توڑ کر ۔ یہ اور بات ہے کہ اتحادی پارٹی والوں کو آج تک اتنا افسوس ہےکہ وہ یہ بات بھی نہیں کرتے کہ تم کو ہم نے وزیر اعظم بنایا ۔ تمہیں ہم نے صدر بنایا ۔ تمہیں ہم نے سپیکر بنایا۔ اس کے باوجود ایک صوبے میں آپ ہمیں ایک وزیر اعلیٰ نہیں دے سکتیں۔ اور وہ کہتے ہیں کہ میجارٹی ' پنجاب میں میجارٹی پارٹی کی حکومت ۔ آپ نے ملک کے تمام sources استعمال کئے اور اسی پارٹی کی مدد سے آپ نے تمام ملکی اختیارات حاصل کئے ۔ اس پارٹی کا آپ پر اتنا حق نہیں تھا۔ یہ ہے جمہوری پارٹی ' یہ ہے پیپلز پارٹی ' یہ ہے پیپلز پارٹی کی پی ڈی ایف ۔ یہ ہے محترم ہمارے لیڈر آف دی ہاؤس ۔ جنہوں نے جمہوریت کے لئے بات کی ہے اور وہ ہیں نوابزادہ نصراللہ خان ' ہمارے محترم ہیں۔ انہوں نے اس دن صاف کہا ہے ۔ اخبار والوں نے ان سے حکومت کی کارکردگی کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے آخر میں صاف کہا کہ اگر حکومت کی کارکردگی کو صفر کہیں تو کوئی بات نہیں ۔ یہ ہے آپ کی پوزیشن ' یہ ہے آپ کی جمہوریت نوازی ۔ اور اس کے بعد آج جناب والا ! اپوزیشن کو آپ اتنا victamize کررہے ہیں ۔ اپوزیشن

کے لیڈر یہاں بیٹھے ہوئے تھے اور وزیر داخلہ سے یہاں پارلیمنٹ میں بات ہو رہی تھی مجھے اس وقت بڑا افسوس ہو رہا تھا ۔ جب وزیر داخلہ نے کہا کہ آپ کو ناجائز گرفتار نہیں کریں گے ۔ اس کے معنی ہیں ۱۳ کروڑ عوام کی حالت ، آپ کی ایف آئی اے رینجرز اور پولیس کے ہاتھوں ، کیا بن گئی ؟

جناب والا ! انہوں نے ہمارے قبائل پر باقاعدہ فوجی حملہ کیا ۔ قتل عام کیا ۔ تمام سندھ میں بالکل ایک واضح بات ہے جناب والا! یہاں کہتے ہیں کہ ہمیں ضرورت ہے لوگ وہاں کہتے ہیں -----

( اس مرحلے پر اذان ظہر ہوئی اور اس کے بعد پھر کارروائی جاری رہی )

**جناب پریزائیڈنگ آفیسر** ۔ جی جناب مندوخیل صاحب ۔

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل** ۔ جناب چیئرمین !میری درخواست ہے کہ ہاؤس کو ایڈجرن کریں اور کل مجھے موقع دیں ۔ کیونکہ یہ یہاں کی ہمیشہ کی روایت رہی ہے کہ اذان کے بعد ایڈجرن کردیا جاتا ہے ۔

**جناب پریزائیڈنگ آفیسر** ۔ مندوخیل صاحب ! یہی فیصلہ ہوا تھا کہ دو بجے تک اجلاس چلایا جائے گا ۔ پانچ منٹ ہیں ۔ اپنی تقریر ختم فرمائیں ۔

**میاں رضا ربانی** ۔ جناب یہ چلتا رہتا ہے یہ روایت ہے ۔ اور رہی ہے ۔

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل** ۔ پھر جناب میں درخواست کروں گا کہ to the end مجھے اجازت دیں گے تاکہ مکمل کرسکوں ۔

**جناب پریذائیڈ نگ آفیسر** ۔ ہاں بالکل ٹھیک ہے ۔ مکمل کریں ۔

( مداخلت )

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل** ؛ پھر یہ ہے کہ میں request کروں گا کہ جناب to the end مجھے اجازت دے دیں ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ؛ مندوخیل صاحب ! آپ کو بولتے ہوئے 25 منٹ ہو چکے ہیں ۔ 5 منٹ آپ کے بقایا تھے کہ اذان شروع ہو گئی ہے ۔

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل:** جناب! پھر تو یہ میرے ساتھ زیادتی ہے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** مندوخیل صاحب! آپ کو آدھا گھنٹہ دینا ہے۔25 منٹ آپ بول چکے ہیں۔ 5 منٹ آپ کے بقایا تھے کہ اذان شروع ہو گئی ہے۔ آپ اپنی تقریر جاری رکھیں۔

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل:** جناب یہ تو میرے ساتھ زیادتی ہے لیکن بہرحال آپ کی رولنگ کو مانتا ہوں۔ تو جناب والا! یہ ان کی معاشی حالت اور جمہوری سیاست جو ہے انہوں نے جو کرنا ہے ان کا دعوٰی ہے۔ فلور کراسنگ علی الاعلان ریڈیو اور ٹیلویژن پر کرتے ہیں۔ مجموعی طور پر تمام ملک میں ، جیل میں لوگوں کو مارا جاتا ہے اور اس کے بارے میں یہ دلائل دیتے رہتے ہیں ورنہ بالکل صاف بات ہے۔ اب یہ حالت ہے۔اس کے ساتھ جناب والا! اب ہم لیتے ہیں مجموعی ملک کی سیاسی حالت کو۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ ملک جو ہے اس میں ، جیساکہ صدر صاحب نے کہا ہے کہ exploitation ہرقسم کی ختم ہونی چاہیئے۔ ہر قسم کے exploitation کے خاتمہ کے لئے قوموں کا بھی exploitation ختم ہونا چاہیئے اور عوام کا بھی۔لیکن یہاں عوام کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ کرپشن اس حد تک پہنچا دیا ہے کہ اب اس کو محسوس تک ہی نہیں کرتے۔ PM ہاوس میں کروڑوں روپے کے گھوڑے کھڑے ہوتے ہیں اور انٹی کرپشن کے چیئرمین کوئی ایکشن نہیں لیتے کہ یہ گھوڑے کہاں سے آئے ہیں آپ کی کیا آمدنی تھی کیا ذریعہ تھا آپ کا ان حالات میں یہ exploitation عوام کا کس stage پر ہے اب قوموں کو لیتے ہیں ۔ ہم پشتون جو ہیں واضح طور پر اس ملک میں ہماری شناخت ہماری زمین ہے اس ملک کی فیڈریشن میں ہمیں بالکل اپنا نام نہیں دیا گیا ہے۔ ہمارا جو صوبہ ہے شمالی پختون خواہ اس کو نام ہی نہیں دیا گیا ہے۔ تمام پارٹیوں نے کوشش ہی نہیں کی ہے کہ اس کو اپنا نام ملے۔ ہم پشتونوں کو بلوچوں کے ساتھ ملا کر ہم پر دوسروں کا نام مسلط کیا ہے۔ کیا یہ قوموں کی equality کے خلاف نہیں ہے کیا یہ اسلامی مساوات کے خلاف نہیں ہے؟ کیا یہ ہمارے ملک کی equality کے خلاف نہیں ہے یہ بالکل واضح خلاف ہے۔لیکن اس کے باوجود یہ عمل ہو رہا ہے۔ ہم کہتے ہیں جناب والا! کہ اس ملک کے مسائل کو آپ اس طرح حل کریں گے کہ ان مسائل کے لئے، تمام پارٹیوں کے لوگ جب کہتے ہیں consensus تو consensus مسائل کے حل کرنے کے لئے ہونا چاہیئے۔ایسا نہیں

ہے کہ مسائل کو آپ ignore کریں اور پھر کہیں کہ بس ہم نے کر لیا ہے یا ہمارے پاس زور ہے۔ ایسے نہیں ہے۔

خارجہ پالیسی لیتے ہیں جناب والا! اس خارجہ پالیسی میں انہوں کیا کامیابی حاصل کی ہے۔ ایران کے پاس ایک بار ان کا وزیر داخلہ گیا۔ اب محترمہ گئی ۔ ایران نے واضح طور پر ان کو کہہ دیا کہ آپ جو کام کر رہے ہیں اس سے کیا آپ امریکہ کے instrument کی حیثیت سے ہمارے گلے کے ارد گرد پھانسی کا پھندہ تنگ نہیں کر رہے ہیں؟ چین میں جب گئے تو چین کے صدر نے ان کو صاف الفاظ میں جواب دیا۔ جب ورلڈ کانفرنس میں محترمہ گئی تو انہوں نے کہا کہ آپ دوسروں کے ایجنڈے پر کام کر رہے ہیں۔ چین نے بھی آپ سے یہی کہا۔ افغانستان کے بارے میں یہ ہمیشہ سے باتیں کر رہے ہیں۔ اب تو صدر صاحب کی بات پر مجھے بڑا افسوس ہے۔انہوں نے الفاظ استعمال کئے ہیں۔ strict neutrality افغانستان کی اپنی ایک حکومت ہے اور وہ حکومت افغانستان کی پارٹیوں نے مل کر بنائی ہے۔ اقوام متحدہ کی اسے حمایت حاصل تھی۔ اس کے باوجود آپ اس حکومت کو گرا رہے ہیں۔ طالبان جو نام ہے۔جناب والا! طالبان کیا ہیں؟ آپ ان کی جب حمایت کر رہے ہیں۔ آپ کہتے ہیں کہ غیر جانبدار ہیں۔ آپ ہرات جاتے ہیں۔ کیا آپ ربانی کو دعوت نہیں دے رہے ہیں کہ وہ کہیں کہ میں کراچی جاوں گا۔ وہ یہ الفاظ استعمال نہیں کر سکتا کہ میں پاکستان کے اندرونی معاملات میں بالکل غیر جانبدار ہوں۔یعنی پاکستان میں جو غیر جانبدار حکومت ہے اس کو اور کراچی کے MQM کو میں برابر لیتا ہوں۔ کیا وہ interference آپ نہیں کررہے ہیں ان الفاظ سے جو ہمارے صدر محترم نے استعمال کئے ہیں کہ میں strictly neutral ہوں یہ بذات خود interference ہے افغانستان کے مسائل میں۔ وزیر داخلہ وہاں جاتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ unprobedجناب والا' میں طالبان کے بارے میں آپ کی ایک بات کو quote کرتا ہوں۔جناب والا' ذرا دیکھیں ' یہ ہے مشرق میگزین' کوئٹہ صفحہ 4' جولائی 14۔ یہ ہے محمد نعیم ترین کی رپورٹ۔

**پروفیسر این ڈی خان۔** ذرا date پھر پڑھ دیں۔

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل** ۔ہاں جی' date پڑھتا ہوں۔ 14 جولائی 1995، کوئٹہ مشرق' صفحہ 4 ہے میں quote کرتا ہوں اس کے الفاظ ۔ پاکستان کے دین دار مسلمان خاص طور پر علمائے کرام افغانستان میں طالبان کی اسلامی تحریک کے حامی اور معاون ہیں۔ جمعیت

علمائے اسلام کے دونوں گروپ طالبان کی حمایت کرتے ہیں۔ مولانا سمیع الحق طالبان کے حامی ہیں۔ اب جبکہ مولانا فضل الرحمان ان سے لاتعلقی کا اظہار تو کرتے ہیں مگر ان کے بلوچستان کے رہنما جن میں مولانا اعظم غنی چمن والے، مولانا نور محمد سابق وزیر بلدیات، مولانا خیر محمد تھیم، مولانا محمد معصوم کوئٹہ کے علاوہ سینکڑوں علماء اور طلباء افغان طالبان کے ساتھ ہیں۔ عام سپورٹ نہیں جناب والا، یہ نہیں کہ ہم ہمدردی کرتے ہیں کسی democratic یا کسی اور movement میں۔ نہیں اب تک کی اطلاعات کے مطابق جمیعت العلمائے اسلام اور اس کے درجنوں کارکنوں کے جنازے بلوچستان پہنچے ہیں۔ جو اس بات کا بین ثبوت ہیں کہ بلوچستان کے طلباء بھی افغانستان کے طلباء کے ساتھ اس تحریک میں مکمل طور پر شامل ہیں۔

Mr. Presiding Officer: Please conclude now.

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل ۔جناب والا! اسی کے ساتھ -- اسی" مشرق" میگزین کا آرٹیکل ہے۔ صفحہ 10 پر 18 اگست 1995ء---

Mr. Presiding Officer: Yes please, Maulana is on a point of order.

مولانا سمیع الحق۔جناب والا، یہ ایک صریح پراپیگنڈا ہے کہ پاکستانی لوگ یا پاکستانی افواج یا پاکستان کا کوئی طالب علم بلوچستان یا سرحد کا افغانستان میں جنگ میں مصروف ہے کیونکہ وہ ساری صورتحال میرے علم میں ہے۔ میں اس سے انکار نہیں کرتا ہوں۔جو کسی ملک کے ---

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل ۔ جناب والا، پوائنٹ آف آرڈر پر تقریر کے دوران ---

مولانا سمیع الحق۔ غلط بات کی ہے مندوخیل صاحب نے تو مجھے اتنی وضاحت کرنی چاہیئے جیسے انہوں نے کہا کہ سینکڑوں جنازے وہاں پہنچ رہے ہیں۔ وہ جنازے بھی----

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔مولانا آپ کی turn آرہی ہے آپ اس میں واضح کر دیں It is not a point of order آپ کی باری آرہی ہے، آپ اپنی باری میں اس کی وضاحت کر دیں۔ Please take your seat.

Mian Raza Rabbani: A point of order may not be used to interrupt

an honourable speaker.

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ مولانا، برائے مہربانی آپ تشریف رکھیں۔ آپ تشریف رکھیں۔ آپ اپنی باری پہ بولئے گا۔ Yes Mr. Mandokhel ، مولانا صاحب میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ تشریف رکھیں اپنی باری پہ اس point کی وضاحت فرمائیے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل ۔جناب والا، میں یہ بات کر رہا ہوں۔حمایت اور بات ہے۔ افغانستان میں terrorist کو---

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ explain ہو چکا۔

Mr. Mandokhel, please conclude now.

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل ۔ آپ دکھائیں With due respect

(مداخلت)

Mr. Presiding Officer: This is not a point of order, I ruled it out, please resume your seat. Yes please.

مولانا سمیع الحق۔ یہ الزام جوانہوں نے لگایا ہے-----

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے، آپ کو موقع ملے گا، آپ تشریف رکھئے، مولانا آپ تشریف رکھئے۔

مولانا سمیع الحق۔ آپ کا حکم سر آنکھوں پر ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ پوائنٹ آف آرڈر ہو سکتا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔پوائنٹ آف آرڈر کا فیصلہ ہو گیا آپ تشریف رکھئے، میں آپ کو عرض کر رہا ہوں کہ آپ تشریف رکھیں۔ آپ تشریف رکھیں آپ کو تقریر کا موقع ملے گا۔ yes مندوخیل صاحب۔

مولانا سمیع الحق۔ وہ تو بعد کی بات ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔مندوخیل صاحب۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل۔ ہاں جناب، جناب والا، آپ انہیں بٹھا دیں with due respect.

Mr. Presiding Officer: Yes please.

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل ۔یہ الفاظ ہیں جناب والا، میں نے افغانستان میں پاکستان ----

پروفیسر این ڈی خان۔ تاریخ کونسی ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل ۔ یہ 18 اگست صفحہ 10۔ اس کے الفاظ یہ ہیں۔ ہم ریڈیو سٹیشن میں کام کر رہے تھے تو یہاں کا عملہ بھی طالبان کے نیک رویئے سے بہت متاثر تھا۔ جب ہم نے ریڈیو سٹیشن تیار کیا اور نشریات دینے لگا تو دوسرے نوجوان طالبان اوپر آنے لگے۔

Mr. Presiding Officer: Please do not read it, please conclude now . You have already taken more than half an hour.

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل۔ میں نے ریکارڈ پر لانا ہے کہ ایسی پالیسی جو لوگ بنا رہے ہیں کہ افغانستان میں مداخلت اور پھر کہتے ہیں It was unprobed. It was not unprobed. میں یہ ثابت کرنا چاہتا ہوں ، کوئٹہ کے ریڈیو اسٹیشن سے انجینئر شوکت حسین اور ان کے دو ساتھی بھی ساتھ تھے ، جناب والا یہ ذرا سنیں ، یہ الفاظ ہیں اس مضمون کے ، میں نے افغانستان اور پاکستان کے ہر علاقے کے طلباء کو دیکھا جو فخریہ انداز سے اس تحریک کے ساتھ تھے اور شوق شہادت اور جذبہ جہاد سے سرشار تھے جو پاکستان کے مختلف مدرسوں سے تعلق رکھتے تھے ۔ جناب والا بات یہ ہے میں عرض کر رہا ہوں کہ ------

(مداخلت)

Mr. Presiding Officer: Order please. Please conclude your speech now.

آپ اپنی تقریر مندوخیل صاحب ختم کریں ۔ اس لئے کہ آپ کو 40 منٹ ہو گئے ہیں ، 10 منٹ

آپ کو زیادہ مل گئے ہیں، یہ نکال کر بھی آپ کو زیادہ مل گئے ہیں ' conclude please ۔

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل ۔** جناب والا میں conclude کرنا چاہتا ہوں کہ ایسی خارجہ پالیسی اس ملک کی ' جو دوسرے ممالک میں جنگ کرے ' پیٹرول اس ملک میں آج اس لئے نہیں ہے کہ تمام پیٹرول افغانستان میں سرکاری PSO ' پاکستان اسٹیٹ آئل وہاں بھیج رہا ہے ' افغانستان کے خلاف جنگ ہے ایسی خارجہ پالیسی سے جب آپ تمام ملکوں کے ساتھ ' افغانستان کے ساتھ ' ایران کے ساتھ ' چین کے ساتھ ' آپ جنگ لڑ رہے ہیں ' ہمارا مستقبل کیسے محفوظ ہو گا ؟ آپ کیسے کسی اور کے بارے میں کہیں گے کہ ہم نے فلاں کی مخالفت کرنی ہے ' اس کے ساتھ جناب والا میں اتنا عرض کروں کہ یہاں جو مجموعی پالیسی بنائی گئی ہے ' ہم یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ اس پالیسی سے آپ کو withdraw ہونا ہو گا اور افغانستان کی گورنمنٹ ' جو قانونی گورنمنٹ ہے ' اس حوالے سے کہ وہاں سب نے مل کر اسے بنایا تھا ۔

**Mr. Presiding Officer:** Please take your seat now. Malik Noor Sher.

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل ۔** ان کے ساتھ مذاکرات کر کے دوسرے terrorist کو ' یہاں ان مدرسوں میں پال کر، آپ کہتے ہیں کہ terroist کل جو یہاں explosion ہوا تھا ' یہ وہی terrorist ہیں ---

**Mr. Presidisng Officer:** Please take your seat now. It is finished. Malik Noor Sher, he is not present, then Mr. Safdar Ali. Not present, then Mr. Waqar Ahmed Khan. Please take your seat.

تشریف رکھیئے ۔ مولانا سمیع الحق صاحب آپ تقریر فرمائیں ۔

**مولانا سمیع الحق ۔** میری باری آ جائے تو کروں گا ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔** آپ کی باری آ گئی ' میں نے دی آپ کو باری ۔ آپ تقریر فرمائیں ۔

**مولانا سمیع الحق ۔** اس وقت نماز کا وقت ہے ' میں کروں گا انشاء اللہ ' فی الحال میں تقریر نہیں کرتا ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** next جناب امداد علی اعوان صاحب ، جناب سیف اللہ خان پراچہ ، جناب علی نواز شاہ ، جناب رفیق احمد شیخ ، جناب جہانگیر بدر ، جناب شیر افگن نیازی ۔ جی جناب۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :** بسم اللہ الرحمان الرحیم، جناب چیئرمین، یہاں پر ہمارے بزرگان دین اور بزرگ رہنما جو اس معزز ایوان میں تشریف فرما رہتے ہیں انہوں نے بڑی خوبصورتی سے ایک پرانے محاورے کو زندہ کیا ہے کہ اوروں کو نصیحت، خود میاں فصیحت یہ پند و نصائح کا درس جو یہاں وہ فرماتے ہیں کاش اس کا وہ خود بھی اپنے اوپر اطلاق کرتے۔ اسی حوالے سے تھوڑا سا میں پاکستان کی تاریخ بیان کرنا چاہوں گا کہ ۱۹۴۷ء کے بعد اور قائد کی رحلت کے بعد یہی قائدین جو آج تک موجود ہیں اور ان کا رویہ سیاسی حوالے سے کچھ اچھا نہیں ہے، اگر ان کا سیاسی رویہ صحیح ہوتا ، ان کی رہنمائی صحیح ہوتی، ان کی کارکردگی بہتر ہوتی تو ۵۸ء کا مارشل لاء نہ لگتا اور مسلم لیگ وہ جماعت ہے جس کی قیادت قائد اعظم نے کی ایک سیاسی تحریک سے تخلیق پاکستان کا باعث بنی پھر راتوں رات ری پبلکن پارٹی میں تبدیل ہوئی، لیکن ان کے رویہ میں اس وقت ملال نہ آیا ۔ ان لوگوں نے اس وقت احتجاج نہیں کیا انہوں نے جدوجہد نہیں کی کہ ایک سیاسی جماعت جس نے پاکستان تخلیق کیا ہے راتوں رات بدل گئی ہے اور یہ رویہ اچھا نہیں ہے اور فطرتی طور پر جو غیر جمہوری قوتیں تھیں وہ سر اٹھا رہی تھیں اور بیوروکریٹس نے اقتدار پر قبضہ کر لیا اور بعد میں یہ ملک انہوں نے مارشل لاء کے حوالے کر دیا۔

**سردار بشیر احمد خان ترین،** پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر،** پوائنٹ آف آرڈر بشیر ترین صاحب

**سردار بشیر احمد خان ترین :** ہمارے جتنے مولانا صاحب ہیں وہ اس وقت موجود نہیں ہیں۔ ان کا ذاتی مسئلہ ہے وہ جب حاضر ہوں تو ان کے روبرو یہ باتیں کریں۔

**میاں رضا ربانی،** سر یہ کوئی ان کا ذاتی مسئلہ نہیں ہے۔

**Mr. Presiding Officer:** This is not a point of order and a member cannot be forced to attend the session or the meeting. If any member makes any

remark about him, this is upto him to attend the session or not. This is not a point of order. This is ruled out of order. Yes, please.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جناب والا بات یہ ہے کہ اس صورت حال کو اگر آگے بڑھا کر بھی ہم دیکھتے ہیں تو بہت سارے ہمارے بزرگ رہنما فیلڈ مارشل ایوب خان کی حکومت میں رہے اس کے ساتھ تعاون کیا اور غیر جمہوری قبضہ چھڑانے کے لئے وہ کوشش نہیں کی جو اخلاقی طور پر انہیں کرنی چاہیئے تھی۔ پھر بنیادی جمہوریتوں کے ذریعے، جمہوریت کا ایک خاص فلسفہ انہوں نے دیا اس ملک کی تخلیق کے خلاف جو صورتحال تھی اور پاکستان کی عوام کو بنیادی حقوق سے محروم کر دیا گیا تھا اور یہ قانون جو پولیٹیکل پارٹی ایکٹ ۱۹۶۲ ہے وہ اس کی تصدیق ہے کہ بنیادی طور پر ایک قانونی حق ایک مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر نے دیا اور اس نے ایک قانون کے مسودے سے دلایا۔ جو جس وقت چاہتا اس وقت یہ حقوق سلب کر سکتا تھا اور ان کو یہ توفیق نہیں ہوئی کہ اس کے خلاف بنیادی حق کے طور پر احتجاج کرتے پر کیونکہ تخلیق پاکستان ہی ووٹ سے ہوئی ہے اور پھر سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اس کی نشاندہی کے لئے میں اتنا ہی ضروری سمجھتا ہوں کہ پارلیمان جو کہ ایک ملک میں جمہوریت کا نشان ہوتا ہے اس کی بلڈنگ تک یہ تعمیر نہیں کرا سکے۔ اور فوجی چھپر کے نیچے بیٹھ کر یہ قومی اسمبلی تصور کراتے رہے اور بات ہوتی رہی۔ یہ بڑی عجیب سی ایک بات ہے اس حوالے سے یہاں پر باتیں تو بہت ہوتی ہیں پھر یہی لوگ برسر اقتدار مختلف اشکال میں رہے۔

سردار بشیر احمد خان ترین، پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، جی فرمائیے

سردار بشیر احمد خان ترین، کورم نہیں ہے۔

Mian Raza Rabbani: Sir, if you would recall that there was an understanding on the basis which this entire House is running between the Opposition and the treasury benches that during the Presidential address quorum will not be pointed out. This was the understanding that was reached and I think you were present, Raja Zafar-ul-Haq was also present on behalf of

the Opposition and this was the understanding that was reached, that is why no attempt was made to maintain the quorum.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سردار صاحب آپ پریس نہیں کرتے۔

سردار بشیر احمد خان ترین: جناب چیئرمین صاحب میں نے اس ہاوس کا ایک قانون آپ کے سامنے رکھا ہے۔ آگے کرنا آپ کا کام ہے۔

**Mian Raza Rabbani:** Sir, if this is the way, then none of the agreement will be able to go. The point of order, this is a way of subverting the ruling of the Chair, the point of order which was ruled out of order by you has now been tried to put into effect in this way.

**Mr. Presiding Officer:** Raza Rabbani Sahib, that has got nothing to do with this point of order. This point of order has been raised strictly in accordance with the rules.

میں صرف سردار صاحب سے عرض کروں گا جیسے آفتاب شیخ صاحب نے کہا اور آپ کو کہا آپ اس کو پریس نہ فرمائیں تو زیادہ بہتر ہو گا۔

سردار بشیر احمد خان ترین: سر میں نے ایک ہاوس کا رول اور قانون آپ کے سامنے رکھ دیا فیصلہ کرنا آپ کا کام ہے۔

**Mian Raza Rabbani:** Sir, there are a number of precedents........

**Mr. Presiding Officer:** If the member is insistent, then let the ....

**Mian Raza Rabbani:** Sir, before you do that, I would just say that there are a number of precedents in "Kaul", If you just give me two minutes, I can take it out in which it has been said and there are rulings of the Speaker of the National Assembly to this effect also that until and unless the legislative businessis going on at that time it becomes imperative, but if normal discussion

is taking place, it is upto the Chair to exercise his discretion to see if the quorum is there or not and he can continue with the House.

**Mr. Presiding Officer:** I think the sense of the House is that we should continue and we will continue. Yes, please.

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی:** بات سمجھنے کی یہ ہے کہ اگر ہمارے بزرگوں اور سیاسی رہنما حضرات نے درخشندہ مثالیں اگر اس ملک میں چھوڑی ہوتیں اور ایسے کارنامے چھوڑے ہوتے تو یقیناً یہ خباثتیں، یہ خرافات' اور یہ خرابیاں نہ ہوئیں اور آج ہمیں ان کا مقابلہ نہ کرنا پڑتا یہ صورت حال' ہماری تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جانے والی نہیں ہے اور خصوصی طور پر اس نظام میں' اس آمرانہ نظام میں تو بہت سارے لوگوں نے ان کی مدد کی ہے۔ بلکہ یہاں تک اگر میں کہہ دوں کہ ہماری غلطی ہے کہ ہم اکثر و بیشتر دعوتیں دے دیتے ہیں مارشل لاء کو اور سراہتے ہیں اور ان کے آنے پر جشن مناتے ہیں' اور سیاسی آدمیوں کے قتل پر ہم مٹھائیاں بانٹتے ہیں اس سے بڑی بدبختی اور کیا ہو سکتی ہے۔ سیاسی تحریک سے ایک ملک وجود میں آیا تھا اور ووٹ کی طاقت سے بنا اور اس کے اوپر ایک آمرانہ نظام مسلط کیا جا رہا ہے اور وہ لوگ جو اپنے آپ کو سیاست دان کہتے ہیں جو اکابرین کہتے ہیں' جو رہنما کہتے ہیں وہ یہی کردار ادا کرتے رہے ہیں کہ وہ چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹوں کو آقا مرد مومن اور امیرالمومنین بنانے کی کوشش کرتے رہے ہیں اور باتیں بھی آج وہی زیادہ کرتے ہیں اور پھر اقتدار میں بھی رہتے ہیں۔ اقتدار میں رہ کر انہوں نے اسلام کی کونسی خدمت کی ہے' یہی خدمت کی ہے کہ جو مارشل لاء کو دعوت دے کر اسلام کے نام پر گیارہ سال اس ملک میں وہ تباہی اور بربادی کی گئی جس کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی سب سے بڑی بات یہ ہے کہ آج جو خرافات ہیں آپ مانیں یا نہ مانیں' یہ اسی گیارہ سال کی سیاہ تاریخ کی وجہ سے ہیں' یہاں یہ کلاشنکوف کلچر ہے' یہاں دہشت گردی ہے' یہاں پر لسانیت کے بت کھڑے کر دیئے گئے ہیں جو ایم کیو ایم کی صورت میں ہیں یہ مارشل لاء کی پیداوار ہے جہاں برادریوں کے بت کھڑے جا رہے ہیں جہاں دھن دولت کے بت پیدا ہوگئے ہیں اور چھوٹے بڑے میں تمیز پیدا ہوگئی ہے اس لحاظ سے نہیں کہ زہد و تقویٰ کی بنیاد پر اس لحاظ سے کہ کس کے پاس زیادہ دولت ہے۔ کس کے پاس زیادہ برادری ہے کس کے پاس زیادہ غنڈے ہیں یہ سارے کا

سارا گیارہ سال کے تاریک دور کا کمال ہے۔ اور ایک میں اپنے معزز رکن سینٹ فتح محمد خان کو مبارکباد دیتا ہوں جو انہوں نے بہت خوبصورت بات کی ہے کہ کاش اس ملک میں یہ روایت پیدا ہو جاتی کہ مارشل لاء ایڈمنسٹریٹوں کے بیٹے اور ان کے گھرانوں کو میں اپنے معزز رکن سینٹ فتح محمد کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے ایک بہت خوبصورت بات کی ہے کہ کاش اس ملک میں یہ روایت پیدا ہو جاتی کہ مارشل لا ایڈ منسٹریٹروں کی بیٹے اور ان کے گھرانو ں کو ایک سزا ملتی ان کے خلاف قانون بنا یا جاتا یہاں پر یہ ہے کہ ان کے بیٹے یہاں پر ڈپٹی لیڈر بنے ہوئے ہیں ان کے بیٹے سیاسی جماعتوں میں اکابرین تصور کئے جارہے ہیں اور co-ordinator لگے ہوئے ہیں اور ان کو پوچھنے والا کوئی نہیں ہے کہ تمھارے باپ نے یا تمھارے اکابرین نے اس ملک کے ساتھ کیا واردات نہیں کی ایک مارشل لا ایڈ منسٹریٹر نے 10 سال تک اس ملک میں اس کو جاری و ساری رکھا وہی آج کہتے ہیں کہ اب ہم ہیں سیاستدان اور ہم ہیں مالک اور وہی بچانے والے اس ملک کو اب پیدا ہو گئے یہ دوغلا پن ہے اور دوغلی سوچ ہے جو لوگ آج بھی ان کو سپورٹ کرتے ہیں بنیادی طور پر ان کے اندر اب بھی مارشل لا ہے اور یہاں پر مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ یہاں ایک معزز رکن نے کہا کہ آپ کے رویے کی وجہ سے ہم تو اب بھی چاہتے ہیں کہ مارشل لا ہوتا تو بہت بہتر ہوتا اور آپ اس رویے کے حقدار تھے یا آپ کو اگر اس طرح سے اذیتیں پہنچائی گئی ہوں تو آپ حقدار ہوتے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کیا یہی جمہوریت ہے اور جمہوری سوچ ہے

جناب پریذائڈنگ آفیسر ۔ جی فضل آغا صاحب on point of order۔

سید محمد فضل آغا ۔ جناب والا! ہم بھی اس وقت سے موجود ہیں کل سے یا پرسوں سے جب سے یہ بحث چل رہی ہے کسی نے بھی یہ نہیں کہا کہ ہم مارشل لاء چاہتے ہیں۔

جناب ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی ۔ تو پھر آپ point of personal explanation آ جائیں اگر کہیں تو میں کہہ دیتا ہوں آپ ڈیبیٹ اٹھا کر دیکھ لیں اور پڑھ کر دیکھیں اس میں یہ بات اگر نہ کہی گئی ہو تو تب آپ کہیں

جناب پریذائڈنگ آفیسر ۔ ڈاکٹر صاحب آپ تشریف رکھیں He is on a point of order. Yes

سید محمد فضل آغا ۔ جناب میری گزارش یہ ہے کہ ہاؤس کے ماحول کو اس قسم کے

الزامات اس طرف سے یا اس طرف سے لگا کر خراب نہیں کرنا چاہیئے یہ بحث چل رہی ہے اور بہت اچھے ماحول میں باتیں ہو رہی ہیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ غیر ضروری الزامات ہیں ان کو حذف کیا جائے یہ کسی نے نہیں کہا ہے نہ اس طرف سے اور نہ اس طرف سے کہ ہم مارشل لاء کے روا دار ہیں مارشل لا کا روادار کوئی نہیں ہے ہر طرف سے لوگ جمہوریت چاہتے ہیں لیکن جمہوریت کی حد میں رہ کر ہم جمہوریت چاہتے ہیں جمہوریت کے نام پر Exploitaion نہیں چاہتے ہیں۔

**جناب پریذائڈنگ آفیسر** ۔ یہ کسی نے نہیں کہا تھا کہ ہم مارشل لاء کو چاہتے ہیں میرا خیال ہے کہ جتنے سپیکر صاحبان نے تقریر فرمائی ہے کسی نے نہیں کہا کہ ہم مارشل لانا چاہتے ہیں The position is expained, you continoue please۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی** ۔ جناب والا! اصل میں اگر ہم نے واقعتاً سیاسی بننا ہے اور سیاسی سوچ کے ساتھ چلنا ہے جو ہمارا قائد آپ کے سر پر اور ہمارے سر پر ہے اس کے مطابق جو انہوں نے یہ جدو جہد کی تھی اور جو طریقہ کار انہوں نے وضع کیا تھا۔ اگر اس پر چلنا ہے تو ہمارا بنیادی فرض تھا دو طرف سے چاہے وہ اپوزیشن ہو چاہے گورنمنٹ ہو سیاسی طور پر ہم تمام اس ایوان میں اس لئے بیٹھے ہیں تا کہ ہم عوام الناس کے دکھ اور رنج اور تکلیفیں دور کرنے کا بندوبست کریں مل جل کر وہ چیز سوچیں جس سے ہم آسائشیں مہیا کر سکتے ہیں جس میں ہم ملکی سالمیت کو بر قرار رکھ سکتے ہیں جس سے ہم اس ملک کے عزت اور احترام بین الاقوامی سطح پر قائم رکھ سکتے ہیں تو یہ بنیادی ایک فلسفہ ہے اگر ہم واقعی اپنے آپ کو یہ کہتے ہیں کہ ہم جمہوری ہیں تو میں ان چند مسائل کی نشاندہی کرنا چاہتا ہوں جن پر میرے خیال میں قوم کو اختلافات نہیں ہیں لیکن ہمیں اختلاف ہے وہ کون سا مسئلہ ہے کشمیر کے مسئلے پر ساری قوم اتفاق کرتی ہے کہ یہ UNO کی قراردادوں کے مطابق ان کو آزادی ملنی چاہئیے اور plebiscite ہونا چاہئیے ان کا یہ بنیادی حق ہے یہ فیصلہ شدہ بات ہے جواہر لال نہرو نے تسلیم کیا تھا پاکستان نے تسلیم کیا تھا اور بین الاقوامی سطح پر تمام ممالک اس پر متفق ہیں کہ یہ UNO کی ریزولوشن پاس شدہ ہے لیکن اس میں بھی ہم کیڑے نکالتے ہیں یہ افسوس کا مقام ہے بلکہ جو جس قدر اس کے بارے میں محنت کرے کوشش کرے یہ ہمارا بنیادی قومی فریضہ ہے چاہے وہ اپوزیشن ہو چاہے وہ گورنمنٹ ہو ایک ہی رخ پر اپنی قوم کی بنیادی سوچ کے ساتھ چلنا چاہئیے تھا لیکن یہاں پر کیڑے

نکالے جاتے ہیں کہ جی کشمیر بورڈ اٹھا لئے گئے ہیں جی کشمیر کو بیچ دیا گیا جی negotiation ہو گئی یہ افسوس کا مقام ہے

اور دوسرا ہمارا ایٹمی توانائی کا پروگرام ہے ہمارا اس پر بھی کیا کیا نہیں کہا جاتا اس پر ہمارا اتفاق ہونا چاہئیے یہ ایک قوم کا پروگرام ہے یہ نہ حکومت کا پروگرام ہے نہ اپوزیشن کا پروگرام ہے یہ قومی مسئلہ ہے اور اس سے ہماری سالمیت وابستہ ہے کہ آج کے دور میں جب تک آپ اس میدان میں اتنے خود کفیل نہ ہوں گے کہ اپنی سالمیت کو برقرار رکھ سکیں آپ کی ضرورت ہے تو آپ کا مقام کہیں نہیں ہوگا ۔ آپ کے پڑوسی اور خصوصی طور پر بھارت کے حوالے سے میں کہوں گا کہ وہ آپ کی کسی کمزوری سے جب بھی اسے یہ نظر آئے گا ضرور فائدہ اٹھائے گا اور اس پاکستان کو وہ ٹکڑے کرنے کے درپے ہے پہلے بھی تھا اور کامیاب ہوا اس سازش میں پھر وہ کامیاب رہے گا اس لئے اس پر ہماری ایک بھاری اور قومی متفقہ سوچ ہے لیکن افسوس کہ ہم ممبران کی سوچ یا ان عمائدین کی سوچ یا ہمارے رہنماؤں کی سوچ اس میں اختلاف ہے اس میں اختلاف نہیں ہونا چاہیے تھا۔

اس کے بعد اب کراچی کا مسئلہ ہے میں ابھی تھوڑا آپ سے وقت لوں گا اور اس حوالے سے میں بات کرنا چاہتا ہوں ۔ ہم مسلمان ہیں جب ہم یہ کہتے ہیں کہ لاالہ اللہ محمد رسول اللہ تو اس وقت اقرار کرتے ہیں کہ اللہ کے بغیر کوئی الہ نہیں ہم کسی کو معبود نہیں مانتے ۔ جب یہ کہتے ہیں میری ان دینی رہنماؤں سے یا دینی جماعتوں کے سربراہان سے یہ ایک گزارش ہے کہ اس پر آپ دینی حوالے سے یہ بات کریں کہ جو گروپ یا پارٹی ایک لسانی حوالے سے بنتی ہے کیا وہ دین کے حوالے سے درست ہے یا غلط ہے افسوس ہے کہ یہاں پر وہ اس کمزوری کے ساتھ اس ڈر اور خوف کے ساتھ یہ بات کبھی برملا نہیں کہیں گے کہ یہ دین کے حوالے سے بھی غلط ہے ۔ کسی لسانی حوالے سے نہ قومیتیں بنتی ہیں نہ پارٹیاں بنتی ہیں نہ یہ اخلاق کے دائرے میں آتی ہیں ، نہ یہ ملک کے حوالے سے درست ہیں ، نہ جمہوری نظام کے حوالے سے اور پھر بات سمجھ میں آتی ہے کہ یہ بھی انہیں پتہ ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ الطاف حسین اور اس کا گروپ دہشت گرد ہے ۔ اور جو تمام اس خرابی کا ذمہ دار ہے اور یہ میں نہیں کہتا یہ میاں نواز شریف 1992 میں اپنے منہ سے کہہ چکے ہیں کہ الطاف حسین دہشت گرد ہے اور اسی وجہ سے اس نے ملٹری آپریشن کراچی میں کرایا عقوبت خانے کھولے اور اسی ڈر کی وجہ سے الطاف حسین پاکستان سے

بھاگ کر لندن میں پناہ گزیں ہوا ہے ۔ اس حوالے سے ہم نے بھی یہ کہا ہے اب بات یہ ہے کہ آج کے حوالے سے اگر بات کریں تو یہ دوغلا پن ہمیں چھوڑنا پڑے گا۔ قائد ایوان' حزب اختلاف کے قائد میاں نواز شریف اب وہی اپنے حوالے سے یہ بات کریں 1992 میں کئی گئی بات غلط تھی یا آج کے حوالے سے وہ کہیں کہ میں درست ہوں تو یہ ثابت کریں کہ 1992 میں جو انہوں نے ملٹری آپریشن کرایا تھا اور جو انہوں نے الطاف حسین کو دہشت گرد قرار دیا تھا اور اس کو درست دہشت گرد کہا تھا وہ غلط کہا تھا اور اس کے دور میں جتنے بھی مقدمات درج ہوئے وہ سارے جھوٹے تھے اور قوم سے معافی مانگیں ۔ ورنہ بصورت دیگر اسے میں منافقت کہتا ہوں دوغلا پن ہے اور ملک کے ساتھ زیادتی ہے ۔ کہ ایک شخص ایک وقت میں ایک زبان سے یہ بات کہتا ہے اور پھر اسی سے اپنے اقتدار کے حصول کے لئے اور انتشار ملک میں پھیلانے کے لئے اور عوام کو تسلیم نہ کرتے ہوئے کہ عوام نے ہمیں پانچ سال کا مینڈیٹ دیا ہے اور وہ میدان میں ہارا ہے صاف شفاف الیکشن ہوئے ہیں اب اسے upset کرنا عوام کی توہین کرنے کے مترادف ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اسے جمہوری حالات پر حق حاصل ہے۔ لیکن یہ حق حاصل نہیں جس کو کل وہ دہشت گرد کہتا ہے ' جس سے سارا خرابہ ہو رہا ہے معاشرت اور معیشت پر اثرانداز ہو رہا ہے آج اس کو محب وطن کا سرٹیفکیٹ دیتا ہے صرف اقتدار کی خاطر تحریک چلانے کی خاطر میرے پاس یہ خطوط ہیں وہ میں خطوط آج میں ساتھ نہیں لا سکا

**جناب پریذائڈنگ آفیسر ؛** Please try to conculed now ڈاکٹر صاحب پندرہ منٹ ہو چکے ہیں جی ڈاکٹر صاحب

**ڈاکٹرشیر افگن خان نیازی ؛** جناب والا، بات یہ ہے کہ وہ خطوط میں آپ کے سیکرٹریٹ کو دے دیتا ہوں جس کے لئے مجھے وقت چاہیے۔ میرے پاس ۱۷ خطوط ہیں ۔ جس میں میاں صاحب نے الیکشن ہارنے کے بعد ایم کیو ایم کے بارے میں جو باتیں لکھی ہیں آپ کے سامنے تھوڑے سے میں ان کے اقتباسات پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ خطوط میرے پاس ہیں ۔ ان میں نام اور سارا کچھ لکھا ہوا ہے۔ یہ خط انہوں نے 30th November 1993 کو' ایک ان کا مسلم لیگ کا ساتھی تھا ---

**سید محمد فضل آغا۔** جناب والا' پارلیمنٹ کے دوسرے ایوان کے معزز اراکین جو اس

ایوان میں اپنا دفاع نہیں کر سکتے ، میں سمجھتا ہوں کہ ان کا نام لے کر یا ان کے متعلق ایسی دستاویزات پیش کرنا اس ایوان کے رولز کے خلاف ہے کیونکہ وہ اس ایوان میں اپنا دفاع نہیں کر سکتے اس لئے میں ڈاکٹر صاحب اور آپ سے گزارش کروں گا کہ میاں نواز شریف کا نام بھی حذف کیا جائے اور یہ دستاویزات ، پتہ نہیں صحیح یا غلط، پیش کر رہے ہیں یہ غیر متعلقہ ہیں ---

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی**۔ یہ میری ذمہ داری ہوگی جس نے یہ دستاویزات پیش کی ہیں آپ مقدمہ کریں اور اس میں جو مرضی آئے میرے خلاف کہیں ۔ جناب والا، یہ 30th November 1993 کا خط ہے --

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ ڈاکٹر صاحب، آپ نے تجویز فرمایا تھا کہ وہ دے دیں گے، وہ دے دیں اس لئے کہ یہ سلسلہ بہت لمبا ہو جائے گا اور وقت ختم ہو رہا ہے ۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی**۔ جناب والا، آپ ایک اقتباس تو سن لیں تاکہ ان کو بھی پتہ ہو کہ " میرا تجربہ ہے کہ الطاف حسین ایک لالچی ، جاہ پسند اور ناقابل اعتبار شخصیت ہے جس پر بھروسہ کرنا اور حماقت کرنا ایک ہی بات ہے ۔ بہرحال آپ کے تعلقات سے یقیناً" فائدہ اٹھاؤں گا بس یہ درخواست ضرور کروں گا کہ اس وقت پارٹی کو آپ جیسے ذہین اور اصول پسند لوگوں کی سخت ضرورت ہے" میرے پاس اس کا پورا ریکارڈ ہے ۔ اب دوسرا خط ہے 31st December, 1993 کا یہ نوابزادہ انیس صاحب کا ہے --

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ ڈاکٹر صاحب ، یہ فرمائیے کہ یہ خط آپ کے پاس کیسے آیا؟

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی**۔وہ بھی آپ کو بتاؤں گا۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ آفتاب احمد شیخ ، پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب آفتاب احمد شیخ**۔ جو بات ہمارے معزز سینٹر سید محمد فضل آغا صاحب نے ابھی کہی اس کے حوالے سے Rule 200 Sub Clause 3(g) pag e 84 دیکھ لیں ۔ نہ الطاف حسین یہاں موجود ہیں اور نہ میاں نواز شریف یہاں موجود ہیں ۔

(مداخلت)

**Mian Raza Rabbani:** Sir, if this rule was to be implemented in the light of what they have said, then more than half of the speeches of the members of the Opposition will show a blank in the record because they have been making wild and baseless accusations against for example, Mr. Asif Ali Zardari, against other MNAs of Peoples Party, who cannot defend themself on the floor of this House. There was just now the speech of Mr. Mandokhel in which he was talking about stables and so on and so forth. So, then there will be nothing at all which would be on the record, as far as, their speeches are concerned. If that be the rationale that is to be applied.

**Mr. Aftab Ahmed Sheikh:** The objection of the Law Minister is well taken. He should have risen at that time. He should have objected at the proper time.

**Mian Raza Rabbani:** That is not the point. The point is that we do not seek to take shelter of rules because our hands are clean. We want the facts to come on the floor of the House so that we can defend those facts in front of the people because we have come with clean hands. They are the people who have itinted hands. It is people who have *mala fide* intentions that they are scared of the fact being placed on the table. They are scared of the facts being spoken on the floor of the House that is why they take the shelter of the rules. Otherwise, if that has been the fact I would have taken the shelter of the rules at that time.

**Mr. Aftab Ahmed Sheikh:** Mr. Chairman, I want a ruling from you, I have quoted the rule. I want a ruling from you.

Mr. Presiding Officer: Please take your seat. So far this point is concerned, this is rule 200(g) which says :

"unnecessarily to cast relfection on the conduct of any person who cannot defend himself before the Senate;"

Yes, the rule is there. The word is 'unnecessarily', No. 1. No. 2, if we go by that then anybody whoever has held any public office his actions cannot be challenged. This has not been the precedent of the House that the actions of the persons who have been holding offices previously cannot be discussed while discussing the Address of the President. In the Address of the President the members have been discussing the actions taken by the previous Prime Ministers , previous Presidents and others. So, I rule out this point of order and allow Mr. Sher Afgan to continue but there should be no personal remarks.

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: I bow before your ruling Mr. Chairman because you have given the ruling but that will be relevant and applicable as regards Mr. Nawaz Sharif because he has held the public office. But my submission is that because the thrust of your ruling is that because Mr. Nawaz Sharif has held an office and he cannot be above criticism and therefore the Minister from that side who is now speaking has a right to criticise but in the same breath he is also criticising a person who has never been Member of this House or of the National Assembly.

Mr. Presiding Officer: You mean to say that Altaf Hussain is not here so he should not be criticised. That is your point?

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: And I think these observations and the ruling given by you Mr. Chairman leave this part of my objection still open

because we have only said that Mr. Nawaz Sharif being a public functionary held an office, he is open, he is subject to all criticism from that side - O.K., but a person who has not held any office. This is my submission.

Mr. Presiding Officer: Yes, about him there should be no personal remarks.

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Thank you Mr. Chairman

Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman Sir, no - this is not correct.

No. 1. What Mr. Aftab Sheikh did was highly irregular to try and interpret your ruling that was given by you.

No. 2. The point is that he cannot obstruct what is being said even if he goes strictly according to his own interpretation. What is being said is not the view of the honourable Minister. He is reading out the view of Mr. Nawaz Sharif who was holding public office. So *stricto senso* even according to his interpretation he cannot block what the honourable Minsiter is saying about Mr. Altaf Hussain, No.1. No. 2 Mr. Altaf Hussain professes to be a leader of public opinion, professes to lead a political party, professes to lead a party which has a role to play in the context of Sindh politics. So, therefore, his role as a political leader can be discussed on the floor of the House when members of his party are present to defend him.

Mr. Presiding Officer: But there should be no personal discussions.

Mian Raza Rabbani: No personal remarks, Sir.

Mr. Presiding Officer: Yes Imdad Ali Awan is on a point of order.

Mr. Imdad Ali Awan: Thank you Mr. Chairman. I will draw your attention to Rule 31. It says :

"Scope of discussion on Presidential Address. On the day allotted under Rule 30 the Senate may discuss the matter referred to in such address on a motion of thanks moved by a member". Now I will draw your honour's attention to para 3 of the Presidential Address, Para 3 says the President has said in his Address, recognizing the gravity and depth of problems that have haunted Karachi for over a decade, the Government initiated discussions with the MQM, when the word MQM is there and prolem has been pointed out then either they should say that Altaf Hussain does not lead MQM. If Altaf is part and parcel of MQM, then they should say whether he is not the part and parcel of the MQM.

**Mr. Presiding Officer:** It is not a point of order, the point of order is over ruled. Yes please continue.

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔** جناب والا! گزارش یہ ہے کہ یہ آخری پیراگراف ہے 31 دسمبر 1993ء کو جو میاں صاحب نے خط لکھا ۔ جہاں تک انتخابات میں شکست کا تعلق ہے تو اس میں سب سے زیادہ ہاتھ قاضی حسین صاحب کا ہے جس نے کسی کے اشارے پر دانستہ ہمارے ووٹ کاٹے گو کہ ہم نے اس مرتبہ 11 لاکھ زیادہ ووٹ حاصل کئے تاہم آپ کی اس بات پر میں مکمل اتفاق کرتا ہوں کہ حکومت زیادہ ووٹوں سے نہیں بلکہ ممبران سے بنتی ہے ۔ یہی بد بخت قاضی ہے جسے میں نے کروڑوں روپے بھی دیا تھا جسے یہ ہضم کر گیا ۔ جہاں تک صدارتی انتخاب کا تعلق ہے تو اس میں ہمیں قاتل مہاجر اور ذلیل انسان الطاف حسین نے بالکل آخری وقت میں دھوکہ دیا میں بہر حال اس سے اس کا بدلہ ضرور لوں گا ' میں فرزند پنجاب ہوں اور پنجابی اپنا بدلہ کبھی نہیں چھوڑتا۔

**Mr. Presiding Officer:** Dr. Sahib what is the authenticity of these letters? Although these are coming from the Minister but what is the

authenticity?

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ جناب والا! میرے پاس اخبار ہے جس پر پورے صفحے پر باقاعدہ جس کے نام لکھے ہوئے ہیں انہوں نے اپنا انٹرویو دیا ہے یکم ستمبر 1995 ، کا یہ حریت ' کراچی کا ہے ۔ اس نے باقاعدہ پورا چھاپا ہے اور خود اس نے چیلنج کیا ہے اپنے انٹرویو میں کہ جناب یہ مجھے لکھے گئے ہیں اور درست ہیں۔

Mr. Presiding Officer: Please pass on to the next point. You are concluding, now please wind up.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ جناب اگلا پوائنٹ یہ ہے اور بہت ساری چیزیں میں آپ کے حوالے کرتا ہوں ۔ دوسرا پوائنٹ یہ ہے کہ یہیں پر اس ایوان میں ایک بات ہوئی ہے کہ دینی جماعتیں اور غیر دینی جماعتیں یا سیاسی جماعتیں ' دینی جماعتوں کے حوالے سے میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ تاریخ پاکستان میں یہ ثابت ہے کہ یہ ایک سیاسی پارٹی نے قائداعظم محمد علی جناح کی رہنمائی میں اس کے رفقاء کار کے ساتھ جنگ لڑی سیاسی ' قانونی اور دستوری جنگ لڑی اور پھر دینی حوالے سے موجود جنوبی ایشیا میں اس وقت undivided India میں جو ان کا کردار (اکثریت کا) رہا ہے وہ بھی آپ کے سامنے ' ہمارے سامنے ہے کہ تاریخ پاکستان کو ختم کرنے کے لئے انہوں نے ایڑی چوٹی کا زور لگایا اور دین کے حوالے سے ملت اسلامی نے ' اس ملک کے حصول کے لئے جو کوششیں تھیں discourage نہیں کیا بلکہ روڑے اٹکائے اور کثرت سے یہ کہا جاتا ہے کہ وہ جماعتیں کامیاب نہیں ہوئیں وہ ناکام ہوئیں ۔ اب کیا کرتے ہیں پہلی بات یہ ہے کہ اسی حوالے سے یہ کبھی پاکستان قومی اتحاد بنا لیتے ہیں اور دوسری جماعتوں کو ساتھ اس لحاظ سے کہ اقتدار چھین لیا جائے سیاسی پارٹی سے یا کبھی کسی اسلامی جمہوری اتحاد کی صورت حال بنا لیتے ہیں ۔ بات سمجھنے کی یہ ہے کہ جناب والا! دینی حوالے سے یہ جو بات یہاں ہو رہی ہے میرا یہ خیال ہے اور میں یہ بر ملا کہتا ہوں کہ یہ بھی اس ملک کے لئے اچھی بات نہیں ہے اور اس میں ایک زہر ہے اور زہر میں آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں کہ انہیں دینی جماعتوں کے حوالوں سے ہمارے عوام الناس اور پاکستان کے عوام کو انہوں نے مختلف ٹکڑیوں میں بانٹا ہے اور بانٹنے کی کوشش کرتے ہیں اور دین کے حوالے سے ہمارے نازک اور باریک جذبات سے فائدہ اٹھا کر

ہمیں پیچھے لگا کر اپنی قوت اور اقتدار کی خاطر بھینٹ چڑھا رہے ہیں اور جب بھی یہ صورتحال-----

Mr. Presiding Officer: Please resume your seat. Now, Maulana Sami-ul-Haq, he is absent then Syed Muhammad Fazal Agha.

شروع کریں۔

**سید محمد فضل آغا،** جناب والا! نماز کا وقت ہونے والا ہے۔ اس لئے میں ابھی شروع نہیں کرسکتا۔

**جناب پریزائیڈنگ آفیسر،** یہ آپ کے interest میں تھا کہ آپ شروع کرتے اور کل continue کرتے۔ بہرحال اگر آپ شروع نہیں کرنا چاہتے تو میرا خیال ہے now we should adjourn. This is upto you.

**سید محمد فضل آغا،** اچھا جناب آپ کہتے ہیں تو میں دو چار منٹ بات کر لیتا ہوں۔

**جناب پریزائیڈنگ آفیسر،** دو چار منٹ بات کرلیں اور پھر ہم adjourn کریں گے۔

**سید محمد فضل آغا،** شکریہ جناب چیئرمین! میں مشکور ہوں کہ آپ نے پارلیمنٹ پر جناب صدر صاحب کے خطاب پر مجھے بولنے کا موقع دیا ہے اور اس سلسلے میں چند گزارشات یہ ہیں ۔ مجھے خوشی ہے کہ کم از کم حکومت نے بر سر اقتدار آنے کے بعد صرف دو دفعہ joint session بلایا ہے۔ پچھلے سال صدر کے خطاب پر اور اس سال صدر کے خطاب پر اور اس کے علاوہ درمیان کے period میں موجودہ حکومت کو کبھی یہ جرآت نہیں ہو سکی کہ قومی معاملات میں پارلیمنٹ کو اعتماد میں لے یا کوئی مشترکہ اجلاس بلایا جائے۔ اس حوالے سے کم از کم اس نیشنل اسمبلی کے ایوان کو یہ اعزاز تو نصیب ہوا کہ دو ہی دفعہ سال کے بعد صدر صاحب کے joint session پر انہوں نے دو ایوانوں کو اکٹھا بیٹھنے کا موقع دیا۔ جناب اگر آپ نے جناب محترم صدر صاحب کی تقریر پوری پڑھی ہو، مجھے ایک تو یہ سمجھ میں نہیں آتا ہے کہ پچھلے سال کے بے حساب لمبے چوڑے پلندے کی تقریر پر خطاب مبنی تھا' اس سال انہوں نے اختصار سے کام لے کر پانچ صفحے کی تقریر کی ہے ۔ یہ بھی حکومت کی پالیسیوں کی ناکامی کی غماضی بجا طور پر کرتی ہے۔ اس لئے کے حکومت کے پاس کچھ تھا نہیں جو صدر کے صاحب کے سامنے رکھتے یا صدر صاحب وہ قصیدہ پارلیمنٹ کے سامنے پڑھتے۔ یہ میں سمجھتا ہوں کہ اپنے لحاظ سے انہوں نے بڑی

سمجھداری سے کام لیا اور صدر صاحب کو کافی مشکلات سے بچایا ہے۔ لیکن اس سارے مسودے سے جب آپ گزرتے ہیں یہ پانچ چھ صفحات پر مشتمل جو تقریر صدر صاحب کی ہے اگر آپ بھی اس پر نظر دوڑاتے ہیں تو اس میں کچھ بھی پڑھنے کو نہیں ملتا ہے۔ جسے کہا جائے کہ food for thought ، کچھ بھی نہیں ہے۔ جس طرح صبح سخی مختیار صاحب نے بھی explain کیا اور آئین کا تقاضا بھی ہے-----

Mr. Presiding Officer: Please take you seat now. The House is adjourned for tomorrow to meet at 9.30 A.M.

-----------------

*[The House then adjourned to meet again at 9.30 a.m. on Tuesday the 21st November, 1995.]*

-----------------